رکھا۔محمد غوری نے اپنی سلطنت کی توسیع کے ارادہ سے ملتان کا محاصرہ کرتے ہوئے اپنے حملوں کا آغاز کیا۔ملتان کے علاقہ کو فتح کرنے کے بعد گجرات کے انل واڈا پر حملہ کیا مگر یہ حملہ ناکام ہوگیا۔اس سے پست ہمت ہوکر پنجاب کے علاقے پیشاور پر حملہ کیا۔اس کے بعد خسرو ملک سے لاہور پر قبضہ کرلیا۔اس طرح وہ پنجاب میں طاقتور بن گیا۔پشاور کو اس نے اپنا فوجی مرکز بنالیا۔اس وجہ سے پنجاب کا پڑوسی علاقہ دہلی اور اجمیر پر حملہ کرنے کی کوشش کی راجپوت بادشاہ پرتھوی راج چوہان کے ساتھ پہلی ترائن لڑائی ہار گیا۔دوبارہ ہوئی ترائن لڑائی میں پرتھوی راج چوہان کو شکست دی۔غوری کا سپہ سالار قطب الدین ایبک نے دہلی پر قبضہ کرتے ہوئے گنگا کے زرخیز میدانوں میں رہنے والے دیگر راجپوت راجاؤں کو ہرا کر غور سلطنت کی توسیع کی ۔اس طرح شمالی ہند میں ترکوں کی حکومت وانتظامیہ کا آغاز ہوا۔ہندوستان کا انتظامیہ سنبھالنے کے لئے اپنے وفادار غلام قطب الدین ایبک کو اپنا جانشین بنایا ہندوستان کے راجپوت راجاؤں میں اتحاد نہ ہونے کی وجہ سے غور حکومت کی توسیع کا سبب بنا۔

سلاطین دہلی (1206 سے 1526 صدی تک)

غلام، خلجی، تغلق، سید اور لودھی خاندانوں نے دہلی پر حکومت کی۔

سلطنت غلامان:

قطب الدین ایبک نے ہندوستان میں مسلمانوں کی حکومت کو آگے بڑھایا ایبک اور اس کے بعد اس کے جانشین جو کہ سب غلام تھے اس لئے ایبک کی اس قائم کردہ حکومت کو غلام سلاطین کا نام دیا گیا۔



قطب مینار

آپ کو معلوم رہے۔

قطب مینار: قطب مینار جو دہلی میں ہے وہ ہندوستان کا سب سے بلند مینار ہے۔ اس کو قطب الدین ایبک نے تعمیر کرنا شروع کیا اور التمش نے مکمل کیا۔یہ 225 فیٹ لمبا ہے اس کے اوپر کھدائی یا نقش ہے۔اس کے پانچ درجوں تک سیڑھیاں ہیں۔

قطب الدین ایبک:

افغانستان کے ترکوں کی نسل سے تعلق رکھنے والے قطب الدین کو اس کے والدین نے نیشاپور کے قاضی کے ہاتھوں غلام بنا کر فروخت کیا تھا۔قطب الدین ایبک فارسی اور عربی زبانوں کے ساتھ ساتھ تیراندازی،

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

شہسواری کے ساتھ ساتھ فوجی تربیت میں ماہر تھا۔ غزنہ کا گورنر محمد غوری نے اسے ایک غلام کی طرح خرید لیا۔ ایبک جس وقت غزنہ میں قیام کیا تھا۔ اس وقت محمد غوری اُس کی بہادری سے بہت متاثر ہوا۔ ترائن کی دوسری جنگ کے بعد ہندوستان پر حملوں کی ذمہ داری اسے دی گئی۔ ایبک محمد غوری کے زمانے میں شمالی ہندوستان کا گورنر بنا۔ غوری کی وفات کے بعد اس نے خودمختاری کا اعلان کر دیا۔ اقتدار سنبھالنے کے بعد اپنا مقام مضبوط کرنے کے لئے اس نے تاج الدین یلدوز کی بیٹی سے شادی کی۔ ناصر الدین کڑچا کے خلاف لڑا۔

ایبک نے دہلی میں قوۃ الاسلام نامی مسجد تعمیر کروائی۔ اس نے دہلی میں قطب مینار تعمیر کرنا شروع کیا۔ اس کے دربار میں علماء نظامی اور مدبر فقیہ تھے۔ 'تاج المآثر' ایبک سے متعلق معلومات کا ذخیرہ رکھنے والی کتاب ہے۔

التمش: البری خاندان سے اس کا تعلق تھا اور قطب الدین ایبک کا غلام تھا۔ یہ گوالیار کا انتظام سنبھالتا تھا بعد میں قطب الدین کا جانشین بنا۔

التمش کے بادشاہ بن جانے کو نہ سہتے ہوئے غزنہ کا بادشاہ تاج الدین ایلدوز اور سندھ کا بادشاہ ناصر الدین قباچہ نے اس کے خلاف بغاوت کر دی۔ التمش نے ان دونوں سے لڑائی کرتے ہوئے ان دونوں کو ہرایا اور اس کے بعد رانا تھم بور مانڈورا، گوالیار، بھلسا، اجمیر، بنارس اور قنوج شہروں پر قبضہ کر لیا۔ ہندوستان پر پہلی مرتبہ منگولوں نے چینگز خاں کی قیادت میں حملہ کیا۔ التمش نے کامیابی سے اُنہیں پیچھے ہٹنے پر مجبور کیا۔ ان کامیابیوں کے نتیجے میں خلیفہ بغداد نے خط کے ذریعہ التمش کو مکمل اختیار دینے کا اعلان کر دیا۔

التمش نے اپنی حکومت کو کئی ایک اقطاع (ضلعوں) میں تقسیم کیا۔ ان ضلعوں کے انتظامیہ کے لیے اس نے اقطاع دار (حاکموں) کا انتظام کیا۔ انتظامیہ میں اسے صلاح و مشورہ دینے کے لیے چالیس غلاموں کی جماعت کو بھی نامزد کیا۔ وزیر اعظم اور جج بھی (مصنف) بھی اسے مشورہ دیتے رہتے۔ التمش نے سونے اور چاندی کے سکوں کے چلن کو جاری کیا۔ اس نے قطب الدین کے زمانہ حکومت میں جس قطب مینار کی تعمیر شروع ہوئی تھی اسے مکمل کیا۔

رضیہ سلطانہ:

التمش کا بیٹا رکن الدین فیروز نااہل ہونے کی وجہ سے اس کی بیٹی رضیہ بیگم اس کی جانشین بنی۔ وہ دہلی کی سلطنت پر تخت نشین ہونے والی پہلی خاتون تھی۔ سلطانہ کے نام کا اعزاز پا کر مردوں کی طرح لباس پہنتی اور باقاعدہ جنگوں میں شریک ہوتی تھی۔ سندھ سے لیکر بنگال تک کے وسیع علاقے تک اپنے اقتدار کو پھیلائے رکھی۔ اس کی ترقی سے حسد کر کے بعض علاقائی افسروں نے اس سے بغاوت کی اور اس کا قتل کر دیا۔

© DTEB NOT TO BE PUBLISHED

غیاث الدین بلبن:

دہلی حکومت میں التمش کا غلام بلبن جو اپنے آقا کا وفادار تھا عقلمند اور کئی خوبیوں کا مالک تھا۔ ترک غلاموں کا ایک رکن بنا۔ رضیہ سلطانہ کے دربار میں یہ امیرِ شکار کے عہدے پر مامور ہوا۔

بے وفا ترکی سرداروں کو قابو کیا۔ منگولوں کے حملہ کو روکنے میں کامیاب رہا اور ریاست میں امن وشانتی کا ماحول پیدا کیا۔ شاہی دربار میں روایات و پاسداری کا چلن عام کیا۔ یہ افغانی انداز کا شاندار لباس پہنا کرتا۔ اس نے خود کو خلیفۃ اللہ قرار دے کر بلا روک ٹوک حکومت کرتے ہوئے مطلق بادشاہیت کو قائم کیا۔ تجربہ کار اور قابلِ اعتماد سپہ سالاروں کے ذریعہ پھر سے تازہ دم فوج تیار کی۔ اس نے ان لوگوں سے زمین واپس لے لی جنہوں نے بطورِ تحفہ حاصل کی گئی زمین کا لگان ادا نہیں کیا۔ مغلوں کے حملوں سے اپنی حکومت کو بچانے کے لیے سرحدی علاقوں میں قلعے تعمیر کئے۔ نہایت قابل حکمران تھا۔ بلبن کے بعد سلطان کیقباد جو اپنے وزیر کے ہاتھوں مارا گیا۔ جس کے ساتھ ہی ہندوستان میں خاندان غلامان کا خاتمہ ہو گیا۔

خلجی خاندان (1290 سے 1320 سن عیسوی تک):

خلجی خاندان کی حکومت کا بانی جلال الدین تھا۔ یہ ایک نہایت رحم دل آدمی تھا اور نرم گفتار تھا لہٰذا حکومت کے دیگر افسران نے اس کے خلاف سازشیں کرتے ہوئے طاقتور بن بیٹھے آگے چل کر علاؤالدین نے اس کا قتل کیا اور دہلی کا سلطان بن گیا۔

علاؤالدین خلجی:

یہ جلال الدین خلجی کے زیر سایہ اپنا بچپن گذار۔ یہ ایک بہادر فوجی تھا یہ گورنر اور فوج کا سپہ سالار بھی بنا۔ سپہ سالار کی حیثیت سے اس نے مالوہ، بھلسہ اور دیوگری پر حملوں میں بے حساب دولت لوٹ لیا۔ اس نے اپنے رہنما اور سرپرست جلال الدین کا قتل کیا اور اس طرح علاؤالدین دہلی کا بادشاہ بن بیٹھا۔

علاؤالدین نے نہ صرف منگولوں کے حملوں کو ناکام کیا اور انہیں پس پا کرنے میں کامیابی حاصل کی اور شمالی وجنوبی ہندوستان کے راجاؤں کو شکست دے کر بے انتہا دولت جمع کر لی۔ گجرات کے واگھیلا نسل کے راجپوت بادشاہ اڈی کرنا دیوا، رانا تھم بور کے ہمی رادیوا اور چتور کے راجہ بھیم سنگھ کو ہرایا۔ ان کے علاوہ مالوہ، جالور، بندی، مانڈور اور ٹونک کو فتح کر لیا۔ جنوبی ہند کی لشکر کشی کی مہم کو کامیاب بنانے کا سہرا اس کے فوجی کمانڈر ملک کافور کے سر جاتا ہے۔

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

اس نے دیوگری وارنگل، دوارا سمدرا اور مدورائی پر حملہ کر کے اس کی تباہی کا سبب بنا۔ مگر اس نے اپنے فتح کردہ علاقوں کو اپنی حکومت میں شامل کئے بغیر صرف وہاں کی دولت پر اس کی نظر رہی جو اس نے مکمل طور پر لوٹ لی۔ اس کا تیسرا بیٹا قطب الدین مبارک چار سال تک حکومت کرنے کے بعد خسرو نامی ایک سپاہی کے ہاتھوں مارا گیا۔ آگے چل کر غازی ملک (غیاث الدین تغلق) خسرو کو مار ڈالا اور تغلق خاندان کی بنیاد رکھی۔

انتظامی سدھار:

علاؤالدین خلجی کے انتظامیہ میں چند ایک اصلاحات روبہ عمل لائی گئی مذہبی عطیات انعامات زمینات اور امدادی رقومات کو بند کروایا۔ انتہائی لائق جاسوسی نظام کو قائم کیا۔ شراب بندی، نشہ آور ادویات کی خرید و فروخت پر پابندی، پانسہ کا کھیل (جوا) پر پابندی لگائی۔ سرداروں کی جماعت، عوام سے دوستی اور گھلنے ملنے کے موقع اور بین ذات شادیوں پر روک لگایا۔ عوام سے زیادہ مقدار میں لگان وصول کرنے کا حق دیا۔

فوجی اصلاحات: فوجیوں کی بھرتی، تربیت ہتھیاروں کی تربیت، گھوڑوں اور نقد روپیوں کی صورت میں تنخواہ دینے کی ذمہ داری وزیر کو دی گئی۔ ہر ایک سپاہی اور گھوڑوں کے بارے میں تفصیلات دینے کا ریکارڈ رکھا جانے لگا۔ گھوڑوں پر مہر لگانے کی رسم لائی گئی۔ سرحدوں پر قلعے تعمیر کیے گیے۔

یہ آپ کو معلوم رہے: دوندیوں کے درمیان کے علاقے کو دوآبہ کہتے ہیں۔

تجارتی اصلاحات: زندگی گذارنے کے لیے ضروری اشیا غذائی اجناس، کھاد، تیل، شکر، نمک، کپڑا وغیرہ کی قیمتوں کو تھوڑے سے فائدہ پر بیچنے کا انتظام کیا۔ صارفین کی طے کردہ قیمتوں پر ہی تجارت کرنے یا بیچنے کا حکم دیا۔ مارکیٹ پر قابو پانے کے لیے شہانہ منڈی نام کے اعلیٰ افسر کا تقرر کیا۔

تغلق خاندان (1320 سے 1399 صدی عیسوی تک):

تغلق خاندان کا بانی غیاث الدین تغلق تھا۔ اس خاندان کے مشہور بادشاہوں میں محمد بن تغلق اور فیروز تغلق ہیں۔ غیاث الدین اپنے چند ایک کھلے انتظامی طور طریقوں سے دہلی میں امن اور بہترین انتظام والی حکومت قائم کیا۔ مغلوں کے حملوں کو روکنے کیلئے سرحدوں کی حفاظت کرتے ہوئے ان کو مضبوط بنایا۔ کسانوں کے لیے آب پاشی کی خاطر نہریں تعمیر کروایا۔ زمین پر لگان کم کیا۔ گھوڑوں اور پیادہ سپاہیوں کے ذریعہ ڈاک کے نظام میں سدھار لایا۔ دہلی کے قریب تغلق آباد قلعہ تعمیر کروایا وارنگل، مدورائی پر قبضہ کرتے ہوئے گجرات اور بنگال میں بہترین نظم و نسق کی بنیاد رکھی۔

NOT TO BE REPUBLISHED ©KTBS

محمد بن تغلق:

یہ عربی اور فارسی زبانوں کا ماہر تھا۔ علم ریاضی، علم جغرافیہ، علم طب، فارسی شاعری، علم ارضیات وغیرہ موضوعات میں مہارت حاصل تھی۔ بڑا صاحبِ علم وفضل ہونے کے باوجود اس کی شخصیت میں کئی ایک کمزوریاں بھی تھیں۔ محمد بن تغلق میں عقل، فہم، صبر وتحمل، ذہنی توازن، دوراندیشی اور علمی فیصلے کرنے کا فقدان تھا۔

انتظامی اصلاحات:

محصولی اصلاحات: اپنی حکومت کے لگان سے تعلق زمین کی ساری تفصیلات پر مشتمل مستند معلومات پر ایک رجسٹر تیار کروایا۔ محکمۂ کاشتکاری کو قائم کیا۔ جو زمین کاشتکاری کے قابل نہیں تھی اسے زراعت کے قابل بنا کر اس کا حساب کتاب رکھا۔ کسانوں کو مالی امداد دی۔ دوآبہ کے علاقوں میں زمین کے لگان میں اضافہ کیا۔

دارالخلافہ کی منتقلی: محمد بن تغلق نے اپنی راجدھانی دہلی سے مدھیہ پردیش کے دیوگری کو منتقل کیا۔ اس کا اہم مقصد ایک عظیم سلطنت کا مرکز ملک کے درمیانی علاقہ میں ہونا چاہیے اس سے مخالفین کے حملوں سے بچنے میں سہولت ہوتی ہے۔ منصوبہ عمدہ تھا مگر اس کی نقل مکانی مناسب سہولیات کے ساتھ نہ ہوسکی۔ جس کی وجہ سے لاتعداد لوگوں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔

علامتی سکوں کا استعمال: محمد بن تغلق نے پیسے کی قیمت کو سونے اور چاندی کے سکوں کے متوازی بنایا جو اس وقت جاری کئے گئے تھے۔ اس نے سونے کے سکے ''دینار'' اور چاندی کے سکّے اڈالی کو رائج کیا۔

سکوں کے ڈھالنے کا معاملہ یک طرفہ نہیں تھا۔ عوام نے بھی سکوں کی ٹکسالی شروع کردی جس کی بنا پر بدانتظامی کو موقع مل گیا۔ بے حد اخراجات والے انتظامی تجربات، زبردست قحط سالی، دارالخلافے کی منتقلی۔ دوبارہ اسی مقام پر دارالحکومت کی منتقلی سے حالات بگڑ گئے اور خزانے پر بھاری بوجھ ثابت ہوا۔

دکن کی پالیسی: محمد بن تغلق نے دکن میں جتنے علاقے جیتے تھے ان پر اپنی حکومت و اقتدار چلایا۔ حیدرآباد کے قریب واقع کاکاتی کے وارنگل پر قبضہ کرلیا۔ ہوئسلا کا دارالخلافہ دوارا سمدرا کو تباہ وتاراج کیا۔ جنوبی ہندوستان میں واقع مدورائی کو جیت لیا۔ اس کے انتظامیہ کو چلانے کے لیے جلال الدین حسن شاہ کو گورنر مقرر کیا۔ اس طرح ہندوستان میں عظیم سلطنت کی بنیاد رکھنے والے بادشاہوں میں محمد بن تغلق پہلا بادشاہ تھا۔

محمد بن تغلق بغیر کسی دُوراندیشی کے ایک بہت بڑی فوج جمع کرلی۔ مگر اپنی سلطنت کو بڑھانے کی کوشش نہیں کی جس کی وجہ سے سرکاری خزانے کو بہت نقصان پہنچا، اس کی حکمرانی کے آخری گیارہ سالوں کے دوران، جنوبی ہندوستان میں تقریباً ستائیس بغاوتیں ہوئیں جس کی وجہ سے وجیہ نگر اور بہمنی سلطنتیں وجود میں آئیں۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

محمد بن تغلق کے بعد آنے والا فیروز شاہ تغلق کے زمانے میں کئی ایک عوامی مفاد کے کئی منصوبے نافذ کئے گئے۔عوام کی مدد کرنے کے خاطر قرض کی معافی ہوئی۔محمد بن تغلق کے حملہ کا شکار ہوئے لوگوں کو مالی امداد کی رقم ادا کی گئی۔تقریبا بیس قسم کے ٹیکس نکال دئے۔

اس نے شہر، مدرسہ، مسجد، بندھ، نالوں کو تعمیر کیا۔اس کے تعمیر کردہ اہم شہروں میں جونپور، فتح آباد، حصار، فیروز پور ہیں۔جونپور اس زمانے کا ایک مشہور تعلیمی مرکز تھا۔مسافروں کی سہولت کی خاطر مسافر خانے تعمیر کروائے۔

سید خاندان (1414 سے 1451 صدی عیسوی تک):

ملتان کا گورنر خضر خاں سید نے دہلی پر قبضہ کرتے ہوئے، دوآبہ بیان اور گوالیار میں اپنا اقتدار قائم کیا اور اُس نے باغیوں کو کچل کر ہر طرف امن بہترین انتظام اور تحفظ کو قائم کیا۔محمد شاہ علاؤالدین اور عالم شاہ اس خاندان کے اہم سلاطین ہیں۔عالم شاہ کو بہلول لودھی نے ہرایا اور سید خاندان کی حکومت کا خاتمہ کیا۔

لودھی خاندان (1451 سے 1526 عیسوی تک):

دہلی پر حکمرانی کرنے والوں میں یہ آخری خاندان تھا۔بہلول لودھی، سکندر لودھی اور ابراہیم لودھی اس خاندان کے بادشاہ تھے۔سکندر لودھی نے بہار، بنگال دھولپور اور چندیری کی حکومتوں کا خاتمہ کیا۔دہلی میں امن قائم کرنے کے لیے چند ایک اقدامات کئے۔

اس کا جانشین بننے والا ابراہیم لودھی نااہل تھا۔ہندوستان پر حملہ کرنے کے لیے گورنر عالم خاں اور دولت خاں نے افغانیوں کو دعوت دی۔جس کی بنا پر بابر نے ہندوستان پر حملہ کیا اور پانی پت کی پہلی جنگ 1526 میں ابراہیم لودھی کو شکست دی اس طرح مغلوں کی حکومت کی بنیاد پڑی اور مغل حکومت کا آغاز ہوا۔

دہلی سلاطین کی خدمات

انتظامیہ کا نظام: دہلی کے سلاطین آمرانہ تھے۔فوجی سربراہ ہی عدالتی سربراہ ہوتے۔سلاطین کی حکومت قرآنی احکامات کے مطابق ہوتی تھی۔سرداران امیران اور علما انتظامیہ پر اپنے اثرات رکھتے تھے۔مرکزی حکومت میں انتظامیہ چلانے کے لیے فوجی شعبہ، غیر ملکی شعبہ، خطوط نویسی کا شعبہ صدقہ وخیرات اور اعزازات کے علاقے یا شعبے ہوتے ان کی سربراہی کے لیے وزرا اور افسران ہوا کرتے تھے۔ریاست کو مختلف صوبوں میں تقسیم کیا گیا تھا۔انتظامیہ کی اکائیوں کو شیخ دار، امین اور چوکیدار اس شعبے کے سربراہ ہوا کرتے تھے۔لگان جمع کرنا، امن برقرار رکھنا، تعلیم دینا، پا کی صفائی کا اہتمام کرنا اُن کے اہم فرائض تھے۔

©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

سلطان کے زمانے میں خراج (زمینی لگان) زکاۃ، عُشر، خُمس (لڑائی میں لوٹی گئی دولت پر ٹیکس) اور جزیہ۔ لاوارث جائیداد پر ٹیکس، آمدنی ٹیکس، گھروں پر ٹیکس وغیرہ حکومت کی آمدنی کے اہم ذرائع تھے۔ محصول جمع کرنے کے لیے افسران ہوا کرتے تھے۔ قاضی حضرات شہروں اور قصبوں میں انصاف کرنے میں بادشاہ کی مدد کیا کرتے تھے۔

سماجی انتظامات: سلطان کے دور میں ہندوؤں اور مسلمانوں کے روایتی رسم و رواج موجود تھے۔ سلاطین کے انتظامیہ میں شیعہ اور ہندو رعایا پر مذہبی پابندیاں عائد تھیں۔ مسلمان سرداروں ہی کو اہم عہدوں پر فائز کیا جاتا تھا۔ بادشاہ کو انتظامیہ میں مدد دینے کے خاطر ہندو کندا یہ افسران اور کارکنوں کا تقرر کیا جاتا تھا۔ اس طرح پیشہ ورانہ دستکاری، عمارتوں کی تعمیر کے کام میں ان کا تقرر کیا جاتا تھا۔

غلامی کا سلسلہ ان بادشاہوں کے زمانے میں بہت تھا۔ جنگ کے قیدیوں کو غلام بنالیا جاتا تھا۔ شاہی محلوں میں کئی ایک غلام عورتیں (لونڈیاں) ہوا کرتی تھیں۔ عورتوں کو ان کا جائز مقام نہیں ملا تھا۔ پردہ اور بچوں کی شادیوں کا رواج تھا۔ اونچے طبقہ کی عورتیں فنون لطیفہ میں شامل ہوا کرتی تھیں۔ دیہاتی عورتیں زراعت اور گھریلو کاموں میں مصروف رہا کرتی تھیں۔

اقتصادی انتظام: لوگوں پر بھاری ٹیکس عائد کیا جاتا تھا۔ چونکہ نقل و حمل کی سہولت بھی نہیں تھی۔ ٹیکس سب جگہ یکساں نہیں تھے۔ زراعت آمدنی کا بنیادی ذریعہ تھی۔ دہلی میں سلاطین اپنے ہی ذاتی کارخانوں کے مالک تھے۔ سونا، چاندی تیار کرنے، کشیدہ کاری کرنا، کپڑوں کی صنعت رنگ سازی وغیرہ صنعتیں تھیں۔

ادب: غیر ملکی ادیبوں اور مورخین کو سلطانوں کی سرپرستی حاصل تھی۔ ان کی اپنی تصانیف عربی، فارسی زبانوں میں ہوا کرتی تھیں۔ محمود غزنوی کے دربار میں البیرونی کافی مشہور عالم تھا۔ یہ ایک فلسفی ریاضی داں ،جغرافیہ کا ماہر اور ادیب تھا۔ ہندوستان کی سماجی، معاشی مذہبی معاملات پر مشتمل 'تاریخ الہند' نامی کتاب لکھی۔ عتبی نامی ماہر علوم نے عربی زبان میں 'تاریخ یمنی' لکھی حسن نظامی نے 'تاج المآثر' نامی کتاب لکھی۔ منہاج سراج نے طبقات ناصری نامی کتاب لکھی۔ امیر خسرو نے چھ اہم کتابیں لکھ کر ہندو مسلم تہذیبوں پر مشتمل معلومات فراہم کی ہیں۔ ان کو 'طوطئ ہند' کہا جاتا تھا۔ ضیاالدین برنی کی تحریریں 'تاریخ فیروز شاہی' اور خود فیروز تغلق نے فتوحات 'فیروز شاہی' نامی کتاب لکھی۔

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED



علائی دروازہ



قوت الاسلام مسجد

فن اور فن تعمیرات:

دہلی سلاطین نے ہندوستان میں' انڈو اسلامی' نامی نئے فن تعمیر کا تعارف کرایا، کمانوں اور گنبدوں اور میناروں کو اس طرز میں شامل کیا۔ دہلی سلاطین نے قلعے، مساجد، محلات، عوامی عمارتیں، مدرسے، مسافر خانے تعمیر کروائے۔ انڈو اسلامک طرزِ تعمیر کی مثالیں ہیں، دہلی کی قوۃ الاسلام مسجد، قطب مینار، علائی دروازہ، جمیعۃ خانہ، مسجدیں وغیرہ۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

مشقیں

I. خالی جگہوں کو مناسب الفاظ سے پُر کیجیے ؛

1. گرجارا پر تیہار راجپوت خاندانوں کا بانی _____ تھا۔
2. پرتھوی راج چوہاں پہلی ترائن جنگ میں _____ کو ہرایا۔
3. محمد غوری کا سپہ سالار _____ تھا۔
4. دہلی سلطنت پر حکومت کرنے والی پہلی خاتون _____ تھی۔
5. خلجی خاندان کا اہم بادشاہ _____ تھا۔
6. محمد بن تغلق کے زمانے میں دارالحکومت دہلی سے _____ کو منتقل ہوئی۔

II. درج ذیل سوالات کے جوابات لکھئے ؛

7. راجپوت راجاؤں کی ادب کے میدان میں کی جانے والی خدمات کی تفصیل لکھئے۔
8. کشمیر کے کارکوٹا خاندان کا اہم حکمران کون تھا؟ اس طرح اُس نے سلطنت کو وسعت دی۔
9. التمش کی حکومت کے انتظامیہ کی تفصیل لکھیے۔

10. علاؤالدین خلجی کی انتظامیہ اصلاحات کیا کیا ہیں؟

11. محمد بن تغلق کے انتظامی اصلاحات کو بیان کیجیے۔

12. دہلی سلاطین نے فنون اور فن تعمیر میں ان کی خدمات کیا کیا ہیں مثالیں دیجیے۔

13. پانی پت کی پہلی جنگ کا نتیجہ کیا تھا؟

III. سرگرمیاں:

1. ہندوستان کے نقشہ میں راجپوت ریاستوں کی نشاندہی کیجیے۔

IV. منصوبہ :

استاد کی رہنمائی میں راجپتوں کے ہاتھوں تعمیر شدہ عمارتوں کی تصاویر اور تفصیلات اکھٹا کرتے ہوئے البم تیار کیجئے۔

***

@KTBS
NOT TO BE REPUBLISHED

باب - 3

ہندوستان کے مذہبی مصلحین

اس باب میں ہم درج ذیل نکات کو سیکھیں گے۔

- ہندوستان کے مذہبی مصلحین اور ان کے پیش کردہ فلسفہ اور تعلیمات۔
- ادویتھا، وششتھا دویتھا، دویتھا فلسفہ کے اُصول۔

آٹھویں صدی اور تیرھویں صدی کے پہلے نصف کے درمیان کا عرصہ ہندوستان کی سماجی مذہبی تاریخ میں بہت اہم ہے۔اس دَور میں ویدک فرقوں کے علم برداروں آچاریہ شنکراچاریہ، رامانجاچاریہ اور مدھواچاریہ کرناٹک میں رہتے تھے۔ ویدانت کی تین اہم شاخیں ادویتھا ، دویتھا اور وششتھا دویتھا فلسفے میں بھی نمایاں ہوئے۔کلیانہ کے بسویشورا نے ذات پات اور صنفی امتیاز کے خلاف سماجی انقلاب کا اعلان کیا۔انہوں نے جن اصولوں کا تبلیغ کی وہ نہ صرف روحانی نظریات تھے بلکہ معاشرے اور مذہب کے نظریاتی اصلاح بھی کرتے تھے۔اس مثالی حالات کے حصول کے خاطر تینوں آچاریوں اور بسویشور نے تمام لوگوں کو ذات، نسل اور جنس سے قطع نظر خدا کے سامنے خودسپردگی کی تبلیغ کی۔انہوں نے بھکتی مارگ کے ذریعہ سماج اور دھرم کو زندہ کیا۔

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

شنکراچاریہ


شنکراچاریہ

شنکراچاریہ کیرلا کے کالاڈی قصبہ کے نمبودری برہمن گھرانے میں پیدا ہوئے۔باپ شیوگرو، ماں آریامبا،شنکر نہایت ذہین تھے۔اپنی عمر کے ساتویں سال ہی میں سنسکرت کے تمام شلوکوں میں ماہر ہوگئے تھے۔گووندا بھگوتپادا نامی استاد کے پاس اُنہوں نے وید کے شاستروں کی تعلیم حاصل کی۔شنکرا نے اپنیشد اور برہما سوتروں کا گہرا مطالعہ کیا اور ادویتھا نظریہ کی وکالت کی۔اُن کے مطابق برہما واحد سچّائی ہے اور باقی تمام دنیا وہم ہے۔ برہما کے ساتھ روح جڑی ہوتی ہے زندگی برہما سے مختلف نہیں ہیں۔ دنیا ایک وہم ہے برہما ہی واحد سچائی ہے لوگوں کو اس کا علم نہیں ہے اس لئے علم کے راستہ سے دنیا کے وہم کو سمجھ کر سچائی والے برہما کے ساتھ ہماری روح کو ضم کرنا چاہیئے صرف اسی وقت

ہمیں نجات مل سکتی ہے۔اس طرح شنکرا نے علم کے راستہ کی تعلیم دی۔

شنکرا نے زور دے کر کہا کہ روح کے لئے کوئی الگ وجود نہیں ہے اور یہ کہ میں ہی برہما ہوں یا 'اہم برہماسمی' کا نظریہ پیش کیا۔ برہما ستیہ ہے۔ یہ نرگونا ہے، اس کی کوئی صفات نہیں اور کوئی شکل بھی نہیں ہے اس پر زور دیا۔شنکرا چاریہ نے ہندوستانی فکر کو نئی سوچ اور روح عطا کی

شنکرا چاریہ کی تصانیف: شنکرا بھاشیہ، آنند لہری ساؤندریا لہری، شیوانند لہری، وویکا چوڈامنی، پربدھا سدھاکر، دکشنا مورتی ستوترا جیسی اہم کتابیں ہیں۔


شنکرا کی 'بھجا گووندم' بھجن بھی نہایت مشہور ہے۔

شنکرا چاریہ پیدل ہی کنیا کماری سے کشمیر تک پورے ہندوستان کا سفر کیا ہے اور اپنے مذہبی فلسفہ کی تبلیغ کی۔اپنے مذہبی فلسفہ کی تبلیغ کے لیے ہندوستان کے چاروں سمت چار مٹھوں کی بنیاد رکھی۔شنکرا چاریہ نے ہندوستانی سوچ کو ایک نئی سمت اور تاثر عطا کی۔

شنکرا چاریہ نے جن مٹھوں کی بنیاد رکھی وہ یوں ہیں۔

(1) بدری ناتھ۔جیوتر مٹھ (2) دوارکا کالی کا پیٹھا

(3) پوری۔گوورد ھن پیٹھا (4) شرنگیری۔شاردا پیٹھا۔



رامانجا چاریہ

رامانجا چاریہ:

رامانجا چاریہ چنئی سے قریب شری پریمبدور نامی قریہ میں پیدا ہوئے۔والد کیشوا سومایاجی، والدہ کانتی متی۔جنوبی ہندوستان کے مشہور تعلیمی مرکز کنچی میں یادواپرکاش کے قریب ویدا پینشد کی تعلیم حاصل کی۔ پھر اس کے بعد شری رنگا گئے اور وہاں کی مندر کے بڑے پجاری بن گئے۔ شیوا دھرم کے ماننے والے چولا حکمران نے رامانجا کو تکلیف دینا شروع کیا۔اس وقت کرناٹک کے ہوئسلہ راجہ وشنوورد ھن نے ان کا استقبال کیا۔میل کوٹے کو جا کر چیلوانارائنا مندر کی تعمیر کی۔

رامانجا چاریہ نے عام لوگوں کو ''راہ نجات'' دکھانے کے لیے بے حد محنت کی۔شری رنگا میں رہتے ہوئے شری رامانجا اچاریہ نے شاستروں کی تعلیم حاصل کی۔انہوں نے خود کئی کتابیں لکھیں۔ویدانتا سنگرہا، ویدانتا سارا، ویدانتا دیپکا، شری بھاشیہ اور ان کی سب سے اہم گرنتھ 'گیتا بھاشیہ' میں بھکتی فلسفہ کو اہمیت دی ہے۔

رامانجا چاریہ نے جس فلسفہ کی تبلیغ کی اسے ''وششٹھا دیوتھا'' کہہ کر اور اسی نظریہ کے ماننے کو ''شری ویشنوا'' کہہ کر بلایا جاتا ہے۔اس طرح ان کے شاگردوں کو ''شری ویشنوا'' کہلائے۔

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

رامانجاچاریہ نے کہا کہ زندگی اور فطرت برہما کے ماتحت ہوتے ہیں۔ آتما (روح) اور پرماتما (خدا) کا بیک وقت آپس میں ملنا ناممکن ہے۔ نجات کے لیے عقیدت اور خودسپردگی اپنے آپ کو حوالے کر دینا انتہائی ضروری ہے۔ ذات پات کی تفریق کی مذمت کرتے ہوئے۔ رامانجاچاریہ نے بھکتی فلسفہ کو تمام ذات پات کے لوگوں تک پہنچایا۔ بغیر کسی خواہش کے خود کو خدا کے حوالے کر دینا چاہیئے۔ رامانجاچاریہ نے اس بات کی پرزور تائید کی کہ بھکتی مارگ سے نجات حاصل کی جاسکتی ہے۔

شمال کے سنت رامانند، رائے داس، وغیرہ رامانجااچاریہ کے اس فلسفہ سے بے حد متاثر ہوئے جس کی وجہ سے شمالی ہند میں بھکتی روایت کے فروغ کے لیے راہ ہموار ہوئی۔ وجیانگر کے تلوا اور ارویڈو حکمران بھی شری ویشنوا مسلک کے پیروکار بنے۔

آپ کو یہ معلوم رہے: **جنوبی ہند کی چند ایک اہم شری ویشنوا مٹھ**

(1) یتی راج مٹھ — میل کوٹے اور شری چپر مبدور

(2) پرکالا (برھماتنترا) مٹھ — میسور


(3) ہوبلا مٹھ — آہوبلا (گنٹور آندھرا پردیش)

(4) آنڈاون مٹھ — شری رنگم

(5) وامی ملا مٹھ — سچیندروم

@KBBS NOT TO BE REPUBLISHED

مادھواچاریہ:


مادھواچاریہ

یہ کرناٹک کے اڈپی کے قریب پاجکا نامی قریہ میں پیدا ہوئے۔ ان کے والد مدھیہ گیہانا رائن بھٹ اور والدہ ویداوتی تھی۔ وشنو اُن کا معبود دیوتا تھا۔ کہا جاتا ہے کہ مدھواچاریہ بچپن ہی میں کئی علوم میں مہارت حاصل کر چکے تھے وہ اپنے گرو 'اچیوتا پریکشا' کے پاس ویدا اور اپنیشدوں کی تعلیم حاصل کی۔ انہوں نے ہی مادھواچاریہ کو سنیاس (ترکِ دنیا) کا حلف دیا۔ اپنے استاد کے پاس تعلیم حاصل کرنے کے دوران ہی مادھواچاریہ نے آزادانہ طور پر اپنی علمی قابلیت کو بڑھایا اور دھرم شاشتر میں اپنے گرو کو شکست دی۔ انہوں نے 'دویتھا فلسفہ' کی وکالت کی۔ دویتھا کا مطلب روح اور برہما تما مختلف ہیں۔

اپنے نظریے کی اشاعت کے لیے مادھوا چاریہ نے تیرتھ یاترا (مذہبی سفر) اختیار کرتے ہوئے مختلف علاقوں میں پہنچ کر بحث ومباحثوں میں حصہ لیا۔ انہوں نے اڈپی بھگوان شری کرشنا کی مورتی نصب کی۔ اس کے علاوہ بھگوان شری کرنشا کی مورتی نصب کی اس کے علاوہ بھگوان شری کرشنا کی پوجا کر یقینی

بنانے کے لئے انہوں نے 8 یاتھیوں کو نامزد کیا اور بعد میں 8 مٹھ نامی مٹھوں کو تعمیر کروایا۔

شری مادھواچاریہ کے مطابق دنیا ایک وہم نہیں یا خیالی یا چیز نہیں ہے۔ وہ خدا کی طرح ایک سچ ہے۔ ان میں سے ایشور ہی آزاد ہے اور باقی ماندہ دنیا ہے۔ خدا اور مخلوق کے درمیان حاکم اور محکوم کا رشتہ ہے۔ وشنو یا نارائن دونوں ایک ہی ہیں اور وہ سب سے اعلیٰ وارفع ہے۔ وشنو کی اگر اخلاص کے ساتھ عبادت کی جائے تو روح کی ترقی یا پھر نجات ممکن ہے۔

مادھواچاریہ کی تصانیف: گیتا بھیاسا، گیتا تاتو ریانرنیا، وشنوتتوانرنیا، بھاگوتا تاتو ریانرنیا، سوترابھاشیہ، مایاوادا کھنڈاوغیرہ ہیں۔

مادھواچاریہ نے فلسفہ کی اشاعت کرنے والے ان کے مشہور شاگردوں میں ششیاریندر، پدمانابھا تیرتھ، نرہری تیرتھ، وجیندر تیرتھ اور وادی راج تیرتھ ہیں۔

بسونّا: وشوا گرو۔



بسویشورا

بارھویں صدی کے سب سے ممتاز سماجی، مذہبی، سیاسی، اقتصادی اور ثقافتی مصلح ہیں۔ ان کے والدین ماد اراسا اور مدالامبیکے تھے۔ وہ ضلع وجیہ پورا کے بسونا باگے باڑی میں پیدا ہوئے۔ انہوں نے ذات پات کے نظام کی مخالفت کی۔ کوڈالاسنگم میں مراقبہ کرنے کے بعد انہوں نے کوڈالا سنگا مادیوا کو اپنے قلمی نام کے طور پر استعمال کرتے ہوئے وچنوں کی تشکیل کی۔ وہ منگل واڑے کے بادشاہ بجّلا کے وزیرِ خزانہ بنے۔ بعد میں وہ اپنی ایمانداری، لگن، فرض شناسی، دور اندیشی اور عوامی فکر کی وجہ سے ریاستِ کلیان کے وزیر اعظم بنے، انہوں نے ان رسومات، تہمات اور اندھے عقائد کی مذمت کی جو اس وقت رائج تھیں۔ معاشرے میں معاشی، سماجی اور مذہبی اصلاحات لانے میں ان کا اہم کردار تھا۔

انہوں نے موجودہ بیدر ضلع کے بسواکلیان میں۔ انوبھوامنٹپ قائم کیا جسے دنیا کی پہلی پارلیمنٹ کہا جاتا ہے۔ بسونّا نے سماج کی اصلاح کے ساتھ ساتھ روح کی اصلاح کے لئے بھی کام کیا۔

بسونّا نے ایک خدا کے تصوّر کو اسٹھ لنگا کی شکل میں ''مندر جیسا جسم'' اور ''گرو جیسی بیداری'' کہا ہے ان کا ماننا تھا کہ ہمدردی دھرم کی بنیاد ہے اور انہوں نے عدم تشدد پر زور دیا۔ انہوں نے کام (کائیکا) خیراتی (داسوہا) اور ایسٹھ لنگا جیسے نئے تصورات سامنے لائے ان تصورات کے ذریعہ بسونّا نے کلیان میں جنسی امتیاز اور ذات پات سے آزاد مساوی اور سیکیولر معاشرہ قائم کیا۔

©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

''ابدی فنا ہو جائیگا: عارضی قائم رہیگا۔'' جسم بھگوان شیو کا مسکن ہے۔'' کائیکا وے کیلا سا کے اصول پر انہوں نے زور دیتے ہوئے 'کام' (کایا) کی اہمیت بیان کی۔ انہوں نے یہ بھی اعلان کیا کہ کام میں کوئی برتری یا کمتری نہیں ہے۔ وہ ہمیشہ تمام انسانوں کی بھلائی کی خواہش کرتے تھے۔ کیونکہ انکا ماننا تھا کہ ان سے کوئی چھوٹا نہیں اور شیو بھگتوں سے کوئی بڑا نہیں۔ انہوں نے ''داسوہا'' کے اصول کے ذریعہ ذخیرہ اندوزی کے رواج کو ختم کیا۔ انکا سماجی، مذہبی، افکار اور ان کو عملی جامہ پہنانے کا طریقہ منفرد تھا۔ انہوں نے خواتین کی آزادی اور مساوات کی اشاعت کی۔ بسونّا نے اعلان کیا کہ ساری دنیا کے لوگ برابر ہیں اور کوئی بھی پیدائشی طور پر اچھوت نہیں ہے۔

> **آپ کو معلوم رہے:** (بسونّا کا ایک وچن)
> چوری نہ کرو، قتل نہ کرو، جھوٹ نہ بولو۔
> غصّہ نہ کرو، دوسروں سے نفرت نہ کرو۔
> گھمنڈ نہ کرو، مخالف کو گالی نہ دو۔
> یہی باطنی پاکیزگی ہے۔ یہی ظاہری پاکیزگی ہے۔
> ہمارے کوڈلا سنگما دیو کو راضی کرنے کا یہی واحد طریقہ ہے۔

''وچن'' قوم کی روحانی ترقی اور فلاح و بہبود کے پس منظر میں لکھے گئے تھے۔ یہ کنڑا ادب میں منفرد پہچان رکھتے ہیں۔ دوسرے الفاظ میں وچناس کو دنیا کا آئین بھی کہا جا سکتا ہے۔ وچن کے ذریعہ وچن کاروں نے سماج کی خامیاں دکھانے کی کوشش کی اور لوگوں میں بیداری پیدا کی۔

وچن تحریک نے بسونّا کے پیروکاروں کو ان کی ذات، طبقہ، رنگ اور جنس کے امتیاز کے بغیر سب کو متحد کیا۔ ان میں مشہور وچن کار ستیہ کّا (Satyakka)، آئیدکّی لکمّا (Aydakki Lakkamma) سدارامّا (Siddarama) چنّا بسونّا (Channabasavanna) مولِگے ماریا (Molige Maraiah)، امبیگر اچوڈیا (Ambigara Chowdaiah) مڈیوالا ماچیّا (Madiwala Machaiah)، مادارا چنیّا (Madara Channaiah) سما گارا ہرالیّا (Samagara Haralaiah)، کِنّاری بومیّا (Kinnari Bommaiah) وغیرہ ہیں۔

شری بسویشورا نے انسانیت کے نام جو پیغامات دیئے وہ ابدی ہیں۔ یہ مساوات اور جامعیت کی علامت ہیں۔ ان کے پیغامات سے کرناٹک کی ثقافت کو ہندوستان میں اور اس سے باہر بھی فخر حاصل ہوا۔ ان کے اس انمول خدمات کے پیشِ نظر حکومت کرناٹک نے 13 فروری 2024 کو ان کی تصویر کی نقاب کشائی کرتے ہوئے انہیں ''کرناٹک کا ثقافتی رہنما'' قرار دیا۔

مشقیں

I. درج ذیل جملوں میں خالی جگہوں کو مناسب الفاظ سے پُر کیجیے؛

1. شنکر اچاریہ کیرلا کے _____ میں پیدا ہوئے۔

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

2. دنیا ایک وہم ہے برہما ہی سچ ہے اس کی تبلیغ ———— نے کی۔

3. رامانجاچاریہ کے شاگردوں کو ———— کہا جاتا ہے۔

4. دویتا سدھانتا کے ماننے والے ———— ہیں۔

II. درج ذیل سوالات کے جواب گروہوں میں بحث کرتے ہوئے دیجیے۔

5. ادویتھا فلسفہ کی تبلیغ کس نے کی؟

6. رامانجاچاریہ نے کس فلسفے کی تبلیغ کی؟ اس نظریے کے ماننے کو کیا کہہ کر بلایا جاتا ہے؟

7. رامانجاچاریہ کی تصانیف کے نام لکھئے۔

8. مادھواچارنے کس فلسفے کی تبلیغ کی؟

9. شنکراچاریہ کی تصانیف کے نام لکھئے

10. بسونّا کے فلاحی خدمات کیا ہیں؟

11. وچنا تحریک کے دوران کونسے پیروکار بسونّا کے ساتھ تھے؟

12. بسونّا کے تشہیر کردہ اصول ''کائیکاوے کیلاسا'' کا مطلب کیا ہے؟

III. سرگرمیاں:

1. وچنوں کو جمع کیجیے اور ایک گروپ کی شکل میں اُسے گاتے ہوئے واضح کیجیے۔

2. بسویشوراہی کی طرح دیگر وچن نگاروں کی تصاویر جمع کیجیے۔

3. وچنوں کے گانے کا مقابلے کا انعقاد کیجئے۔

IV. منصوبے؛

1. استاد کی مدد سے دیوتا اور ادیوتا فلسفوں پر ایک مضمون لکھئے۔

2. مقامی علاقوں میں پائے جانے وچن نگاروں کو مدرسہ بلایئے اور مختلف وچنوں کو ان کی زبانی سُنیئے۔

* * *

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

باب - 4

وجیانگر اور بہمنی سلطنتیں

اس باب میں ہم درج ذیل نکات کو سیکھیں گے۔

- وجیانگر اور بہمنی سلطنتوں کا قیام
- وجیانگر اور بہمنی سلطنتوں پر حکومت کرنے والے خاندان
- شری کرشنا دیورایا کے کارنامے اور خدمات
- وجیانگر سلطنت کے ثقافتی خدمات
- بہمنی سلطنت کی ثقافتی خدمات

وجیانگر سلطنت کا قیام ہندوستانی تاریخ میں ایک سنگِ میل ہے۔ جنوبی ہندوستان کے شاہی خاندان۔ دیوگری کے یادو، ورنگل کے کاکتیا، مدورائی کے پانڈیا، دوارسمدر (ہلے بیڈ) کے ہوسلہ اور تنجاور کے چولہ۔ علاؤالدین خلجی کے زبردست حملوں کے شکار بنے۔ اس کے نتیجے میں ہر جگہ سیاسی ابتری، لاقانونیت، خوف اور مذہبی انتشار نظر آنے لگے۔ ایسی صورتِ حال میں ہندو مذہب اور ہندوستانی تہذیب کا تحفظ وجیانگر حکومت کی جانب سے ہوا۔

ہری ہرا اور بُکا نے 1336 عیسوی میں تنگا بھدرا ندی کے کنارے پر اس سلطنت کی بنیاد ڈالی۔ آگے چل کر ہمپی وجیہ نگر سلطنت کا پایہ تخت بنا۔

وجیانگر پر حکومت کرنے والے چار خاندان

- سنگما
- سالووا
- تلُوا
- اروِیڈو

سنگما خاندان (1336-1486 عیسوی) کے مشہور بادشاہاں ہری ہراوّل، بکا رایا، ہری ہرادّم اور پراؤ ڈھادیوارایا ہیں۔ ہری ہرا نے وجیانگر سلطنت کی بنیاد رکھی اور پہاڑیوں کے درمیان ایک پایہ تخت بنایا۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

بکّارایا:

بکّارایا کا بیٹا کمپنا نے مدھرائی کے سلطان کو معزول کر کے سلطنت کو وسعت دی۔ سنسکرت زبان میں گنگا دیوی کی لکھی کتاب ''مدھراوجیم'' (ویرا کمپنا رائم) اس فتح کے بارے میں مزید وضاحت پیش کرتی ہے۔ بکّارایا نے کونڈاویڈو کے ریڈی قوم کو شکست دی اور پنکنڈہ کے علاقے کو وجیانگر کے ساتھ ملا دیا۔ بُکا جینوں اور شری ویشنو لوگوں کے درمیان اختلافات کو حل کرنے میں کامیاب رہا۔ اس طرح مذہبی ہم آہنگی کو برقرار رکھا۔ اس حقیقت کا پتہ شیراون بلکولہ کی دستاویزات سے ہوتا ہے۔ اس نے دارالحکومت میں ایک قلعہ اور چند منادر بنائے اور زرعی سرگرمیوں کی حوصلہ افزائی کی۔ بکّارایا نے منگ خاندان سے تعلق رکھنے والے ایک چینی بادشاہ کے دربار میں اپنا سفیر بھیجا۔

ہری ہرادوّم:

بکارایا کا بیٹا ہری ہرادوم کے ستائیس سالہ دور حکومت میں وجیہ نگر ایک عظیم ریاست بن گئی تھی۔ اس نے کنڈویڈو، کرنول، نیلور کے قلعوں کو فتح کیا۔ بہمنی حکومت کے سلطان مجاہد کے انتقال کے زمانے میں اس نے اپنی ریاست گوا سے کونکن ساحل کے شمال تک اپنی حکومت کی توسیع کی۔ دریائے کرشنا کے شمال میں واقع پانگالا کے قلعہ کو 1398 میں قبضہ کیا۔

دیوار یادوّم (پراوڈھادیوارایا):

سلطنت کا سب سے مشہور بادشاہ دیورایادوّم (پراوڈھادیوارایا) ہے۔ اس نے گجابینٹے گارا (ہاتھی کا شکاری) نامی خطاب بھی حاصل کیا تھا۔ دیوار یادوّم نے اڑیسہ کے گجپتی خاندان کے بادشاہ کپلیندر کو ہرا کر کنڈاویڈو کو فتح کر لیا۔ سرحدی علاقوں کے راجاؤں کو اپنا غلام بنا کر شمال مشرقی سرحد کو کرشنا ندی تک پھیلایا۔ اس کے بعد کیرلا کو فتح کیا کیرلا اور سری لنکا سے باج گذار کی رقم حاصل کیا۔ جس کی وجہ سے اسے ''دکشنا پتھ دا چکرورتی (جنوب کا شہنشاہ)'' کہا گیا۔ ان فتوحات کی وجہ سے وجیہ نگر کی حکومت بنالیوں کی سرحدوں سے گلبرگہ تک اور تلنگانہ سے ملبار تک پھیل گئی۔

> **کیا آپ کو معلوم ہے؟**
> نکولو کونتی نامی فرانس کا سیّاح وجیانگر کے بارے میں بہترین انداز سے بیان کرتا ہے کہ اس کی راجدھانی ساٹھ میلوں تک پھیلی ہوئی تھی۔


دیوار یادوّم نے روایتی حریف بہمنی کے سلطان احمد شاہ کا بیجاپور تک پیچھا کیا۔ مدگل اور بنکاپور کو اپنے قبضہ میں کر لیا۔ اس کا سپہ سالار لکنّا دنڈیشا نے ایک کامیاب بحری فتح حاصل کی۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

یہ بادشاہ دوسرے مذاہب کے تئیں نہایت روادار تھا۔ اپنی راجدھانی میں اس نے مسجد تعمیر کروائی ساتھ ہی جین مندر اور مندریں ویشوؤں کے لیے تعمیر کروائی گئیں۔ یہ خود ایک شاعر تھا اس کے دربار میں سنسکرت شاعر ڈنڈیما اور لکنّا ڈنڈیشا ہوا کرتے تھے۔ دیوارایا کے زمانے میں ویراشیو روایت اور ادب کو حیاتِ نو حاصل ہوئی۔ 1446 عیسوی میں دیوارایا دوم کے مرنے کے بعد آنے والے کمزور راجاؤں کے ساتھ ہی سنگما خاندان کی حکومت کا خاتمہ ہو گیا۔

کیا یہ آپ کو معلوم ہے؟ فارس کا سفیر عبدالرزاق 1443 اپریل کے اواخر میں وجیانگر کی راج دھانی میں تھا۔ اس کی شان وشوکت سے متاثر ہو کر جو بات اس نے کی وہ یوں ہے۔ وجیانگر جیسی ریاست نہ آنکھوں نے دیکھی نہ کانوں نے سنی کیونکہ اس کے برابر کوئی شہر دنیا میں ہے ہی نہیں۔

1485ء سے 1505ء عیسوی تک سلووا خاندان نے وجیانگر سلطنت پر حکومت کی۔ اس خاندان کا مشہور بادشاہ سلووا نرسمہا تھا۔



شری کرشنا دیورایا

کرشنا دیوارایا (1509 تا 1529):

تولوا خاندان کے نرسانائیکا اور اس کی دوسری بیوی ناگالامبیکا کا بیٹا کرشنا دیوارایا وجیانگر سلطنت کے راجاؤں میں سب سے مشہور تھا۔ اس کے دورِ حکومت میں وجیہ نگر اپنی ترقی کے حدود کو پہنچ گیا۔ دنیا کے مشہور ترین بادشاہ اشوک، سمدر گپتا، ہرش وردھن کی صف میں کھڑا ہونے والا یہ بادشاہ جس نے بیس سال تک حکومت کی۔ جس وقت یہ تخت نشین ہوا اس وقت ملک کے اندر اور بیرون ملک میں انتہائی پیچیدہ مسائل تھے۔ نئے بحری راستوں سے آنے والے یوروپی قوموں نے یہاں اپنے ٹھکانے بنانے شروع کر دیئے تھے۔ بہمنی بادشاہیت کے پانچ بادشاہ کرشنا دیورایا کے خلاف میدان جنگ میں اتر گئے۔ ساتھ اُمتور اور اُڑیسہ کے راجا بھی وجیہ نگر پر اپنی دشمنی ظاہر کرتے رہے۔


دیورایا کی فوجی خدمات:

رابرٹ سیول کے مطابق کرشنا دیوارایا ایک بے مثال جنگجو، ہوشیار سپہ سالار اور سیاسی مدّبر تھا۔ اس نے تمام جنگوں میں کامیابی حاصل کی اور جنوب میں وجیانگر حکومت کی توسیع کی۔ اُمتور کے مانڈلیکا گنگا راجہ کو ہرا کر اس سے شوانا سمدرا کا قلعہ فتح کر لیا۔ اس کے بعد رائچور کا قلعہ بھی فتح کر لیا۔ گوا کو بیجاپور کے سلطان سے جیتنے کے لئے پرتگالیوں کی مدد کی۔ ان سے اپنے تجارتی تعلقات بڑھائے اور اُدے گری کے قلعہ پر حملہ کیا۔ ''اب چاہے کچھ بھی ہو جائے آج ہی اسی قلعہ کو فتح کر لوں گا۔ یوں کہنے لگا۔'' دیورایا کی یہ بات اس کے عزم کو ظاہر کرتی ہے۔ کالنگا


© KTRS NOT TO BE REPUBLISHED

کی راجدھانی کٹک کو فتح کرلیا۔ گجپتی سلطنت کے پرتاپ رودرادیوا کو ہرا کر اس کی بیٹی کے ساتھ ازدواجی تعلق قائم کیا۔

کرشنا دیوارایا نے بیجاپور (وجئے پورا) کے عادل شاہ کو ہرا کر رائچور کا قلعہ فتح کرلیا۔ رائچور کا محاصرہ شروع کرتے وقت اس نے فوجیوں سے خطاب کرتے ہوئے کہا اس دنیا میں سبھوں کو مرنا ہے جنگ میں مریں گے تو جنت اور جیتیں گے تو کامیابی کی لکشمی ہاتھ آئے گی، اس لیے سب میرے ساتھ آئیں۔ کمزور نہ بنیں۔


ورہا۔ ریاستی نشان

رائچور کے بعد اور گلبرگہ کے قلعوں کو بھی جیت لیا۔ بہمنی حکومت کے وزیر اعظم قاسم بریدی کو کرشنا دیوارایا ہرایا اور اسے گرفتار کرلیا۔ بہمنی حکومت کے شہزادوں کو بیدر میں بہمنی تخت پر تخت نشین کروایا۔ اس کو ''یوانا راجیہ پرتشٹھاپنا چاریہ'' کا خطاب ملا۔ کرشنا دیوارایا کے انتقال کے موقع پر وجیانگر حکومت انتہائی وسیع و عریض تھی ہر ایک جانب تک مکمل طور سے پھیلی ہوئی تھی۔



NOT TO BE REPUBLISHED © SCERT

کرشنا دیورایا نہ صرف بہادر جنگجو تھا، بلکہ ایک قابل حکمران بھی تھا۔ ملکی سیاست کے معاملہ میں اسے جو مہارت حاصل تھی اس کا حوالہ اُسی کی تحریر کردہ ''امکتا مالیاڈا'' نامی تیلگو کتاب میں ملتا ہے۔ زراعت کی توسیع کے لئے اس نے آب پاشی کی سہولتوں کو فروغ دیا۔ پرتگالیوں سے دوستی بڑھا کر غیر ملکی تجارت کو فروغ دیا۔ شادیوں پر لگا ٹیکس ختم کر دیا۔ فن، ادب اور مذاہب کا عظیم سرپرست تھا۔ اس کے دربار میں آٹھ عظیم فنکار 'اشٹھ دگّجا' نامی تیلگو کے شاعر تھے۔ وہ خود بھی ایک شاعر تھا۔ کرشنا دیوارایا نے ''جامباوتی کلیانا'' نامی سنسکرت زبان میں ناٹک لکھا۔ الاسانی پدنا، نندی تمنا، دور جُٹی، تینالی رام کرشنا وغیرہ اس کے درباری تیلگو شاعر تھے۔

کرشنا دیوارایا نے ہمپی میں کرشنا مندر کی تعمیر کی۔ اس نے اپنے دَور حکومت میں کئی ایک مندروں کی تعمیر کے ساتھ ساتھ ہمپی کا ویروپاکشا مندر اور مہانوامی ڈنڈا منچ بھی تعمیر کروایا۔ تمام مذہب کے ماننے والوں کو اس کے زمانے میں مذہبی آزادی حاصل تھی۔ اس کی تفصیل پرتگالی سفیر یا سیاح پئیس اور بربوسہ نے بیان کرتے ہوئے کہا کہ یہ ایک عظیم بادشاہ تھا۔

وجیانگر حکومت کا زوال:

کرشنا دیورایا کے بعد اچھوتا رایا اور سداشیوارایا نے حکومت کی۔ کرشنا دیورایا کے داماد ارویڈو کی نسل کا رامارایا نے انتظامیہ کو سنبھالا رامارایا اپنے تیئیس سالہ حکومت کے زمانے میں اختیار کردہ لڑائیوں میں اپنے ملک کے شان میں اضافہ کیا جس کی وجہ سے وجیانگر کے دشمنوں میں اضافہ ہو گیا۔

سرگرمی:
تینالی راما کرشنا کی عقل مندی سے متعلق کہانیاں پڑھیں۔

دکن سلاطین کی جانب سے ہونے والے وقتاً فوقتاً حملوں کے جواب میں رامارانیا بیجاپور اور گولکنڈہ کی ریاستوں کو قبضہ میں لے کر جنگی اشتعال دلایا۔ وجیانگر حکومت کے فروغ اور خوشحالی پر حسد اور بغض رکھنے والے دکن کے سلاطین اپنے تمام اختلافات کو بھلا کر سب متحد ہو گئے۔

یہ آپ کو معلوم رہے:
وجیانگر حکومت میں پنکنڈہ، چندراگری پڈے بیڈو، تروواڈی (ٹراونکور) ملاوائی (ملباگل) سانتلی گے (شیموگہ) اور منگلور اہم علاقے تھے۔

1565 عیسوی میں رکا ساتنگڈی (جنگِ تالی کوٹ) میں چار سلطنتوں کی متحدہ فوج نے وجیانگر پر حملہ کیا۔ اس حملہ میں رامارایا کی فوج ہار گئی اور رامارایا فوت ہو گیا۔ فاتح دکنی فوج نے وجیانگر کی اینٹ سے اینٹ بجادی۔ جس کی وجہ سے اس سلطنت کی راجدھانی ہمپی بھی اجڑ گئی۔ آگے چل کر پنکنڈہ، چندرگری آخرکار

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

ویلور سے اروِیڈو خاندان کے انتظامیہ 1646 عیسوی تک چلتی رہی۔ کرناٹک میں میسور، کیلدی، چترادرگ وغیرہ وجیانگر کے جو ماتحت تھے وہ آزاد ہو گئے۔

وجیانگر کی ادبی وثقافتی خدمات:

انتظامیہ: وجیانگر حکومت کے انتظامیہ نے اپنی روایاتی طور طریقوں کو آگے بڑھایا۔ راجہ اپنے بڑے لڑکے کو اپنا جانشین بناتے تھے۔ غیر مرکزیت اختیارات والی طاقتور مرکزی حکومت ہوا کرتی تھی۔ مجلس وزرا بھرپور فوجیں علاقائی مانڈلیکر یا راجہ ایک راجہ کو پالے گار کو فوجی خدمات کی شرط پر زمین دی جاتی تھی۔ صوبائی سطح پر، مقامی سطح پر اور دیہی انتظامیہ کے لئے نینکر یا امرا نینکر جیسے لیڈر تھے۔ تمار سانا وزیر اعظم ہوا کرتا تھا۔ مملکت کی مختلف انتظامی سطحیں تھیں جیسے ریاست، ناڈو (ضلع) اور گراما (گاؤں)۔

کیا آپ کو معلوم ہے؟

◀ ہنومانا می خاتون یوار یادوم کے دربار میں مخبری کا کام کیا کرتی تھی۔

◀ وجیانگر حکومت کے زمانے میں بقول عام کھیل کشتی تھا۔ ہری یکا نامی خاتون اس زمانے کی مشہور کشتی کی کھلاڑی تھی۔

سرگرمی :

پنچایت کا دورہ کرتے ہوئے گرام سبھا میں چلنے والے طور طریقوں کی جانکاری حاصل کیجیے۔

بادشاہ عدالتی معاملات میں اختیار اعلیٰ رکھتا تھا۔ علاقہ میں علاقائی افسر انصاف کیا کرتا تھا۔ سزائیں انتہائی سخت ہوا کرتی تھیں۔ دیہی انتظامیہ آخری اکائی ہوا کرتی تھی۔ جہاں گرام سبھا میں انتظامیہ سنبھالتی تھی۔ گاونڈا، کرنا یکا (شان بھوگ) تلارا (تلوارہ) دیہی انتظامیہ میں مدگار ثابت ہوتے تھے۔

فوجی نظام: وجیانگر سلطنت کی فوج بڑی طاقتور تھی۔ مستقل فوج، ریاستوں کی طرف سے بھیجے گئے دستے اور شاہی محافظوں کے دستے (جو کہ بادشاہ کی حفاظتی فوج ہوا کرتی تھی) اس طرح اس فوج کے تین درجات ہوا کرتے تھے۔ جن کو پیدل فوج، گھڑسوار فوج اور ہاتھی سوار فوج ہوا کرتی تھی ساتھ میں توپیں رکھنے والی فوج اس کا اہم حصہ ہوا کرتی تھی۔ 1368 عیسوی سے جنگوں میں توپوں کا استعمال ہونے لگا۔

بڑے بڑے ہاتھی، عرب سے لائے گئے گھوڑے وجیانگر کی کشش کا بڑا سبب تھا۔ اس فوج میں بحری فوج بھی ہوا کرتی تھی۔ تمام مذاہب کے لوگ فوج میں اعلیٰ عہدے پر فائز ہو سکتے ہیں۔ مسلمان فوجی افسر تھے۔ کسان اور شکاری بھی پالے گار ہوا کرتے تھے۔ جنگ کے دوران قلعے اور خندق اہم کردار ادا کرتے تھے۔

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

سماجی انتظامات: سماج میں پیشہ وارانہ ذات پات کا نظام تھا۔ دستکاری کے شعبے والے، لوہار، ٹھٹھیرے، بڑھئی، جولاہے، چمار زیادہ تعداد میں ہوا کرتے تھے۔ بچوں کی شادی، ستی کی رسم، دیوداسی روایات باقی تھیں۔ عام طور پر ایک زوجیت کا رواج تھا مگر راجا اور مالداروں کی ایک سے زیادہ بیویاں ہوا کرتی تھیں۔ عورتوں کو باعزت مقام حاصل تھا۔ وجیانگر میں خواتین پہلوان ہوا کرتی تھیں اور عورتیں محافظ ہوا کرتی تھیں۔ ہولی، دیپاولی اور دسہرہ تیوہار عوامی سطح پر منائے جاتے تھے۔ دسہرہ کا تیوہار ہمپی میں شاہانہ سرپرستی میں شاندار طریقہ سے منایا جاتا تھا۔ اس کے ثبوت کے طور پر مہانوامی ڈبّا اب بھی دیکھے جاسکتے ہیں۔ موسیقی اور رقص کو عوام میں بے حد مقبولیت حاصل تھی۔

سرگرمی:
آج کے میسور والے دسہرے اور وجیانگر کے دسہرہ میں موازنہ کیجیے۔

معاشی نظام: وجیانگر سلطنت معاشی اعتبار سے خوش حال تھی۔ زمینی لگان ہی سلطنت کی آمدنی کا اہم ذریعہ تھی۔ کسان اپنی آمدنی کا ایک بڑا چارواں حصہ سرکار کو ٹیکس کی صورت میں دیا کرتے تھے۔ پیشہ ورانہ ٹیکس، گھروں کا کندایہ، راستہ کی چنگی (ٹیکس) بازار کی چُنگی، تجارتی ٹیکس، آمدورفت پر ٹیکس مختلف طریقوں سے آنے والے باج گذار آمدنیاں ہی حکومت کے ذرائع تھے۔ زراعت مالیاتی نظام کی ریڑھ کی ہڈی تھی۔ یہ سال میں دو موسموں کی فصل ہنگار اور مونگار کے طور پر کیا کرتے تھے۔ جوار، راگی، دھان گیہوں، باجرا، مونگ، ماش، تور، تل، مونگ پھلی، روئی، گنا، ناریل اہم پیداوار تھیں۔ وجیانگر کے بادشاہ کنواں، تالاب، نالے کی آب پاشی کے ذریعہ زراعت اور آب پاشی کی ہمت افزائی کرتے۔ ان کے زمانے میں گتے داری، معاہدے پر زراعت کرنا، سدھایا، ورا اور گڑی نام کے پانچ قسم کی زمینات تھیں۔

سرگرمی:
زمانہ قدیم کے پیسے اور سکے یا تصویریں جمع کریں۔

وجیانگر سلطنت کا زمانہ میں صنعت اور تجارتی حلقوں نے بہت ترقی کی۔ کالی مرچ، لونگ، الائچی جیسے مسالے، پتھر کا نمک، خام لوہا، ہیرے، مصری، مشک، صندل، عطریات وغیرہ برآمد کئے جاتے تھے۔ کپڑے بننے کی صنعت ایک اہم صنعت تھی۔ سونے کا سکّہ اور پگوڈا، چاندی کا تارا، تانبہ کے برتن اور پیسہ اور سکہّ بھی استعمال میں ہوا کرتا تھا۔

آپ کو معلوم رہے:
عیسائی، یہودی، مسلمان یا ہندو کوئی بھی ہو بے خوف ہوکر اس ریاست میں زندگی گذار سکتا تھا۔
- برباسا، بیرونی سیاح

NOT TO BE REPUBLISHED @KTBS

بھٹکل، ہنّاور اور منگلور و وجیانگر کی اہم بندرگاہیں تھیں۔ عرب، چین اور پرتگال وغیر ملکوں سے تجارتی تعلقات تھے۔

مذہبی انتظام: وجیانگر کی حکومت تمام مذاہب والوں کی ہمت افزائی کرنے کا فخر رکھتی ہے۔ شری ویشنوا اور جینوں پر مشتمل لوگ اپنے اپنے مذہبی تفریقات کو بھول کر آپس مین باعزت طریقہ سے زندگی گذارتے تھے۔ وجیانگر سلطنت کا حکمران جن میں ابتدائی حکمران تھے شیوا اور ویراشیوا کے مذہب کے سرپرست تھے بعد میں آنے والے بادشاہاں ویشنو کے پرستار تھے۔ وجیانگر کے حکمران رام نومی کو خصوصی طریقہ سے مناتے تھے۔

وجیانگر میں مسلمانوں کے لیے مسجدیں، درگاہیں تعمیر کروائی گئی تھیں۔ پرتگالیوں سے تجارتی تعلقات کو بڑھانے والے وجیانگر کے حکمران عیسائی مذہب کو بڑھاوا دیتے ہوئے انہیں چرچ بنانے کی اجازت دی۔

ادب: ملک میں جو امن اور شانتی کا نظم تھا مالیاتی ترقی کے نتیجے میں ادب بھی آسانی سے پروان چڑھنے لگا۔ کنڑ، سنسکرت، تیلگو اور تمل زبانوں میں ادبی کتابیں لکھی گئیں۔

رتنا کرورنی کی لکھی ہوئی ''بھرتیشاوی بھوا'' چامراسا کی لکھی ہوئی ''پربھولنگا لیلے'' کمارا ویاسا کی لکھی ''گدوگنیا بھارتا'' کنڑا کی اہم تخلیقات ہیں۔ بھیما کوی نے اپالکریلے سومناتھ کی تیلگو تصنیف بسوا پرانا کو کنڑ امیں ترجمہ کیا۔ بسونّا اور ان کے ہم عصر شرناؤں کے کلام کا مجموعہ (جسے مقامی اصطلاح میں بسواڈی شیوا شراناس کہا جاتا ہے)۔ 'شنیہ سمپادنے' بھی شائع ہوئی۔ لکنا دنڈیشن نے ''شواتتوا چنتامنی'' کے علاوہ کنڑ ہی میں انسانی صحت سے متعلق کتابیں، جانوروں کی صحت سے متعلق، شاعری سے متعلق، جیوتشی (علم نجوم) علم طباخی پر بھی کتابیں لکھی گئیں۔ پرندرا داس، کنکا داس، شری پادارایرو، ویاس رایا، داسا ساہتیہ کو تقویت بخشی۔ کنکا داس کی ''موہنا ترنگنی''، نل چرتے ''ہری بھکتی سارا'' اور ''رامادھانیا چریتے'' وغیرہ اہم کتابیں ہیں۔

سنسکرت میں ودھیارنیا کی ''شنکراوجیہ'' اور سر ''وادرشنا سنگرہا'' کی تصنیف عمل میں آئی۔ یہ دونوں بھائی سایانا چاریا ویدارتھا پرکاش نامی وید بھاشا اور ایوروید میں سدھاندھی، پرشارتھا سدھاندھی نامی کتابیں لکھیں۔ کمپانارایانا کی بیوی گنگا دیوی نے ''مدھوراوجیم'' نامی کتاب لکھی جس میں کمپانا کے فوجی حملوں اور وہاں کے مقدس مقامات کے ذکر سے متعلق معلومات کو اس نے لکھا ہے۔

سرگرمی:
ہمپی کا سفر کرتے ہوئے وہاں کے منادر اور عمارتوں کے بارے میں مزید معلومات حاصل کیجیے۔

© RTBE NOT TO BE REPUBLISHED

دیورایا دوّم کے دربار کے شاعر شری ناتھ نے ''کوی چکرورتی'' نامی خطاب پایا۔ کرشنا دیورایا کے زمانے میں اشٹھ دگجا، نامی آٹھ مشہور شاعر تھے۔ الاسانی پیدنا کی 'منوچری تم'، تمنّا کی 'پاری جاتا پہارانم' اور 'تینالی رام کرشنا' کی ''بھاترادھیا چاریتم'' اس دَور کی اہم تصانیف ہیں۔

تمل شاعر پرم جیوتیر، ویرارا گھوا، منڈلا پروشو، گنانا پرکاشا ہری ہرا وغیرہ کرشنا دیوارایا کے دربار میں تھے۔ پرم جیوتیر شاعر نے ترولایا ڈل پرانم نامی کتاب لکھی وجیانگر حکومت کے زمانے میں سنسکرت، کنڑ، تیلگو، تمل زبانوں کو خوب ہمت افزائی دی گئی۔

فن اور فن تعمیرات: وجیانگر کے بادشاہوں نے فن اور فن تعمیر کے میدان میں جو شاندار کام کیا ہے وہ ناقابل فراموش ہیں۔ ان بادشاہوں کو فن تعمیر کے عظیم سرپرست کہا جاتا ہے۔ ان کے زمانے میں مندر، محلات قلعے، مینار، مہامنڈپ، عوامی عمارتیں، تالاب، بندھ، نہریں ڈیم وغیرہ تعمیر کروائے گئے تھے۔

وجیانگر کے فن تعمیرات کی اہم خصوصیات: وجیانگر کے بادشاہ چالوکیہ، چولا اور ہوئسلہ کی فن تعمیرات کے نمونوں کو آگے بڑھایا۔ ان کے فن تعمیرات کی سب سے اہم خوبی بے شمار ستونوں کی قطاروں سے مل کر بنا۔ عظیم سبھامنڈپ یا کلیاں منڈپ ہیں۔ مندروں کے اونچے اونچے گنبد (رایا گوپورا) کے ساتھ اونچی اونچی کمانیں اور منڈپ ہیں۔ اس فن میں زیبائش کی سج دھج زبردست اور سنجیدہ جذبات کو زیادہ اہمیت دی گئی ہے۔ انہوں نے عمارتوں میں سخت گرانیٹ پتھر استعمال کیا تھا۔

اہم مندریں: ان کے زمانے میں تعمیر شدہ مندریں، ہمپے، شرنگیری ترو پتی، کنچی، لیپاکشی، کارکلا، موڈبدری، بھٹکل چدمبرم، کالاہستی، نندی، شری شیلا، کولار وغیرہ علاقوں میں دیکھی جاسکتی ہیں۔

شرنگیری کا ودیاشنکر مندر وجیانگر کے زمانے کے ابتدائی دور کے مندروں میں ایک اہم مندر ہے۔ اس مندر کی دریافت ہندوستان بھر میں نادر ہے۔ وجیہ نگر سلطنت میں قائم مندروں میں سب سے

تمہیں معلوم رہے:
ان کی تعمیر کردہ مندریں عمارتیں اور نصب کردہ مورتیوں کا ذکر کرتے ہوئے مشہور ماہر اور تاریخ داں پرسی براؤنز وجیانگر فن تعمیر میں۔ دراوڑ فن تعمیر میں خصوصی ماہرانہ انداز کے طور پر بیان کیا ہے۔

© KSEEB NOT TO BE REPUBLISHED

زیادہ قدیم ہمپے کا ورو پاکشا کا مندر ہے وسیع صحن والے اس مندر میں خوب صورت انداز میں سنگ تراش والے ستون اور آرائش وزیبائش سے منقش چھت بھی ہیں۔



ہمپی ورو پاکشا کا مندر



وجیاوٹھل کا مندر

ہمپے میں موجود وجیاوٹھل مندر مزین اور ماہرانہ نقاشی کے لیے مشہور ہے۔ سات آوازیں دینے والے ستون۔ وسیع وعریض کلیان منٹپ اور پتھر میں تراشا گیا رتھ سے اس مندر کی خوبصورتی میں اضافہ ہوتا ہے۔

کرشنا دیوارایا کا تعمیر کردہ مہانوامی ٹیلے پر نوراتری میلہ لگتا ہے۔ راجدھانی سے بہت دور علاقوں سے بھی راجا، منڈل کے افسران، شہنشاہ کے حکم پر آکر جمع ہوجاتے اس بات کی اطلاع فارستان کا سفیر عبدالرزاق نے دی ہے۔ کمل محل، گجاشالے، رانی کا حمام خانہ، انڈو مسلم انداز میں عمدہ دیواروں والا ہے۔ لکشمی نرسمہا، چناجیسا گینش، رائی والا گینش، ادھان ویر بھدرا نقاشیاں دلکش ہیں۔ وجیہ نگر دور کے ہمپے کے قلعے مضبوط سات چکر والے ہیں۔ موجودہ قلعوں میں صرف چار چکر بچے ہوئے ہیں۔



پتھر کا رتھ


موسیقی اور رقص: وجیا نگر کے حکمرانوں نے موسیقی، رقص، ڈرامہ اور یکشا گانا جیسے فنون کی سرپرستی کرتے ہوئے ان کو فروغ دیا۔ فنکاروں کو محل اور مندروں میں زیادہ عزت ملا کرتی تھی۔

پرندرا داس، کنکا داس اپنے بھجن اور کیرتن کے ذریعہ کرناٹک موسیقی کی انمول خدمات انجام دی ہیں۔ رقاصائیں بھرپور آرائش وزیبائش کے ساتھ مندروں اور محلوں میں رقص کا مظاہرہ کیا کرتی تھیں۔

© KSTBS NOT TO BE REPUBLISHED

بہمنی سلطنت

چودھویں صدی عیسوی میں ہونے والا ایک اور انقلاب بہمنی سلطنت کا عروج ہے۔ 1347 میں علاؤالدین حسن گنگو بہمن شاہ نے اس سلطنت کی بنیاد رکھی 1347 سے 1686 تک بہمنی اور شاہی خاندانوں نے حکومت کی۔ ان خاندانوں میں محمد شاہ اول محمد شاہ دوم فیروز شاہ، یوسف عادل خاں، ابراہیم عادل شاہ اول ، ابراہیم عادل شاہ ثانی اہم ہیں۔ علاؤالدین حسن گنگو بہمن شاہ کے بیٹے محمد شاہ گلبرگہ کی جو مشہور نہایت کشادہ اور خوبصورت مسجد ہے کو 1367 میں تعمیر کیا۔ اس کے بعد آنے والا فیروز شاہ نے فیروز آباد نامی نئی راجدھانی تعمیر کروایا۔ رصدگاہ تعمیر کروایا۔ یہ بہت بڑا عالم تھا۔




محمد گاواں (1411 سے 1481 عیسوی تک)

1347 سن عیسوی سے 1426 تک گلبرگہ بہمنیوں کی راجدھانی تھی۔ اس مدت میں محمد گاواں لگن سے اور بے غرض ہوکر حکومت چلایا۔ وزیر اعظم بن کر بہمنی حکومت کو اونچے مقام تک لے گیا۔ قاہرہ میں اسلامی تعلیم اور قانون کی تعلیم حاصل کیا ہوا تھا۔ عربی اور فارسی زبانوں میں مہارت حاصل کی تھی۔ بہمنی بادشاہ

NOT TO BE REPUBLISHED

ہمایون، نظام شاہ اور محمد شاہ سوّم کی حکومت کے زمانے میں پروزیر عظم کے طور پر خدمات انجام دیں۔ اس نے اپنے شاندار فتوحات اور صاف ستھرے انتظامیہ سے بہمنی حکومت کے لیے ایک اعزاز بخشا۔ گاواں نے کونکن، گوا اور بلگام پر قبضہ کرلیا۔ پھر اس کے بعد اریسہ پر حملہ کرتے ہوئے وہاں سے کونڈاویڈ علاقہ پر قبضہ کرلیا۔ 1481 میں کانچی پر حملہ کیا اور بے حساب دولت حاصل کی۔ محمود گاوان بہمنی سلطنت کی ہمہ جہتی ترقی کا سبب بنا محمود گاوان کے خلاف دشمنوں نے حسد کرتے ہوئے سازش کی اور وہ اسی سازش کا شکار ہوگیا اور اس کا سر قلم کردیا گیا اس کے بعد سلطنت کمزور ہوکر پانچ حصوں میں بٹ گئی۔



ابراہیم عادل شاہ (1580 سے 1627 عیسوی تک):

عادل شاہی بادشاہوں میں سب سے اہم بادشاہ ابراہیم عادل شاہ ثانی اپنی عمر کے نویں سال ہی میں تخت نشین ہوا۔ اس نے سینتالیس سال حکومت کی اس کی ایک لمبی تاریخ ہے۔ اس نے بیجاپور کو شان وشوکت کی انتہائی بلندیوں پر پہنچایا بہترین حکومت دیتے ہوئے فن اوب اور تعلیم کے حلقوں میں قابل لحاظ خدمات انجام دئے۔

کتاب نورس نامی کتاب میں اس نے سرسوتی، گنیش اور نرسمہا کی تعریف میں کلمات سے اس کتاب کا آغاز کیا ہے جو اس کی ایک اہم خصوصیت ہے۔ اس میں اس نے محمد پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بھی ستائش کی ہے۔ یہ کتاب ابراہیم کی علمی صلاحیت اور مذہبی رواداری کی گواہ ہے۔

بہمنی سلاطین کے خدمات:

بہمنی اور شاہی سلاطین تقریباً دوسو صدیوں تک کرناٹک پر حکومت کی۔ بشمول کرناٹک تملناڈ کے تنجاور تک اپنی حکومت کی توسیع کی۔ اپنا انتظامیہ انہوں نے اسلامی اصولوں کی بنیاد پر چلایا۔

1. وزرا کا تقرر: قلمدانوں کی تقسیم اور وزرا کو برطرف کرنے کا حق مجلس کے وزرا کے سربراہ وزیر اعظم مختلف محکموں کے وزرا کا تقرر کرنے کی صدر جمہوریہ سے سفارش کرتے ہیں اور وزرا کو مختلف قلمدان (پورٹ فیلیو) عطا کرتے ہیں۔ قلمدانوں کی تقسیم کے موقع پر وزیر اعظم کو مکمل اختیار ہوتا ہے۔ جرم ارتکاب کرنے والے یا مسئلہ یا جھگڑا کھڑا کرنے والے وزیر کو مجلس وزرا سے برطرف کرنے کا اختیار وزیر اعظم کو ہے۔

2. حکومت کا سربراہ: حکومت کے سارے کام وکاج کے یہی ذمہ دار ہوتے ہیں۔ مختلف قلمدانوں والے وزراء کے درمیان توازن لاتے ہوئے کام کرتے ہیں۔ منصوبہ بندی، سلامتی، خارجہ پالیسی بناتے ہوئے خصوصی توجہ دیتے ہیں۔

3. مرکزی کابینہ کا سربراہ: وزیر اعظم کی قیادت میں مجلس وزرا کی بیٹھک ہوتی ہے۔ مجلس وزرا کی کارگذاری قومی، بین الاقوامی معاملات پر بحث اور فیصلہ لینا ان ہی کی صدارت میں ہوتا ہے۔ یہ صدر اور مجلس

@TESS NOT TO BE REPUBLISHED

وزرا کے درمیان تعلق کی ایک کڑی (حلقہ) ہوتے ہیں۔

4. لوک سبھا تحلیل کرنے کا مشورہ دینے کا اختیار:

وزیراعظم کے پاس صدر کو لوک سبھا تحلیل کرنے کا مشورہ دینے کا اختیار ہے۔ عام طور پر وزیراعظم صدر کو ایسا مشورہ دیتے ہیں، جب انہیں وزراء کا متوقع تعاون حاصل نہیں ہوتا۔ کابینہ میں شدید اختلافات کی وجہ سے لوک سبھا کا اعتماد کھو دیتے ہیں۔





مجلس وزراء: ہمارے آئین کے (1)74 دفعات کے تحت وزیراعظم کی سربراہی میں وزراء کی کابینہ صدر ہند کے تعاون اور مشورہ کے لئے ہونی چاہئے۔ وزیراعظم کی سربراہی میں مرکزی کابینہ حقیقی عاملہ ہے اور ملک کے پورے انتظامیہ کو سنبھالتی ہے۔ مرکزی کابینہ عوامی پالیسیوں اور منصوبوں کو بناتی اور نافذ کرتی ہے۔ مرکزی وزراء کو تین اقسام میں بانٹا جاسکتا ہے وہ یہ ہیں۔

1. کابینہ گریڈ ویز
2. ریاستی درجہ کے وزیر
3. نائب وزیر

دستور کے 91 ویں ترمیمی ایکٹ کے مطابق مرکزی کابینہ کا حجم (size) وزیراعظم سمیت لوک سبھا کے ارکان کی کل تعداد کے 15 فیصد سے زیادہ نہیں ہوسکتا۔ اس کابینہ کی دو قسم کی ذمہ داریاں ہیں۔ ہر وزیر اپنے پورٹ فولیو (محکمہ) کی ترقی کامیابی اور ناکامی کے لئے ذاتی طور پر ذمہ دار ہے اور وزراء کی کونسل کے حصّے کے طور پر انتظامیہ پالیسی اور پروگرام کے لئے اجتماعی طور پر ذمہ دار ہے۔ لہٰذا، وزراء کی کونسل پارلیمنٹ کے اعتماد تک اقتدار میں رہتی ہے لوک سبھا کے عدم اعتماد کے ذریعہ وزراء کی کونسل کو اقتدار سے ہٹا سکتے ہیں۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

ہندوستان کے وزایراعظم

			
پنڈت جواہر لال نہرو 1964-1947	لال بہادر شاستری 1966-1964	گلزاری لال نندا 1966	اندرا گاندھی 84-1980-77-1966
			
مرار جی دیسائی 1979-1977	چرن سنگھ 1980-1979	راجیو گاندھی 1989-1984	وشوانا تھ پرتاب سنگھ 1990-1989
			
آر چندر شیکھر نومبر 1990-جون 1991	پی وی نرسمہا راؤ 1996-1991	دیوے گوڈا جون 1996-اپریل 1997	اندر کمار گجرال اپریل 1997-مارچ 1998
			
اٹل بہاری واجپائی مئی 18، 1996-31 مئی 1996 مارچ 19، 1998-مئی 2004	ڈاکٹر من موہن سنگھ 2014-2004	نریندر مودی 2014	

NOT TO BE REPUBLISHED @KTBS

یہ آپ کو معلوم رہے:۔ تحریک اعتماد: اقتدار چلانے والے وزیر اعظم اور ان کی مجلس وزرا لوک سبھا میں اکثر اراکین کا اعتماد کھو دینے پر یا حمایت واپس لینے پر وزیر اعظم اور مجلس وزرا کو استعفیٰ دینا پڑتا ہے۔ اسی کو تحریک عدم اعتماد کہا جاتا ہے۔

ہندوستانی ریاستی اور مرکزی علاقے اور صدرِ مقامات

نمبر شمار	ریاست	نمبر شمار	ریاست
1	آندھرا پردیش (امراوتی)	15	منی پور (امپال)
2	اروناچل پردیش (اٹانگر)	16	میگھالیہ (شلّانگ)
3	آسام (دیس پور)	17	میزورم (ایزوال)
4	بہار (پٹنہ)	18	ناگالیڈ (کوہما)
5	چھتیس گڑھ (رائے پور)	19	اُڑیسہ (بھونیشور)
6	گوا (پانہ جی)	20	پنجاب (چندی گڑھ)
7	گجرات (گاندھی نگر)	21	راجستھا (جے پور)
8	ہریانہ (چندی گڑھ)	22	سِکسم (گینگ ٹاک)
9	ہماچل پردیش (شملہ)	23	تمل ناڈو (چنئی)
10	جھارکھنڈ (رانچی)	24	تلنگانہ (حیدرآباد)
11	کرناٹک (بنگلورو)	25	تری پورا (اگرتلا)
12	کیرلا (تروانتا پورم)	26	اُتر پردیش (لکھنو)
13	مدیہ پردیش (بھوپال)	27	اُتر کھنڈ (دہرادون)
14	مہاراشٹرا (ممبئی)	28	مغربی بنگال (کولکتہ)

مرکزی انتظامیہ

1	انڈومان اور نیکوبار جزیرہ (پورٹ بلیر)	5	جموں و کشمیر (سری نگر گرما۔ جموں سرما)
2	چنڈی گڑھ (چنڈی گڑھ)	6	لداخ (لہہ)
3	دادرا اور ناگر حویلی (دمن اور دیو)	7	لکش دیپ (کاوارتی)
4	دہلی (قومی درالحکومتی علاقہ)	8	پڈوچیری (پڈوچیری)

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

کیا آپ جانتے ہیں:

بھرار یسین: اتراکھنڈ کا گرمائی دارالحکومت۔

دھرم شالا: ریاست ہماچل پردیش کی دوسری راجدھانی۔

اٹارنی جنرل: ہندوستان کا سب سے اعلیٰ قانونی مشیر جس کا تقرر صدرِ ہند کرتے ہیں

مشقیں

I. خالی جگہوں کو مناسب الفاظ سے پر کیجیے؛

1. ہندوستان ———— کا ایک اتحاد ہے۔
2. مرکزی مجلس مقننہ ———— کے نام سے بھی بلائی جاتی ہے۔
3. راجیہ سبھا کے صدر نشین ———— ہوا کرتے ہیں۔
4. لوک سبھا کا رکن ہونے کے لیے ———— عمر ہونی چاہیے۔
5. تینوں فوج کے شعبے کے سپہ سالار ———— ہوتے ہیں۔
6. دستور ———— اور ———— کی دفعہ کے تحت صدر ہند کے چناؤ کا طریقہ بتایا گیا ہے۔
7. مرکزی عوامی خدمات کمیشن کے صدر کو ———— نامزد کرتے ہیں۔

II. ان سوالات کے جوابات لکھئے؛

8. پارلیمان کے دونوں ایوانوں کے نام بتائیے۔
9. راجیہ سبھا کی تشکیل کیسے ہوتی ہے تفصیل سے بتائیے۔
10. لوک سبھا کا رکن ہونے کے لیے درکار شرائط بتائیے۔
11. صدر ہند کے انتخاب کا طریقہ بتلائیے۔
12. وزیر اعظم کے اختیارات کی فہرست بنائیے۔
13. مرکزی مجلس وزرا کی تشکیل اور اس کی ذمہ داریاں بتائیے۔

III. سرگرمیاں؛ 1. مرکزی پارلیمان کی طرح اپنے مدرسہ میں ایک مثالی پارلیمان قائم کیجیے۔

2. اپنے علاقے کے رکن پارلیمان سے ان کے فرائض پر بحث کیجیے۔

IV. منصوبہ؛ 1. پارلیمنٹ کی تصویر بنا کر اپنے مدرسہ میں آویزاں کیجئے۔

***

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

باب - 7

ریاستی حکومت

اس باب میں درج ذیل نکات کو سمجھیں گے؛


- ریاستی مجلس مقننہ، ودھان سبھا، ودھان پریشد (کونسل) کا نوعیت، رکنیت اور کام
- ریاستی مجلس عاملہ میں گورنر، ان کی قابلیت اور کارکردگی
- وزیر اعلیٰ کا تقرر اور کام کاج



ودھان سودھا۔ بنگلورو

NOT TO BE REPUBLISHED

ہندوستان 28 ریاستوں اور 8 مرکز کے زیر انتظام علاقوں پر مشتمل ایک متحدہ قوم ہے۔ مرکزی سرکار کی طرح ریاستیں بھی اپنی ہی مجلس مقننہ اور مجلس عاملہ، مجلس عدلیہ رکھتی ہیں۔



ریاستی مجلس مقننہ:۔ (ودھان منڈل) گورنر اور دونوں ایوانوں پر مشتمل ہے۔ایوانِ بالا کو قانون ساز کونسل (ودھان پریشد) اور ایوانِ زیرین کو قانون ساز اسمبلی (ودھان سبھا) کہا جاتا ہے۔قانون ساز اسمبلی میں لوگوں کی ترجمانی ہوتی ہے جب کہ ودھان پریشد میں مختلف علاقوں کی نمائندگی ہوتی ہے۔

یہ آپ کو معلوم رہے:
کرناٹک، اتر پردیش، آندھرا پردیش، تلنگانہ، مہاراشٹرا، بہار میں دو ایوانوں والے ودھان سبھا (اسمبلیاں ہیں) اور باقی ریاستوں میں صرف ایک ہی ایوان ہے۔

ودھان سبھا

ودھان سبھا ریاستی مقننہ کا ایوانِ زیریں ہے: ودھان سبھا کے اراکین کی تعداد ریاست کی آبادی پر مبنی ہے۔کسی بھی ودھان سبھا کی نشستوں کی تعداد 500 سے زیادہ یا 60 سے کم نہیں ہونی چاہیئے۔تاہم چھوٹی ریاستوں میں سیٹوں کی تعداد کم ہے مثال: سکّم کی قانون ساز اسمبلی 32 اراکین پر مشتمل ہے۔کرناٹک کی قانون ساز اسمبلی اس وقت 224 منتخب اراکین پر مشتمل ہے۔15 ویں قانون ساز اسمبلی کے اختتام تک کرناٹک اسمبلی میں 225 اراکین تھے موجودہ 16 ویں قانون ساز اسمبلی میں 224 منتخب اراکین ہیں۔224 اراکین کا انتخاب عوام کے ذریعے کیا جاتا ہے۔ 2020 تک گورنر کو اینگلو انڈین کمیونٹی کے ایک رکن کو ریاستی اسمبلی کے لئے نامزد کرنے کی اجازت تھی۔لیکن 104 ویں آئینی ترمیمی ایکٹ کے تحت جو 2020 میں نافذ ہوا تھا۔اینگلو انڈین کمیونٹی سے ایک رکن ریاستی اسمبلی کے لئے نامزد کرنے کا طریقہ رد کر دیا گیا۔اس طرح کرناٹک کی اسمبلی میں صرف 224 منتخب اراکین ہوں گے۔اس اسمبلی میں درج فہرست ذات کے لئے 36 اور درج فہرست قبائل کے لئے 15 سیٹیں مختص کی گئی ہیں۔106 ویں آئینی ترمیم بل (Nari Shakti Vandhana Adiniyam) کے نفاذ کے بعد اسمبلیوں میں 33% سیٹیں عورتوں کے لئے مخصوص ہونی چاہئیں۔

سرگرمی:
اپنے حلقے ممبران اسمبلی سے ملیں اور ان کی سرگرمیوں پر تبادلۂ خیال کریں۔

رکنیت کے لیے درکار صلاحیت:

(1) ہندوستان کا شہری ہو۔
(2) پچیس سال کی عمر ہو۔
(3) حکومت کے کسی عہدے پر نہ ہو۔
(4) عدالت سے سزا یافتہ نہ ہو۔
(5) ذہنی مریض نہ ہو۔
(6) دیوالیہ نہ نکلا ہو۔
(7) پارلیمان سے منظور شدہ دیگر صلاحیتوں کا حامل ہو۔

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

اختیاری مدت: دودھان سبھا کی اختیاری مدت پانچ سال ہوتی ہے۔ میعاد سے پہلے ہی کابینہ کی سفارش پر ودھان سبھا کی تحلیل وزیرِ اعلیٰ کی سربراہی میں کی جاسکتی ہے۔ اس موقعہ پر ریاست صدر ہند کے زیر انتظام ہوتی ہے اگر اراکین اپنی رکنیت کو باقی رکھنا نہیں چاہتے ہیں تو سبھا کے صدر کو اپنا استعفیٰ دے سکتے ہیں۔

انتخاب میں جیتنے والے اراکین میں سے کسی ایک کو ودھان سبھا کے صدر کی حیثیت سے اور دوسرے کو نائب صدر کی حیثیت سے چنا جاسکتا ہے۔ دودھان سبھا کی کاروائیاں ان کی صدارت میں چلتی ہیں۔ اسمبلی میں امن، نظم وضبط کی دیکھ بھال اس کا وقار بڑھانا، ودھان سبھا کی بیٹھک بلانا یا آگے بڑھانا، اراکین کے حقوق کی دیکھ بھال، ودھان سبھا میں ووٹنگ کی صورت میں برابر برابر ووٹ ہوں تو اپنا فیصلہ کن ووٹ کا استعمال کرتے ہوئے کارروائی کو آگے بڑھانا۔

سرگرمی:
اسمبلی کے اجلاس کے موقعہ پر وہاں جا کر اجلاس کا جائزہ لیجیے وہاں ہونے والی بحث پر مختصر نوٹ لکھئے۔

مجلس مقننہ کے کام کاج اور اختیارات اور افعال:

قانون سازی کے اختیار اور افعال: ریاستی مقننہ کے کسی بھی ایوان میں ایک عام بِل پیش کی جاسکتی ہے۔



سورنا ودھان سودھا بیلگاوی

قانون ساز اسمبلی سے منظور شدہ بِل قانون ساز کونسل کو بھیجی جاتی ہے۔ قانون ساز کونسل تین ماہ میں ترمیم کے ساتھ یا اس کے بغیر اپنی منظوری دے کر بِل اسمبلی کو واپس کرنا ہے۔ اگر اسمبلی بلِ کو دوسری بار منظوری کے لئے بھیجتی ہے تو قانون ساز کونسل ایک ماہ کے اندر اس کو منظوری کے ساتھ اسمبلی کو واپس کرنا ہے۔ بِل گورنر کے دستخط کے لئے بھیج دیا جاتا ہے۔

مالیاتی اختیارات اور افعال: مالیاتی معاملہ میں ودھان سبھا کو زیادہ اختیار حاصل ہوتا ہے۔ مالیاتی بل ودھان سبھا میں پہلے پیش ہونا چاہیے۔ ودھان سبھا میں منظور شدہ مسودہ ودھان پریشد کو بھیجا جاتا ہے۔ ودھان پریشد کو اس مسودے کو مسترد کرنے کا کوئی حق نہیں ہوتا پھر بھی چودہ دنوں تک اپنے پاس رکھ سکتا ہے۔ قانون ساز اسمبلی سے بِل

@KTBS TO BE REPUBLISHED

منظور کر کے گورنر کے دستخط کے لئے بھیج دی جاتے ۔اس سے واضح ہوتا ہے کہ قانونساز کونسل کے پاس مالیات سے متعلق کوئی اختیارات نہیں سوائے مالیاتی بِل کے 14 دن تک موخیر کرسکتی ہے۔

مجلس عاملہ کے اختیارات افعال: ریاستی مجلس عاملہ ودھان سبھا کو جواب دہ ہوتی ہے۔ودھان سبھا کا اعتماد رہنے تک مجلس وزراء اپنا کاروبار جاری رکھ سکتی ہے۔مجلس وزراء (کابینہ) کا ہر ایک وزیر انفرادی طور پر اور ساری مجلس وزرا مجموعی طور پر ودھان سبھا کی طرف ذمہ دار ہوتی ہے۔

1) **انتخابی اختیارات افعال:** صدر ہند، راجیہ سبھا اراکین، ودھان پریشد کے اراکین، ودھان سبھا کے صدر کے انتخاب میں حصہ لیتے ہیں۔

2) **آئین میں ترمیم کے اختیارات افعال:** کچھ دستوری ترمیم بلوں کے لئے نصف ریاستی (50%) قانون ساز اسمبلیوں کی منظوری حاصل ہونی چاہئے ۔مثال کے طور پر دستور کی 122ویں ترمیمی بِل جو GST (جی ایس ٹی) تعلق رکھتی ہے۔

3) **دیگر اختیارات افعال:** قانون ساز اسمبلی کے اراکین پارلیمنٹ کے منظور کردہ بلوں پر اگر ضرورت پڑے تو بحث کرتے ہیں ۔ ریاستی پبلک سروس کمیشن کی رپورٹوں اور دیگر رپورٹوں پر قانون ساز اسمبلی میں بحث کی جاتی ہے۔

ودھان پریشد: ریاستی قانون ساز ایوان بالا کو ودھان پریشد کہا جاتا ہے۔اس کے اراکین کی تعداد اس ریاست کے ودھان سبھا کے اراکین کی تعداد کے ایک بٹہ تین کے برابر ہوتی ہے۔مگر اراکین ودھان سبھا کی تعداد چالیس سے کم نہیں ہونا چاہیے۔اسی وجہ سے بعض ریاستوں میں ودھان پریشد نہیں ہوتی۔کرناٹک کے ودھان پریشد کے اراکین کی تعداد 75 ہوتی ہے۔یہ اراکین سماج کے 5 حلقوں کی نمائندگی کرتے ہیں۔ ودھان سبھا کے اراکین سے، مقامی اداروں کے اراکین سے، گریجویٹ حلقوں سے، اساتذہ کے حلقوں سے چند ایک اراکین چنے جاتے ہیں۔فن، ادب، تعلیم، سماجی خدمات، سائنس وغیرہ حلقوں کی خدمات کا لحاظ کرتے ہوئے گورنر ان کو نامزد کرتے ہیں۔ودھان پریشد ایک مستقل ادارہ ہوتا ہے۔ہر دو سال کے بعد ایک مدت پوری ہونے والے اراکین وظیفہ یاب یا سبکدوش ہوجاتا ہے۔قانون ساز کونسل کے چیرمین کا انتخاب قانون ساز کونسل کے اراکین کرتے ہیں چیرمین کی قیادت میں کونسل کی کاروائیاں چلتی ہیں ۔ چیرمین کی ذمہ

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

داری ہے کہ وہ کونسل کی عزت (وقار) اور سجاوٹ کو برقرار رکھے، اجلاس کو طلب کرنا اور ملتوی کرنا، اراکین کے حقوق کی حفاظت کرنا وغیرہ۔ بلوں کو مساوی ووٹ ملنے پر فصیلہ کن ووٹ چیرمین کا ہوتا ہے۔

ودھان پریشد کے اراکین کے لیے درکار صلاحیت:

(1) ہندوستانی شہری ہو۔

(2) تیس سال کی عمر والا ہو۔

(3) ودھان سبھا کا رکن بننے کے لیے درکار صلاحیت اور تمام قابلیتیں رکھتا ہو۔

(4) عدالت سے سزا یافتہ نہ ہو۔

(5) دماغی یا ذہنی مریض نہ ہو۔

(6) دیوالیہ نہ نکلا ہو۔

(7) حکومت کے کسی منافع بخش عہدے پر فائز نہ ہو۔

منتخب رکن کے اختیار کی مدت چھ سال ہوتی ہے۔ ہر دو سال بعد 1/3 اراکین سبکدوش ہوتے ہیں۔ ان اراکین میں سے ایک صدر نشین ہوتا ہے تو دوسرا نائب صدر نشین ہوتا ہے۔ صدر نشین ودھان سبھا کی صدارت سنبھالتے ہوئے ودھان سبھا کی کاروائی کو کامیابی کے ساتھ سنبھالتے آگے بڑھانے کا اختیار رکھتے ہیں۔

اختیارات:

ودھان پرشید کے قانون سازی کے اختیارات: قانون سازی میں ودھان پریشد بھی اپنا اختیار رکھتا ہے۔ عام مسودۂ قانون دونوں سبھاؤں میں پیش کیا جانا چاہیے۔ ایک سبھا کی منظوری کے بعد مسودۂ قانون ساز کونسل میں پیش کرنا چاہیے ایک سبھا میں مسودۂ قانون منظور ہونے کے بعد دوسرے سبھا کو بھیجا جاتا ہے۔ ودھان پریشد مسودۂ قانون کو تین مہینے تک روکے رکھ سکتا ہے۔ دوسری مرتبہ بھیجے جانے پر ایک مہینے کے اندر منظوری دیدی جانی چاہیے ورنہ دونوں سبھاؤں سے منظور شدہ ہے سمجھ کر گورنر کی منظوری کے لیے بھیجا جائے گا۔

سرگرمی:
اپنے علاقے کے رکن اسمبلی سے ملاقات کر کے ان کے کام کاج کے بارے میں معلومات حاصل کیجیے۔

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

مالیاتی اختیاراور افعال: مالیاتی معاملات میں ودھان سبھا زیادہ اختیارات رکھتی ہے۔ ودھان پریشد کو صرف چودہ دنوں تک اپنے پاس رکھنے کا حق رکھتی ہے۔ چودہ دنوں سے زیادہ اپنے پاس رکھ لینے کی صورت میں دونوں سبھاؤں میں منظوری مل چکی ہے سمجھ کر گورنر کی منظوری کے لیے بھیجا جاسکتا ہے۔

انتظامی اختیاراور افعال: یہ انتظامیہ پر کم اختیار رکھتا ہے۔ اراکین، وزرا سے سوالات کے ذریعے معلومات حاصل کرسکتے ہیں۔ اگر جواب اطمینان بخش نہ ہوتو وزیر کے استعفیٰ کا مطالبہ کیا جاسکتا ہے مگر عدم اعتماد کی تحریک پیش نہیں کی جاسکتی۔

ریاستی مجلس عاملہ

ریاستی مجلس عاملہ گورنر، وزیراعلیٰ اور کابینہ مجلس وزرا پر مشتمل ہوتی ہے۔ گورنر دستوری سربراہ ہے تو وزیراعلیٰ کے ساتھ وزراء کی کونسل اصل عاملہ ہے۔

سرگرمی:
ہماری ریاست کے اب تک کے وزیرائے اعلیٰ کے ناموں کی فہرست اوران کی مدت کار کی فہرست تیار کیجیے۔

گورنر: وزیراعظم اور مجلس وزرا کی سفارش پر گورنر کا تقرر صدرِ ہند کرتے ہیں ۔ ہرایک ریاست کا ایک گورنر ہونے کا قاعدہ ہے۔ مگر ایک یا ایک سے زیادہ ریاستوں کو ایک ہی گورنر کا تقرر ہوسکتا ہے۔

قابلیت، مدت اختیاراور تنخواہ کی سہولت:

(1) ہندوستانی شہری ہو (2) 35 سال سے زیادہ عمر والا ہو (3) کسی بھی سرکاری عہدے پر نہ ہو (4) پارلیمانی یا ریاستی مجلس عاملہ کا رکن نہ ہو۔ اگر رکن ہے تو گورنر کی جانب سے نامزد ہونے کے بعد رکنیت سے استعفیٰ دینا ہوگا۔ گورنر کی مدت اختیار پانچ سالہ ہوتی ہے۔ مگر اگلے گورنر کی نامزدگی تک یہ اپنے اقتدار میں باقی رہیں گے۔

ان کو پارلیمان کی جانب سے مقرر کردہ تنخواہ، بھتہ بغیر کرایے کا مقررہ مکان لوک بھون (راج بھون) دیا جائے گا۔ ان کے اختیارات کے کام و کاج کو عدالت میں سوال نہیں کیا جاسکتا اور نہ ہی مجرمانہ مقدمہ دائر کیا جاسکتا ہے۔

©KSEBS NOT TO BE REPUBLISHED

کام کاج اوراختیارات اور افعال: پابندقانون سارے اختیارات گورنر کے پاس ہوتے ہیں۔ درحقیقت مجلس وزراء کے ساتھ وزیراعلیٰ ان اختیارات کا استعمال کرتا ہے باوجوداس کے گورنر کے اختیارات حسب ذیل ہیں۔

مجلس عاملہ کے اختیارات گورنرمجلس عاملہ کے سربراہ ہوتے ہیں۔ ریاست کے وزیراعلیٰ اور ان کی سفارش پر دیگروزرا کا تقرر کرتے ہیں۔ وہ ریاستی عوامی خدماتی کمیشن کے چیرمین اورممبران ریاستی کمیشن برائے خواتین کے چیرمین اور اراکین ، بچوّں کے حقوق کے تحفظ کے لئے ریاستی کمیشن کے چیرمین اور اراکین پسماندہ طبقات کے لئے ریاستی کمیشن کے چیرمین اوراراکین کا بھی تقرر کرتے ہیں۔ وہ تمام ریاستی یونیورسٹیوں کے چانسلر ہوتے ہیں اور یونیورسٹیوں کے وائس چانسلر کا تقرر کرتے ہیں۔

قانونی سازی کے اختیارات اور افعال: سبھا کی بیٹھک بلانے کا یا ملتوی کرنے کا یا وزیراعلیٰ کی سفارش پر اسمبلی کو تحلیل کرنے ودھان سبھا کو ایک رکن اور ودھان پریشد کو ایک بٹہ چھ اراکین کو نامزد کرنے کا اختیار رکھتے ہیں۔ یہ اراکین فن، ادب، سائنس، سماجی خدمات سے تعلق رکھتے ہیں۔ مجلس عاملہ کے منظورکردہ مسودہ کو اپل منظوری دینے اور روک رکھنے کا اختیار رکھتے ہیں۔ ضرورت پڑنے پر صدر جمہوریہ کی منظوری کے لیے بھی بھیج سکتے ہیں۔

بحث ومباحثہ:
ریاستی قوانین کو گورنر کے حکم کے مطابق، قومی قوانین کو صدر، جمہوریہ کے نام سے جاری کیا جاتا ہے کیوں؟

مالیاتی اختیارات اور افعال:۔ گورنر کی منظوری کے بغیر مالیاتی مسودہ ودھان سبھا میں پیش نہیں کیا جاسکتا۔ ریاستی مالیاتی کمیشن، منصوبہ کمیشن کے لیے نامزد کرنے کا اختیار رکھتے ہیں۔ ریاست کی ہنگامی مالی دفعہ ان کے تصرف میں رہتی ہے۔ قحط، سیلاب، زلزلہ جیسی حادثاتی واقعات کو سنبھالنے کے لیے یہ رقم جاری کرنے کا اختیار رکھتے ہیں۔

عدالتی اختیارات اور افعال:۔ جرم کا ارتکاب کرنے کے بعد سزا یافتہ کو معاف کرنے یا سزا گھٹانے یا آگے بڑھانے یا سزا ہی بدل دینے کا حق ان کو رہتا ہے۔ ریاستی اڈوکیٹ جنرل، ریاستی جج کے نامزد کرنے کا انہیں اختیار ہوتا ہے۔

©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

غور وفکر کا اختیارات اور افعال: ریاست کے وزیر اعلیٰ کے تقرر کے موقعہ پر غور وفکر کرتے ہیں۔ مجلس عاملہ کے منظور کردہ مسودہ صدر جمہوریہ کے دستخط کے لیے محفوظ کرنا، ریاست میں دستوری بحران یا دستوری ناکامی پیدا ہونے کی صورت میں صدر جمہوریہ کو رپورٹ بھیج کر صدر جمہوریہ کا انتظامیہ لاگو کرنے اور وزیر اعلیٰ، مجلس وزرا کو برطرف کر سکتے ہیں۔ ودھان سبھا کو تحلیل کر سکتے ہیں۔

ریاستی مجلسی وزراء:

ہمارا دستور ریاستی وزیر اعلیٰ کی قیادت والی مجلس وزرا کو موقعہ دیا ہے مجلس وزرا گورنر کے کام کاج میں تعاون کرتی ہے اور ودھان سبھا کو جواب دہ رہتی ہے یہ مجلس وزرا کئی ایک کام انجام دیتی ہے۔

سرگرمی:
ہماری ریاست کے اب تک کے گورنر کے ناموں کی فہرست اور ان کے مدت کی فہرست تیار کیجئے۔

(1) یہ حکومت کا فیصلہ اور پالیسیاں طے کرتی ہے۔

(2) ریاست کا بجٹ تیار کر کے اسے مقننہ میں پیش کرتی ہے۔

(3) ریاستی عوامی خدمات کمیشن کے صدر، اراکین، لوک آیکتہ کے افسران کا تقرر کرتے ہوئے ان کے متعلق گورنر سے سفارش کرتی ہے۔

(4) ہر ایک وزیر اپنے قلمدان (محکمہ) سے متعلق کام کاج کو سنبھالنے اور چلانے کی نگرانی کرنا۔

(5) مختلف محکموں کے کام کاج کی سرپرستی یا نگرانی کرتے ہوئے ان کی مابین تال میل پیدا کرنا اس طرح مجلس وزرار ریاست کی اصلی مجلس عاملہ کی طرح کام کاج کی نگرانی کرتی ہے۔

وزیر اعلیٰ:

وزیر اعلیٰ ریاست کی حکومت کے سربراہ ہوتے ہیں۔ ریاستی حکومت کی کامیابی یا ناکامی ان کی ذاتی صلاحیت پر مبنی ہوتی ہے۔ ریاست کے تمام اقتدار ان ہی کے ذمہ ہوتے ہیں۔ یہ مجلس عاملہ، مجلس قانون ساز اور اکثریت والی جماعت کے قائد ہوتے ہیں۔ وزیر اعلیٰ بننے کے لئے ریاست کی مجلس قانون مقننہ کے کسی ایک ایوان کی رکنیت رکھنا ضروری ہے۔ وہ شخص بھی وزیر اعلیٰ بن سکتا ہے جو کسی بھی ایوان کا رکن نہیں ہے مگر اسے 6 ماہ کے اندر کسی ایک ایوان کا رکن بننا ہوگا اگر گورنر برائے نام عاملہ ہے جبکہ وزیر اعلیٰ کی سربرائے میں کابینہ حقیقی عاملہ ہے۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

وزیراعلیٰ کے اختیاری کام کاج:

1. وزرا کی فہرست تیار کرتے ہوئے گورنر کو ان ناموں کی سفارش کریں گے۔
2. وزرا کو قلمدانوں کی تقسیم کرنا اُن میں تبدیلی لانے کی سفارش کریں گے۔
3. وہ گورنر سے سفارش کرسکتا ہے کہ ان وزراء کو ہٹا دیا جائے جو حکومت کے وفادار نہیں ہیں۔
4. حکومت کا سربراہ ہوتے ہوئے پالیسیوں کی تشکیل میں اہم کردار نبھاتے ہیں۔
5. مجلس وزرا کی صدارت سنبھالتے ہوئے مجلس کا اجلاس بلانے، ملتوی کرنے کا اختیار رکھتے ہیں۔
6. مختلف محکموں کے کام کاج کی نگرانی کرتے ہوئے ان کے مابین تال میل پیدا کرنے کا کام کرتے ہیں۔
7. مدت کار ختم ہونے سے پہلے گورنر کو اسمبلی تحلیل کرنے کی سفارش کرسکتے ہیں۔
8. گورنر اور مجلس وزرا کے مابین پُل کی حیثیت سے کام کرتے ہیں۔
9. وزیراعلیٰ گورنر کے مشیر کی حیثیت سے رہتے ہوئے مختلف عہدوں کی نامزدگی کے لیے سفارش کریں گے۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

کرناٹک کے وزرِاعلیٰ اور ان عہدے کی معیاد

شمارہ	وزیرِاعلیٰ	دفتر کے مدت
1	شری کے سی ریڈی	25 اکتوبر 1947 تا 30 مارچ 1952
2	شری کینگل ہنومنتیا	30 مارچ 1952 تا 19 اگست 1956
3	شری کڈیڈال منچپا	19 اگست 1956 تا 21 اکتوبر 1956
4	شری ایس نجالنگپا	1 نومبر 1956 تا 16 مئی 1958
5	شری بی ڈی جُٹی	16 مئی 1958 تا 9 مارچ 1962
6	شری ایس آر کانتی	14 مارچ 1962 تا 20 جون 1962
7	شری ایس نجالنگپا	21 جون 1962 تا 28 مئی 1968

8	شری ویریندر پاٹل	29 مئی 1968 تا 18 مارچ 1971
	صدر کی حکومت	19 مارچ 1971 تا 20 مارچ 1972
9	شری ڈی دیوراج ارس	20 مارچ 1972 تا 31 دسمبر 1977
	صدر کی حکومت	31 دسمبر 1977 تا 28 فروری 1978
10	شری ڈی دیوراج ارس	28 فروری 1978 تا 7 جنوری 1980
11	شری آر گنڈوراؤ	12 جنوری 1980 تا 6 جنوری 1983
12	شری رام کرشنا ہیگڈے	10 جنوری 1983 تا 29 ڈسمبر 1984 8 مارچ 1985 تا 13 فروری 1986 16 فروری 1986 تا 10 اگست 1988
13	شری ایس آر بومئی	13 اگست 1988 تا 21 اپریل 1989
	صدر کی حکومت	21 اپریل 1989 تا 30 نومبر 1989
14	شری ویریندر پاٹل	30 نومبر 1989 تا 10 اکتوبر 1990
	صدر کی حکومت	10 اکتوبر 1990 تا 17 اکتوبر 1990
15	شری ایس بنگارپا	17 اکتوبر 1990 تا 19 نومبر 1992
16	شری ایم ویرپا مویلی	19 نومبر 1992 تا 11 دسمبر 1994
17	شری ایچ ڈی دیوے گوڑا	11 دسمبر 1994 تا 31 مئی 1996
18	شری جے ایچ پاٹل	31 مئی 1996 تا 7 اکتوبر 1999
19	شری ایس ایم کرشنا	11 اکتوبر 1999 تا 28 مئی 2004
20	شری این دھرم سنگھ	28 مئی 2004 تا 2 فروری 2006
21	شری ایچ ڈی کمارسوامی	3 فروری 2006 تا 8 اکتوبر 2007
	صدر کی حکومت	8 اکتوبر 2007 تا 12 نومبر 2007
22	شری بی ایس یڈیورپا	12 نومبر 192007 نومبر 2007
	صدر کی حکومت	20 نومبر 2007 تا 29 مئی 2008
23	شری بی ایس یڈیورپا	30 مئی 2008 تا 4 اگست 2011

NOT TO BE REPUBLISHED @KTBS

24	شری ڈی وی سدانند گوڑا	5 اگست 2011 تا 11 جولائی 2012
25	شری جگدیش شٹر	12 جولائی 2012 تا 12 مئی 2013
26	شری سدارامیہ	13 مئی 2013 تا 15 مئی 2018
27	شری بی ایس یڈویرپا	17 مئی 2018 تا 23 مئی 2018
28	شری ایچ ڈی کمارسوامی	23 مئی 2018 تا 23 جولائی 2019
29	شری بی ایس یڈویرپا	26 جولائی 2019 تا 26 جولائی 2021
30	شری بساوراج بومئی	27 جولائی 2021 تا 20 مئی 2023
31	شری سدارامیہ	20 مئی 2023

* اڈویکیٹ جنرل ریاست کا سب سے اعلیٰ قانون افسر ہے۔
* کرناٹک اسٹیٹ پلاننگ بورکا نام اب اسٹیٹ انسٹیوٹ فار ٹرانسفارمیشن آف کرناٹکا (SITK) رکھا گیا ہے۔
* کرناٹک کے وزیر اعلیٰ کی فہرست اور ان کی مدتکار کرناٹک ہینڈ بک سے لی گئی ہے۔

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

مشقیں

I خالی جگہوں کو مناسب الفاظ سے پر کریں؛

1. ہندوستان _____ ریاستوں اور _____ مرکز کے زیر انتظام علاقوں پر مشتمل ہے۔
2. کرناٹک ریاست کے ودھان پریشد کے _____ اراکین ہوتے ہیں۔
3. ریاستی مجلس وزرا _____ اور _____ پر مشتمل ہوتی ہے۔
4. گورنر _____ سے نامزد ہوتے ہیں۔

II. درج ذیل سوالوں کے جوابات دیجیے؛

5. ریاست کی ودھان سبھا کی تشکیل کے بارے میں بتائیے۔
6. ریاست کی ودھان سبھا کے اراکین کن کن علاقوں کی نمائندگی کرتے ہیں۔
7. گورنر کی صلاحیت اور مدت اختیار کی تفصیل بتائیے۔
8. وزیر اعلیٰ کے متعلق ایک نوٹ لکھئے۔

III. سرگرمی:

1. کرناٹک کی ودھان سبھا اور ودھان پریشد کا دورہ کیجیے اجلاس کی کاروائی دیکھتے ہوئے اس کی کاروائی درج کیجیے۔
2. ریاستی مجلس قانون ساز کا دورہ کرتے ہوئے مدرسہ سبھا کی تشکیل کیجیے۔

IV. منصوبہ جاتی کام:

1. اپنے علاقہ کے رکن اسمبلی، اسمبلی اجلاس سے متعلق بحث کیجیے۔
2. اب تک کے کرناٹک کے وزرائے اعلیٰ کی تصاویر پر مشتمل ایک البم تیار کیجیے۔

***

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

باب - 8

عدلیہ

اس باب میں درج ذیل نکات کو سمجھیں گے؛

- عدالتِ عظمیٰ اور عدالتِ عالیہ کے کام کاج اور ذمہ داریاں، یکساں عدلیہ کا نظام
- مختلف ذیلی عدالتوں کے کام کاج
- لوک عدالت کی نوعیت اور ذمہ داریاں

© SCERT NOT TO BE REPUBLISHED

ہمارا عدالتی نظام ایک مشترکہ عدالتی نظام ہے جو بہت اہمیت والا ہے۔ یعنی امریکہ کی طرح مرکزی علاقوں کو علاحدہ عدالتیں نہ ہوکر سارے ملک کے لیے ایک ہی عدالتی نظام ہے۔ ہمارا عدالتی نظام مجلس وزرا اور مجلس عاملہ سے آزاد ہے۔ سپریم کورٹ اور اس کی ماتحت عدالتیں اور ضلعی عدالتیں، عدالتیں سپریم کورٹ کے زیر قابو اپنے کام انجام دیتی ہیں۔ انصاف، دستور، قانون سازی روایتی اور سابق میں دئے گئے فیصلوں کے دفعات انصاف کے فیصلوں کی بنیاد ہوتے ہیں۔ ان سب کے لیے سپریم کورٹ ہی ملک کی سب بڑی انصاف دینے والی اتھارٹی ہے۔ اس کا فیصلہ حتمی ہوتا ہے۔

سپریم کورٹ (عدالت عظمیٰ):

دستور ہند میں جیسا کہ بتایا گیا ہے پارلیمنٹ میں منظور شدہ قانون کے تحت سپریم کورٹ (عدالت عظمیٰ) کا قیام 28 جنوری 1950 کو ہوا اور یہ عدالت دہلی میں ہے۔ اس عدالت عظمی کے چیف جسٹس اور دیگر جج صاحبان کا تقرر صدر جمہوریہ کرتے ہیں۔ اس عدالت میں چیف جسٹس سمیت 34 جج ہوتے ہیں۔

اس عدالت میں جج (منصف) مقرر ہونے والوں کے لیے درکار قابلیت یوں ہے؛

(1) ہندوستان کے شہری ہوں۔

(2) وہ کسی بھی عدالت عظمی میں کم از کم پانچ سال کی مدت بحیثیت جج خدمت انجام دیا ہو یا پھر کس عدالت عالیہ (ہائی کورٹ) میں بحیثیت وکیل کے دس سال خدمت انجام دیا ہو۔

(3) صدر جمہوریہ کے خیال کے مطابق انصاف کرنے میں ماہر ہو۔



سپریم کورٹ نئی دہلی

تقرر، مدتِ ملازمت اور برطرفی:

سپریم کورٹ کے چیف جسٹیس اور دیگر ججوں کا تقرر صدر کرتے ہیں چیف جسٹیس کی تقرری میں سپریم کورٹ کے سینئر جج کا انتخاب ہوتا ہے۔ سپریم کورٹ کے دیگر ججوں کا تقرر صدرِ ہند سپریم کورٹ کے چیف جسٹیس اور 4 سینئر ججوں پر مشتمل ایک کمیٹی کی سفارش پر کرتے ہیں۔ اس عدالت عظمی کے جج کی وظیفہ یابی کی عمر پینسٹھ سال ہو یا اس سے پہلے وہ صدر جمہوریہ کو اپنا استعفیٰ پیش کرے۔ اگر جج اپنے فرض کی ادائیگی میں کوئی غلطی کرے تو پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کے مقررہ اکثریت کی سفارش پر صدر جمہوریت اسے برطرف کر سکتے ہیں۔ وظیفہ یاب یا برطرف شدہ جج کسی بھی عدالت میں کوئی مقدمہ لڑ نہیں سکتا۔ ان کی تنخواہ اور دیگر اخراجات پارلیمنٹ قانوں بنا کر فیصلہ کرے گی۔ (Consolidated fund)

اختیار والے کام

1) **بنیادی اختیار کا احاطہ:** مرکز اور ریاستوں کے درمیان یا ایک ریاست اور دیگر ریاستوں کے مابین پیدا ہونے والے تنازعات کو حل کرنے کا اختیار عدالت عظمیٰ کو ہوتا ہے۔ بنیادی حقوق کی حفاظت کرنا۔ دستور کو بامعنی تفصیل فراہم کرنے کا حق حاصل ہے۔

2) **رِٹ عرضی کے اختیار کا احاطہ:** نچلی عدالتوں کے دئے گئے فیصلہ کے خلاف رٹ گذار عدالت عظمیٰ

© SCERT TBS NOT TO BE REPUBLISHED

میں رٹ عرضی داخل کرنے کا حق رکھتا ہے۔ایسی رٹ عرضی قبول کرتے ہوئے تحقیق کرنے کا حق اس عدالت کو حاصل ہے اور رٹ عرضی داخل کرنے کی خصوصی اجازت دینے کا اختیار بھی اس عدالت کو ہے۔

3) **صلاح دینے کے اختیار کا احاطہ:** عوامی طور پر اہم مسائل پر صدر جمہوریہ کے صلاح مشورہ طلب کرنے پر عدالت عظمیٰ کو مشورہ دینے کا حق حاصل ہے۔

(4) **عدالتی نظر ثانی کے اختیارات:**۔عدالتِ عظمیٰ کے پاس اس بات کا جائزہ لینے کا اختیار ہے کہ مجلس مقننہ کے ذریعے بنائے گئے قانون او عاملہ کے احکام اور فیصلے دستوری ہیں یا نہیں۔اگر یہ دستوری نہیں ہیں تو غیر دستوری قرار دیا جاتا ہے۔اس کو عدالتی نظر ثانی کہا جاتا ہے۔

(5) بنیادی حقوق کا تحفظ:۔ دستور کے دفعہ 32 کے تحت سپریم کورٹ کو خصوصی حکم (writ) جاری کرکے بنیادی حقوق کا تحفظ کرنے کا حق ہے۔چنانچہ سپریم کورٹ بنیادی حقوق کا محافظ کہلاتا ہے ڈاکٹر بی آر امبیڈکر نے دستوری دفعہ 32 کو دستور کا 'دل' اور 'روح' قرار دیا ہے۔عدالت عظمیٰ بنیادی حقوق کی خلاف ورزی کی صورت میں 5 قسم کے رٹ جاری کرتا ہے وہ درج ذیل ہیں۔

1) گرفتاری کی رٹ (Habeas corpus)

2) فرمانِ اعلیٰ (mandamus)

3) پابندی کا حکم (Prohibition)

4) سرشیوراری (مسل طلبی) (certiorari)

5) (کووارنٹ) عدالتی حکم نامہ (co-warrant)

سپریم کورٹ کے ان اختیارات اور افعال کے پیش نظر یہ واضح ہوتا ہے کہ سپریم کورٹ ہندوستان کے عدالتی نظام میں بہت اہم کردار ادا کرتی ہے۔عدالتِ عظمیٰ آئین کا تحفظ کرتی ہے۔

* جسٹیس ہری لال کنیا ہندوستان کے سپریم کورٹ کے پہلے چیف جسٹیس تھے۔
* جسٹیس دھنجیا چندر چوڑ ہندوستان کی عدالتِ عظمیٰ کے 50ویں چیف جسٹیس ہیں۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED



کرناٹک ہائی کورٹ (عدالت عالیہ)- بنگلورو

عدالت عالیہ (ہائی کورٹ): ہر ریاست میں ایک عدالت عالیہ ہو یہ بات ہمارے دستور میں بتائی گئی ہے دو یا اس سے زیادہ ریاستوں کے لیے ایک ہی عدالت ہوسکتی ہے۔ عدالت عالیہ ایک چیف جج اور دوسرے جج صاحبان پر مشتمل ہوتی ہے۔ ایک عدالت عالیہ کے ججوں کی تعداد ایک ریاست سے دوسری ریاست میں مختلف ہوتی ہے۔

ہائی کورٹ یا عدالت عالیہ میں چیف جسٹس ہونے کے لیے درکار صلاحیتیں:

یہ آپ کو معلوم رہے: (1) 1862 میں انگریزوں نے ہندوستان میں کلکتہ، ممبئی اور مدراس میں تین ہائی کورٹ کی بنیاد رکھی۔ موجودہ دور حکومت میں 25 عدالت عالیہ ہیں۔ کلکتہ کا ہائی کورٹ ہندوستان کا پہلا ہائی کورٹ تھا۔

(2) پنجاب، ہریانہ اور چندی گڑھ ریاستوں کے لیے ایک ہی عدالت عالیہ ہے۔ اسی طرح آسام منی پور میگھالیہ، تریپورہ، ناگالینڈ، میزورم اور اروناچل پردیش کے لیے آسام کے گوہاٹی میں ایک ہی عدالت عالیہ ہے۔

(3) کرناٹک میں حال ہی میں بنگلور کی عدالت عالیہ 1884 میں قائم کی گئی اس کے ساتھ ساتھ دھارواڑ میں اور گلبرگہ میں متحرک بنچ قائم کی گئی ہے۔ 2008 میں قائم کئے گئے 2013 ان بینچوں کو مستقل میں تبدیل کر دیا گیا ہے۔

(1) ہندوستانی شہری ہو۔

(2) کم از کم دس سال کسی بھی عدالت میں منصف کی حیثیت سے خدمات انجام دی ہو یا دس سال کی مدت عدالت عالیہ میں وکیل کی حیثیت سے خدمت انجام دی ہو۔

تقرر، مدت، ملازمت اور برطرفی: ہائی کورٹ کے چیف جسٹس کا تقرر صدر کے ذریعہ کالجیم کی سفارش پر کیا جاتا ہے جس میں چیف جسٹس آف انڈیا اور سپریم کورٹ کے دیگر چار سینئر ججس اور مرکزی کابینہ کے مشورے پر

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

مشتمل ہوتا ہے۔ ہائی کورٹ کے دیگر ججوں کا تقرر صدر سپریم کورٹ کے چیف جسٹس اور دیگر سینئر ججوں پر مشتمل کالجیم کی سفارش پر کرتے ہیں۔ ہائی کورٹ کے ججوں کے چیف جسٹس کے کی ریٹائرمنٹ کی عمر 62 سال ہے۔ وہ اس سے پہلے بھی اپنا استعفیٰ صدر کو پیش کر سکتے ہیں۔ انہیں صدر کے ذریعہ پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کی قطعی اکثریت کی سفارش پر صوبائی بدانتظامی کی بنیاد پر ہٹایا جاسکتا ہے۔ تنخواہ اور الاؤنسیز کا تعین پارلیمنٹ قانون بنانا کرتی ہے۔ اُن کی تنخواہ اور الاؤنیسز ریاست کے کنسولیڈیٹڈ فنڈ سے ملتی ہے۔

عدالت عالیہ کے اختیاری کام کاج:

اس عدالت کا دائرۂ کار ساری ریاست پر پھیلا ہوا ہوتا ہے۔ اس سے صادر ہونے والے کام یوں ہوتے ہیں۔

1. ازدواجی تعلق سے متعلق تنازاعات، موت نامہ، (Death Certificate) اور توہینِ عدالت جیسے معاملات اس کے اصل دائرے میں آتے ہیں۔
2. ذیلی عدالتوں سے دئے گئے فیصلوں کے خلاف عدالت عالیہ کورٹ دینے پر اسے قبول کرتے ہوئے اس پر فیصلہ سنانے کی درخواست پر حق رکھنے والا ادارہ۔
3. عدالت عالیہ کے دائرۂ کار میں آنے والی ذیلی عدالتیں اپنے اندر ہی تبادلے کے لیے چند ایک قوانین پر ذیلی عدالتیں عمل پیرا ہوئے اور سارے دستاویزات جمع کر لینے کی ہدایت دے کر ان پر سنوائی کرنے کا حق بھی رکھتی ہے۔ ان سب کے علاوہ افسران کا تقرر اور قابو بنیادی حقوق تحفظ مختلف رٹ عرضیاں قبول کرتے ہوئے انصاف دلانے کا کام کرنا۔

ماتحت عدالتیں: 1948 میں منعقد ہوئے عدالتوں کی کانفرنس میں ذیلی عدالتوں خود اختیاری ہونے کی پرزور تائید کی گئی۔ جس کے نتیجہ میں دستور ہند میں ذیلی عدالتوں کی تشکیل اور دائرۂ عمل کو قبول کیا گیا۔ یہ عدالتیں ایک ریاست سے دوسری ریاست میں تھوڑی بہت مختلف ہونے پر بھی ان کی بنیادی خصوصیات عام طور پر ایک جیسی ہی ہیں۔ عدالتوں کو دو قسموں میں بانٹا گیا ہے۔

(1) شہری عدالتیں (سول کورٹس) (2) جرم والی عدالتیں (کریمنل کورٹ)

شہری عدالتیں: یہ ہر ایک ضلع میں رہتی ہیں۔ ضلعی جج اس کے سربراہ ہوتے ہیں۔ یہ جج سرکاری اعلیٰ ججوں کے ساتھ صلاح مشورہ کے بعد گورنر کی جانب سے تقرر کئے

سرگرمی:
قریبی عدالت کو جا کر وہاں چلنے والے دعوے اور مختلف فریق کی دلیلوں سے اپنے اساتذہ کے ساتھ بحث کیجئے۔

© KSEB NOT TO BE REPUBLISHED

ہوئے ہوتے ہیں۔ایسے جج ملک کے کسی بھی ریاست کسی بھی عدالت میں سات سال تک بحیثیت وکیل خدمت انجام دی ہو۔بقیہ جج مقابلاتی امتحان کے ذریعہ مقرر کئے جاتے ہیں۔

یہ عدالتیں شہریوں کے تنازعات جیسے جائیداد، زمین، پیسوں کا لین دین، شادی، طلاق اور دیگر مقدمات کے فیصلے کرتے ہیں۔ساتھ ہی رٹ عرضی کا حق اور اس کا دائرہ کار رکھتے ہوئے ذیلی عدالتوں کی جانب سے دئے گئے فیصلوں کے خلاف رٹ عرضیاں قبول کرتے ہوئے فیصلوں کی جانچ کرنے کا اختیار رکھتی ہیں۔

ضلعی جج ریاست میں رہنے والی ساری شہری عدالتوں پر قابو رکھتے ہیں۔

ان عدالتوں کے تحت درج ذیل ذیلی عدالتیں ہوتی ہیں؛

1. ماتحت جج کی عدالت
2. زائد ذیلی جج کی عدالت
3. منصف کی عدالت
4. زائد منصف کی عدالت

مجرمانہ عدالت یا (مجسٹریٹ) والی عدالت: مجرموں سے متعلق عدالت کا یکم اپریل 1974 کو قیام ہوا۔اس کو ضلعی سزا دینے والی عدالت کہا جاتا ہے۔یہ ریاست کی عدالت عالیہ کے زیر نگرانی ہوتی ہے۔ مجرموں کی عدالتوں میں ضلعی حیثیت سے اہم عدالتیں یعنی سیشن عدالت ضلعی جج ہی اس کے جج ہو کر کام کرتے ہیں۔قتل ڈاکہ زنی جیسے جرم سے متعلق مقدمات کی جانچ کرتے ہیں۔ان عدالتوں کو موت کی سزا سنانے یا عمر قید کی سزا سنانے کا حق ہوتا ہے مگر ان کی دی ہوئی موت کی سزا کو عدالت عالیہ میں اس کی توثیق کرانی پڑتی ہے۔اسی طرح ان عدالتوں کے فیصلوں کو عدالت عالیہ میں رٹ عرضی کے ساتھ چیلنج کیا جاسکتا ہے۔ان عدالتوں کے تحت دوسری مجرموں سے متعلق عدالتیں ہوا کرتی ہیں۔

اعلیٰ درجہ کی مجسٹریٹ عدالت: اس عدالت کو سزائے موت یا عمر قید کی سزائیں دینے کا اختیار نہیں ہے مگر سات سال کی سزا سنا سکتی ہے۔

اوّل درجہ کی مجسٹریٹ کی عدالت:۔ بالائی درجہ کا حق رکھتی ہے۔تین سال تک کی سزا سناتے ہوئے یا 10 ہزار روپیوں کا جرمانہ عائد کرتی ہوئی یا دونوں بیک وقت عائد کرنے کا اختیار ہوتا ہے۔ پا پھر ذیلی

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

عدالتوں میں دئے گئے فیصلوں کے خلاف رٹ عرضی قبول کرسکتی ہے اوران کی جانچ کرسکتی ہے۔

دوم درجہ مجسٹریٹ کی عدالت: یہ عدالت 1 سال تک کی سزائے قید سناسکتی ہے اور 5 ہزار روپیئے سے زائد کا جرمانہ عائد کرسکتی ہے یا پھر دونوں سزائیں دینے کا حق رکھتی ہے۔

سوم درجہ مجسٹریٹ کی عدالت: اس عدالت کو نہایت کم اختیارات حاصل ہیں۔ایک مہینہ کی قید کی سزا یا پچاس روپیہ جرمانہ یا دونوں سزائیں بیک وقت جاری کرنے کا اختیار رکھتی ہیں مگر دوسرے درجے اور تیسرے درجے کی عدالتیں رٹ عرضی قبول کرنے کا اختیار نہیں رکھتی۔

ضلعی اور سیشن عدالتیں دونوں الگ الگ نہ ہوتے ہوئے ایک ہی ہوتی ہیں۔ایک ہی جج ان دونوں عدالتوں کے جج رہ کر اپنا کام یا فرض انجام دیتے ہیں۔شہری معاملات کی جانچ کرتے وقت ضلعی عدالت جرم سے متعلق معاملات کی جانچ کرتے ہوئے اسے سیشن عدالت کا بھی نام دیا جاتا ہے۔

کندایہ عدالتیں: ہرایک ضلع میں کندایہ عدالتیں ہوتی ہیں۔یہ کندایے سے متعلق جانچ کرتے ہوئے مقدموں کی سنوائی کرتی ہیں جن میں زمین کی دستاویزات زمین کا کندایہ وغیرہ کی جانچ کرتی ہیں۔کندایہ عدالتیں ان ذیلی عدالتوں کو بھی اپنے اندر شامل رکھتی ہیں۔

- **تحصیلدار عدالت:** کندایہ عدالتوں میں سب سے ذیلی عدالت تحصیلدار کی عدالت ہوتی ہے۔ تحصیلدار ہی جج ہوتا ہے۔ان عدالتوں کو تعلق مجسٹریٹ کی عدالت کے نام سے پکارا جاتا ہے۔
- **ضلعی نائب علاقائی افسر کی عدالت:** تحصیلدار کی عدالت کے فیصلے اور انصاف کے خلاف داخل کردہ رٹ عرضی کو نائب علاقائی افسر کی عدالت قبول کرتے ہوئے اس کی جانچ کرتی ہے۔معاون کمشنر اس عدالت کے جج ہوتے ہیں۔
- **ضلعی کندایہ عدالت یا ضلعی مجسٹریٹ کی عدالت:** یہ عدالت ضلعی مرکز میں ہوتی ہے تحصیلدار اور ضلعی نائب افسر کی عدالت میں دئے گئے فیصلوں کے خلاف دائر کردہ رٹ عرضی قبول کرتے ہوئے جانچ کرتی ہے۔ضلعی حاکم (Deputy Commissioner) اس عدالت کے جج ہوتے ہیں۔

> **یہ آپ کو معلوم رہے:**
> کرناٹک کے انتظامی نقطہ نظر سے چار ڈویژن میں تقسیم کیا گیا ہے۔
> (1) بنگلورو (2) میسورو (3) کلبرگی (4) بلگاوی

©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

۔آیوکتہ عدالت: آیوکتہ کی عدالت ضلعی مجسٹریٹ کی عدالتوں میں دئے گئے فیصلوں کے خلاف رٹ عرضی قبول کرتے ہوئے جانچ کریں گے اور مسائل کا حل پیش کریں گے۔اس کے جج ریاستی سطح کے علاقائی افسر ہوتے ہیں۔

کندایہ بورڈ: یہ کندایے سے متعلق مقدمات کی سب سے بڑی عدالت ہے۔یہ عدالت ذیلی عدالت میں دئے گئے فیصلوں کے خلاف دائر کردہ رٹ عرضی کو قبول کرتے ہوئے تحقیق کرنے کا اختیار رکھتی ہے کندایہ سکریٹری (معتمد) اس کے سربراہ ہوتے ہیں۔عدالت عالیہ کی نگرانی میں اپنا کام انجام دیتی ہے۔

جنتا عدالتیں (لوک عدالت) :

ہندوستان میں انصاف ملنے میں تاخیر اور اخراجات زیادہ ہوتے ہیں۔اس کا خیال کرتے ہوئے مقدمات جلد اور کم خرچ میں فیصل کرنے کے لیے جنتا عدالتیں 1985 میں قائم ہوئیں۔ایک معاملہ میں حصہ دار دو آدمیوں کے درمیان اختلافات میں آپسی رضامندی کرانے یا فیصلہ کرنے کا مقصد ہوتا ہے۔

سپریم کورٹ کے چند ایک جج،سماج کارکن اور نوجوان قانون کے تعلیم یافتہ ان عدالتوں کے قیام کے ذمہ دار ہیں۔ریاست کی عدالت عالیہ اور دوسری کوئی بھی عدالتوں میں فیصلے نہ ہوکر رہ جانے والے مقدموں کو ان عدالتوں کے ذریعہ فیصلہ کیا جاسکتا ہے۔اس کی تین اہم خصوصیات ہیں۔جس کی بناء پر عوامی عدالتوں کے کام لوگوں کی طرف سے سراہا گیا ہے۔وہ اس طرح ہیں۔

(1) آپسی رضامندی کے لیے زیادہ ترہمت افزائی کرتی ہے۔

(2) یہ جلد اور کفایت شعاری والی ہوتی ہے۔

(3) دوسری عدالتوں کا بوجھ ہلکا کرتی ہے۔

یہ عدالتیں چند معاملات جیسے گاڑیوں کے حادثات،زمین پر قبضہ کرنا بینکوں سے متعلق معاملات ازدواجی معاملات، نان ونفقہ کا معاملہ،مزدوروں کے مسائل وغیرہ معاملات کا فیصلہ کرتی ہیں۔یہ عدالتیں ضلعی قانونی اتھارٹی یا تعلق قانونی خدمت کمیٹی سے تشکیل شدہ عدالتیں ہوتی ہیں۔اس میں دو تصفیہ کرنے والے ہوتے ہیں۔

ایسی لوک عدالت میں ہونے والے فیصلے حرف آخر ہوتے ہوئے اس کے خلاف اپیل کا حق نہیں رہتا۔ اس فیصلہ پر فریقین متفق ہوں گے۔اس کا فیصلہ بھی شہری عدالتوں کے فیصلوں کے برابر تسلیم شدہ مانا جاتا ہے۔

©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

مشقیں

I **خالی جگہوں کو مناسب الفاظ سے پر کیجئے؛**

1۔ عدالت عظمیٰ ــــــــــــــــ میں قائم ہوئی۔

2۔ ریاست کے اڈوکیٹ جنرل کو ــــــــــــــــ نامزد کرتے ہیں۔

3۔ جرمانہ عدالت ــــــــــــــــ میں قائم ہوئی۔

4۔ کنڈایہ عدالتوں میں سب سے ذیلی عدالت ــــــــــــــــ ہوتی ہے۔

II. **سوالات کے جوابات لکھئے؛**

5. عدالتِ عظمیٰ کے جج کا تقرر اور ان کی اہلیت کے بارے میں بتایئے۔

6. عدالت عالیہ کے اختیارات والے کام کون کونسے ہیں؟

7. شہری عدالتوں کی اختیار میں رہنے والی ذیلی عدالتیں کون کونسی ہیں؟

8. جنتا عدالتیں (لوک عدالت) کے قائم کرنے کے کیا مقاصد ہیں اور وہ کب وجود میں آئیں؟

III. **سرگرمی:** 1. اپنے قریبی وکیل سے ملاقات کر کے عدالت اعظمیٰ سے متعلق مزید معلومات حاصل کیجئے۔

2. اپنے قریب کی عدالت کا دورہ کرتے ہوئے وہاں کی جانکاری حاصل کر کے ایک رپورٹ تیار کیجئے۔

IV. **منصوبہ:** روزانہ اخبارات میں آنے والے عدالتِ عالیہ کے فیصلوں سے متعلق معلومات اکٹھا کر کے البم بنایئے۔

***

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

سماجیات
Sociology
باب - 9

خاندان

اس باب میں ہم درج ذیل نکات معلوم کریں گے؛

- خاندان کا مطلب
- خاندان کے افراد کے درمیان تعلقات
- فرد کی ترقی کے مراحل

خاندان: خاندان کا نظام ہندوستان میں بہت مستحکم ہے۔ خاندان کے افراد کے درمیانی رشتہ ایک قدیم روایتی انتظام ہے۔ خاندان معاشرے کی ایک اکائی ہے یہ ایک زندہ خلیہ کی طرح ہے۔ معاشرہ بھی ایک خاندان سے ہی ترقی کرتا ہے۔ جس سے قوم بنتی ہے۔

خاندان جذباتی ستونوں کے سہارے کھڑا ہوتا ہے۔ ماں کی ممتا، باپ کی شفقت، میاں، بیوی کے درمیان سمجھ بوجھ، اولاد کی آرزو اور ان کی پرورش کی خواہش خاندان کے سہارا دینے والے ستون کا کام کرتی ہے۔

خاندان جذباتی ہندوستانی خاندان میں فیصلہ لینے سے پہلے ماں باپ اپنے بچوں کے ساتھ تبادلہ خیال کرتے ہیں۔ اشیا کی خریداری ہو تحفہ دینا ہو بچوں کے نظم وضبط (اخلاق) سے متعلق معاملہ ہو۔ خاندان کی آمدنی وخرچ کا فیصلہ ہو ماں کا فیصلہ اہم ہوتا ہے۔ زیادہ تر ذمہ داری والا کردار نبھانے میں ماں برابر کا مقام رکھتی ہے۔

خاندان کی خصوصیات:

خاندان ایک عوامی نظام ہے۔ ہر دور میں سارے ممالک میں دکھائی دینے والا سماجی نظام ہے۔ سماج کے سارے معاملات کا یہ مرکز ہوتا ہے۔ خاندانوں ہی سے پڑوسی، قریہ گاؤں اور قوم کی تشکیل ہوتی ہے۔ خاندان کے ارکان بچپن ہی سے اپنی سماجی ذمہ داریاں نہ صرف جانتے ہیں باہمی تعاون کا جذبہ بھی ان میں رہتا ہے۔ سماج کی روایت اخلاقی اصول سلوک وغیرہ کا خاندان لحاظ کرتا ہے۔ خاندان کو ہمہ گیر، ابدی اور

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

روایتی ڈھانچہ کہا جاسکتا ہے۔

ماں، باپ، میاں، بیوی اور بچے: شادی ہر دور اور ہمہ گیر قبولیت رکھنے والی ایک عادت ہونے کی وجہ سے ایک مقدس سماجی نظام ہے۔ ماں باپ میاں بیوی اور بچوں سے متعلق آپسی حقوق اور پابندیاں پیدا کرتا ہے۔ ہندوستان کی قدیم روایت کے مطابق عورت اور بچوں کی پرورش اور ان کی حفاظت کرنا شوہر کا فرض ہوتا ہے۔ بچوں کی پرورش اور ان کی تعلیم وتربیت ماں باپ کا فرض ہوتا ہے۔ بزرگوں کی دیکھ بھال ثقافتی طور پر خاندانوں میں جڑی ہوئی ہے۔

بچپن اور جوانی: فرد کے سماجی فروغ کے مراحل میں بچپن اور جوانی اہم ہیں۔ مادری زبان کو بچہ پہلے نہ صرف جانتا ہے۔ بلکہ اس سے بنیادی سماجی خیالات کو بھی وہ جانتا ہے۔ خاندانی اور سماجی ماحول میں تربیت یافتہ بچہ اس کے مطابق اپنے اندر وہ خوبیاں پیدا کرلیتا ہے اور ہم عمر بچوں کے ساتھ دوستی کا رشتہ قائم کرلیتا ہے۔ سب کے ساتھ ملکر قیادتی خوبیوں کی عادت ڈال لیتا ہے۔ سماجی سلوک، مطالبات قاعدہ قانون بچہ پر اثر انداز ہوکر صحیح رشتوں کو استوار کرتے ہیں۔ جوانی میں یہ ترقی کرتے ہوئے دوستی آزادی تحفظ قبولیت ان سب کے لیے جلد بازی کا مظاہرہ کرتا ہے۔ اس عمر میں ڈالی گئی عادتیں اور خیالات جوانی اور ادھیڑ عمر میں بھی قائم رہتی ہیں۔

خاندان اور نسلیں: خاندان کئی ایک نسلوں کی بنیاد پر اپنا ٹھکانہ بنتا ہے کئی ایک نسلوں کا خونی رشتہ خاندان بناتا ہے۔ یہ تقریباً ہر سماج میں دکھائی دیتا ہے۔ باپ دادا پچھلی نسل میں شامل ہوتے ہیں تو والدین کا تعلق دوسری نسل سے اور بچوں کا تعلق تیسری نسل سے ہوتا ہے۔ اس طرح کئی ایک نسلوں سے ملے جلے اراکین کی بنیاد پر خاندانوں کی تقسیم ہوتی ہے۔

I. ماں باپ اور بچوں پر مشتمل خاندان انفرادی یا منقسم (nuclear family) خاندان کہلایا جاتا ہے۔ (کم ازکم دو نسلیں)

II. ماں باپ بچے پوتا پوتی سے بنا ہوا خونی رشتہ کے خاندان کو مشترکہ یا غیر منقسم خاندان Joint family) کہتے ہیں۔ (کم ازکم تین یا چار نسلیں)

خاندانوں کی قسمیں (Types Of Family) :

خاندان کے مختلف نظریات کی بنیاد پر خاندان کی تقسیم ہوتی ہے۔ اختیار کی بنیادی پر پدری حاکمیت اور مادری حاکمیت خاندان کے طور پر تقسیم کیا گیا ہے۔ شادی کی بنیاد پر یک زوجگی ہمہ زوجگی کئی شوہروں والا خاندان کے طور پر

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

بھی تقسیم ہوسکتی ہے۔اس کے حجم کی بنیاد پر مشترکہ وغیر مشترکہ خاندان کی قسمیں دیکھی جاسکتی ہیں۔

1. **پدرانہ خاندان:** اس خاندان کا سربراہ باپ ہی ہوتا ہے۔اس کے نام پر جائیداد وملکیت کا کاروبار چلتا ہے۔ایسے خاندان کو پدرانہ خاندان کہا جاتا ہے۔ پدرانہ خاندان قدیم ہندوستان، چین، روم مصر وغیرہ ملکوں میں بہت پہلے سے چلے آرہے ہیں اور آج بھی یہ چلتے آرہے ہیں۔

2. **مادری خاندان:** اس حاندان کی سربراہ ماں ہی ہوتی ہے۔اور اسی کے نام جائیداد اور ملکیت کا کارو بار چلتا ہے ایسے خاندان کو مادری خاندان کہتے ہیں۔ ہندوستان کے کیرلہ ریاست میں ملبار کے نائر خاندان میں اور شمالی مغربی ریاستوں کے قبائلی خاندانوں میں ایسے خاندان نظر آتے ہیں۔

3. **جدید انفردی خاندان:** خاندان کی تشکیل اور اس میں بسنے والی نسلوں کی تعداد کی بنیاد پر خاندانوں کو انفرادی خاندان، یا مشترکہ خاندان کے نام پر تقسیم کی جاتی ہے۔ماں باپ اور ان کی غیر شادی شدہ اولاد ہی خاندان کے ارکان ہوں تو اسے جدید انفرادی خاندان کہا جاتا ہے۔جدید انفرادی خاندان کو بنیادی خاندان، ابتدائی خاندان، انفرادی خاندان، منقسم خاندان کے نام سے بھی پکارا جاتا ہے۔یہی جدید سماج میں زیادہ تر دکھائی دیتے ہیں۔انفرادیت انفرادی خوشی، خود اطمینانی جائیداد کا حق بدلتے سماجی اقدار جغرافیائی اور سماجی اتحاد سائنس اور ٹکنالوجی میں ترقی صنعتی اور مجازی جذبات کا عام پھیلاؤ عورتوں کی آزادی ایسے نکات انفرادی خاندان کے روز افزوں ترقی کا باعث ہیں۔

مرکزی خاندان میں نظر آنے والی خصوصیات درج ذیل ہیں۔

1) جدیدیت
2) پیچیدگی
3) مختصر خاندان
4) آسان پابندیاں
5) اراکین کی زیادہ آزادی

مشترکہ یا غیر منقسم خاندان: غیر منقسم یا مشترکہ خاندان میں میاں بیوی ان کے بچے پوتے، پوتیاں اور پر پوتے اس طرح دو سے زیادہ نسلوں کے لوگ ہوتے ہیں۔عام طور پر ایک ہی گھر میں رہنا ایک ہی جگہ پکایا ہوا کھانا کھانا برابر کی جائیداد رکھنا اور عام خاندان کی پوجا پاٹھ کی عادت رکھنا مقررہ خونی رشتوں کے مابین رشتے قائم رکھنے والے عوامی جماعت پر مشتمل ہوتے ہیں۔

© IGNOU NOT TO BE REPUBLISHED

مشترکہ خاندان کی خصوصیت:

بڑا حجم: خونی رشتہ رکھنے والے اگر ایک ہی گھر میں مل جل کر رہتے ہیں۔اس کا حجم بھی بہت بڑا ہوتا ہے۔

یہ آپ ہی کیجئے:
آپ کے پردادا کے زمانے سے آج تک نسلوں اور خاندان کے بزرگوں سے بات چیت کر کے ایک نقشہ تیار کیجئے۔شجری خاکہ کھینچئے یا تشکیل کیجئے۔

جائیداد: خاندان کے سارے ارکان جائیداد کی ملکیت کے حق دار ہوتے ہیں۔اس طرح کی ملکیت کا حصول اور جائیداد کا استعمال باہمی مشوروں سے ہوتا ہے۔غیر منقسم خاندان کے ارکان آپس میں ایک دوسرے کا تعاون کرتے ہیں۔اس خاندان کا سربراہ ہی رہنما کے طور پر کام کرتا ہے۔ارکان کی رضامندی سے جائیداد کی فروخت منتقلی ہوتی رہتی ہے۔



غیر منقسم خاندان

رہائش کی جگہ: خاندان کے ارکان عام طور پر ایک ہی چھت کے نیچے رہتے ہیں۔ایک بیٹا اپنی بیوی اور بچوں کے ساتھ علاحدہ خاندان رکھتا ہو تو وہ بنیادی خاندان کے ساتھ وہی رشتہ قائم رکھتے ہوئے چلے آتے ہیں۔ یہ نیا خاندان بھی اسی غیر منقسم خاندان کی ایک شاخ سمجھی جاتی ہے۔

سرگرمی: آپ کے دادا کے زمانے میں موجود غیر منقسم خاندان کے افراد کی تعداد مرد اور عورتیں اور ان سے سرانجام پانے والے کام اور ذمہ داریوں سے متعلق اپنے والد سے معلومات حاصل کیجیے۔

باورچی خانہ: غیر منقسم خاندان کے سارے ارکان عام طور پر ایک ہی باورچی خانے میں غذا تیار کرتے اور ایک ساتھ مل کر کھانا کھاتے ہیں۔

NOT TO BE REPUBLISHED © RIGHTS

مذہب: عام طور پر غیر منقسم خاندان کے سارے ارکان ایک ہی مذہب پر یقین رکھتے ہیں۔ایک ہی انداز کے خدا کی پوجا ہوتی ہے۔روزمرّہ کی عبادات اور رسومات ایسے خاندانوں کے روزمرّہ کے معمولات کا حصّہ ہوتے ہیں۔

خودمختار خاندان: غیر منقسم خاندان بہت حد تک خود تکمیل والی اکائی ہوتی ہے۔ یہ اپنے ارکان کی زندگی مکمل طور پر سنبھالے ہوتا ہے۔یہ ان کی بہت حد تک کی ضروریات پوری کرتا ہے۔سارے ارکان اپنے کام تقسیم کر لیتے ہیں۔محنت عمر اور جنس کی بنیاد پر کام کی تقسیم ہوتی ہے۔

اختیار کی تشکیل: غیر منقسم خاندان میں سب سے زیادہ معمر رکن فیصلہ لینے کا حق رکھتا ہے۔وہ اپنا اختیار دوسرے کو دیتا ہے تو بھی بزرگی کے خیال کی بنیاد پر ہوتا ہے۔

سرگرمی:
جدید انفرادی خاندانوں کے بڑھنے کی وجہ سے خاندان کے بزرگ نظر انداز ہو رہے ہیں۔اس لئے بزرگ قانون/سن رسیدہ گھروں (اولڈ ایج ہومز) کی تعداد میں اضافہ ہو رہا ہے۔اور بزرگوں کو یتیمی کی زندگی گزارنا پڑتا ہے اس لئے مشترکہ خاندان کے نظریات پر عمل کرنے کا مشورہ دیا جاتا ہے غیر منقسم خاندانوں کے اقدار کی فہرست بنائیے۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

مشقیں

1. خالی جگہوں کو مناسب الفاظ سے بھرتی کیجیے؛

1. معاشرہ کا زندہ خلیہ _____ ہوتا ہے۔
2. باپ اگر کنبہ کا سردار ہو تو اس خاندان کو _____ کہا جاتا ہے۔
3. کیرلا کے ملبار نائر _____ خاندان کی ایک مثال ہے۔

II. درج ذیل سوالات کے جواب دیجیے؛

4. خاندان معاشرے کی اکائی کیسے ہوتا ہے؟
5. خاندان کی قسمیں بتائیے؟
6. غیر منقسم خاندان سے کیا مراد ہے؟

7. انفرادی خاندان کسے کہتے ہیں؟
8. خاندان کی کیا خصوصیات ہوتی ہیں؟
9. فرد کی سماجی ترقی کے مراحل میں بچپن اور جوانی کے کردار بتائے
10. غیر منقسم خاندان کی خصوصیات کی تفصیل بتائے۔
11. منقسم خاندان کی تعداد میں اضافے کی وجوہات کیا ہیں؟

III. سرگرمیاں؛

1. منقسم اور غیر منقسم خاندانوں کے فوائد اور نقصانات پر بحث کیجیے۔
2. قبائلی خاندان کے نظام کو سمجھنے کے لیے قبائلی لوگوں کے مقامات کا دورہ کیجیے۔

IV. منصوبہ؛

1. اپنے پر دادا کے زمانے سے آج تک نسلی خاندان کے بزرگوں کے ساتھ نسلی خاندان کے بزرگوں کے ساتھ نسلی خاندان شجری خاکہ کھینچئے۔

©KTBS
NOT TO BE REPUBLISHED

•••

N4J2D6

جغرافیہ (Geography)

باب - 10

ہماری ریاست کرناٹک کے طبعی حصّے

اس باب کے مطالعہ سے ہم یہ سیکھیں گے؛


- ہماری ریاست کی عظمت اور رسم ورواج (ورثہ)۔
- کرناٹک کے نام کا پس منظر اور ریاست کی ابتداء
- جغرافیائی مقامات، رقبہ، زمینی اور پانی کی سرحدیں اور اس کے پڑوسی ریاستیں
- کرناٹک کے طبعی خصوصیات
- کرناٹک کے طبعی تقسیم کی نمایاں خصوصیات
- کرناٹک کے پہاڑ اور بلند چوٹیاں

پچھلی جماعت میں آپ قدرتی جغرافیائی خصوصیات کا مطالعہ کر چکے ہیں۔ اب آپ ہماری ریاست کرناٹک کے متعلق پڑھیں گے۔ یہ ہندوستانی ریاستوں میں سے ایک ہے جس کی خود اپنی ایک منفرد تہذیب ہے اور یہ ثقافت سے مالا مال ہے۔ یہ مختلف جغرافیائی خصوصیات، نباتیاتی اور حیواناتی، مٹی کی مختلف اقسام آبی ذرائع معدنیات اور انسانی وسائل پر مشتمل ہے۔ یہ ادب، فن، اپنی منفرد تہذیب، مذہب روحانی اور مشہور تاریخی زیارت گاہوں کے مراکز کی خوشحال ریاست ہے۔ یہ ایک عالمی ورثہ گاہ کے طور پر اپنی فطری خوبصورتی اور جنگلی جانوروں کی کثرت کے لیے مشہور ہے۔

نام کا پس منظر: ماہرین کے مابین اس ریاست کے نام پر اتفاق رائے نہیں ہے لفظ کرناٹک نام قدیم زمانے سے ہی استعمال میں تھا۔ اس زمین کو ''کروناڈو'' (کرو+ ناڈو = کالی مٹی کی زمین) کہا جاتا تھا۔ تمل کے قدیم ادب ''شلپّادی کرم'' میں لفظ ''کروناٹ'' کرناٹک سے منسوب ہے۔ کروناٹ سے مراد وہ زمین جو بلندی پر واقع ہے۔ نروپاتنگا کی گرامر کتاب ''کوی راج مارگ'' میں بیان کیا گیا ہے کہ کرناٹک کی وسعت کاویری ندی سے لے کر گوداوری ندی تک تھی۔ آزادی کے بعد ہندوستان کئی ریاستوں میں تقسیم ہوا۔ 1953 میں 9 ضلعوں کو جوڑ کر جو اُس وقت میسور مہاراجاؤں کی سلطنت کے ماتحت تھے۔ میسور ریاست کی تشکیل کے لیے ضم کر لیے گئے۔ بعد میں زبان کی بنیاد پر دوبارہ جب ریاستوں کی ازسرنو تشکیل ہوئی تو کنڑ بولنے والے علاقوں جیسے ممبئی حیدرآباد، مدارس اور کوڈگو صوبوں کو ضم کر لیا گیا۔ اس طرح 1 نومبر 1956 میں عظیم میسور ریاست وجود میں آئی۔ یہ اسی واقعہ کی یادگار کا جشن ہے جو ہر سال 1 نومبر ''راجیستوا'' کے طور پر منایا جاتا ہے۔ 1973 میں کنڑ والوں کی خواہش کے مطابق ہماری ریاست کو ''کرناٹکا'' کا نیا نام دیا گیا ہے۔

© KSEEB NOT TO BE REPUBLISHED

جغرافیائی محل وقوع: ہندوستان کی 28 ریاستوں میں سے ایک ریاست کرناٹک ہے۔ جو ہندوستان کے جنوبی حصّے کے مغربی وسطی زیزہ نما علاقے میں واقع ہے ۔اس کی وسعت '31-°11 شمالی سے '45-°18اور جنوبی عرض البلد تک ہے اور '12-°74 مشرق سے '40-°78 مشرق طول لبلد تک پھیلا ہوا ہے۔اس کی لمبائی 750 کلومیٹر ہے۔اس کا پھیلاؤ شمال میں بیدر کے ''اوراد'' تعلقہ جو ریاست کی سب سے اوپری نوک سے لیکر جنوب میں ضلع چامراج نگر تک ہے۔اس کی چوڑائی مغرب سے مشرق تک 400 کلومیٹر ہے۔ یہ شمالی کینرا ضلع میں کاروار مغربی ساحل سے لے کر کولار ضلع میں ملباگل تعلقہ کے مشرقی کنارے تک ہے۔ کرناٹک میں زمینی اور آبی سرحدیں بھی ہیں۔ مغرب میں بحرعرب، شمال میں مہاراشٹر مشرق میں آندھرپردیش، شمال مشرق میں تلینگانہ، جنوب مشرق میں تمل ناڈو اور جنوب مغرب میں کیرلا، شمال مغرب




NOT TO BE REPUBLISHED @KTBS

میں گوا کی سرحدیں بنی ہیں۔ کرناٹک کی شکل ''کاجو'' سے مشابہت رکھتی ہے۔

وسعت: کرناٹک کا رقبہ 1,91,791 مربع کلومیٹر پر مشتمل ہے۔ رقبہ کے لحاظ سے یہ ہندوستان کی آٹھویں سب سے بڑی ریاست ہے اور 2011 کی مردم شماری کے مطابق اس کی آبادی 6,10,95,297 آبادی کے لحاظ سے نویں مقام پر ہے۔ کرناٹک ہندوستان کے کل جغرافیائی رقبہ 5.83% حصہ پر مشتمل ہے۔

فی الحال ہماری ریاست کے 31 اضلاع ہیں جو کل 239 تعلقہ 745 حوبلیاں ہیں 347 شہر اور



اضلاع اور اضلاع کے دارالسلطنت

NOT TO BE REPUBLISHED

29,483 دیہات پر مشتمل ہیں۔ رقبہ کے لحاظ سے بیلگاوی ضلع سب سے بڑا ہے۔ بنگلور و شہری ضلع سب سے چھوٹا ہے۔ بنگلور و کرناٹک کا صدر مقام ہے۔ ریاست کو انتظامی سہولیات کے لیے چار آمدنی (حصّوں) میں ڈویژن میں تقسیم کیا گیا ہے۔ وہ یہ ہیں: بنگلورو، میسورو، بیلگاوی، کلبرگی۔

آپ کو معلوم رہے: مرکزی سرکار کا خصوصی مقام حاصل کردہ کلیان کرناٹک کے اضلاع بیدر، رائچور، کلبرگی، کپّل، یادگیر، بلاری اور وجیانگر کو ہمارے آئین کی دفعہ (J)371 خصوصی درجہ دیا گیا ہے۔

طبعی حصّے

کرناٹک برصغیر ہندوستان کا ایک حصہ ہے اور اس کی مختلف طبعی خصوصیات ہیں۔ اس کا جنوبی حصہ کئی اتار چڑھاؤ کی بدولت ناہموار ہے۔ جبکہ شمالی حصہ وسیع میدان ہے۔ اس کے ساحلی اور پہاڑی علاقوں میں کافی فرق پایا جاتا ہے۔ زمین مشرق کی جانب ڈھلوان ہے اور مغرب کی جانب اونچی ہے۔ کئی کوہستانی علاقوں کی وادیاں اور ان میں تنگ راستے بھی دیکھے جاسکتے ہیں۔ ریاست کا بڑا علاقہ سطح سمندر سے 450 سے لے کر 900 میٹر بلند ہے۔ چند علاقے تو سطح سمندر سے 1800 میٹر سے بھی زیادہ بلند ہیں۔

بناوٹ اور ساخت کی بنیاد پر کرناٹک کو تین اہم طبعی حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔

1. ساحلی میدان 2. ملناڈ کے علاقے 3. میدان

1. ساحلی میدان:

لسانی بنیاد پر ریاستوں کی تشکیل نو کے نتیجہ میں کرناٹک کے سمندر ساحل اور ساحلی میدان ہی اس کی سرحد کی مانند ہے۔ یہ قدرتی خطہ بحر عرب اور ملناڈو کے پہاڑی علاقوں کے درمیان پھیلا ہے۔ ساحلی پٹی جنوب میں منگلور سے لے کر شمال میں کاروار تک 320 کلومیٹر تک پھیلی ہے۔ اس کی چوڑائی 12 کلومیٹر سے 64 کلومیٹر ہے۔ یہ جنوب میں زیادہ وسیع ہے اور شمال میں کئی ڈھلوانوں کی وجہ سے تنگ ہوتی جاتی ہے۔ اس کی بلندی سطح سمندر 200 میٹر ہے۔ اسے **کینرا یا کرناٹک کا ساحل** کہا جاتا ہے۔ سمندری لہروں کے ٹکراؤ کی وجہ سے سمندری کٹاؤ ہوتا ہے اس میں سے کئی ندیاں نکلتی ہیں جو کھارے پانی کی جھیلوں کا سبب بنتی ہیں مگر وہ ندیوں کا منبع نہیں بن سکتے۔


ساحلوں پر کئی بندرگاہیں ہیں جس میں **نیو منگلور** و کرناٹک کی سب سے بڑی بندرگاہ ہے۔ بھٹکل مالپی کاروار کمٹہ، بیلی کیری اور ہونا ور ماہی بندرگاہیں ہیں۔ کئی خوبصورت ساحلی کنارے سیاحوں کی توجہ کا مرکز ہیں چند ساحلوں میں پنامبور، الال اور سومیشور بیچ، جو ضلع جنوبی کینرا کے قریب، اُڑپی ضلعے کا مالپے، ضلعے شمالی کینرا

NOT TO BE REPUBLISHED @KTBS

کا کاروار، ہوناور کے قریب مرڈیشور، مراونتی اور گوکرن کے قریب مرانتے اور اوم بیچ اہم ہیں۔ سمندری ساحل کے قریب چند چھوٹے جزائر ہیں جن میں سینٹ میری جزیرہ (ناریل کا جزیرہ) قریب مالپے، کاروار کے قریب انجا جزیرہ دیوگڑھ کانچی گڈ جزائر بہت اہم ہیں ساحلی لوگوں کا عام پیشہ ماہی گیری ہے۔ زراعت ان کا دوسرا اہم پیشہ ہے۔ فصلیں جیسے کاجو، ناریل، سپاری، الائچی اور دھان اگاتے ہیں جنوبی کینرا شمالی کینرا اور اُڈپی کرناٹک کے ساحلی ضلع ہیں۔

کیا آپ جانتے ہیں؟

- نیومنگلور و بندرگاہ کو ''کرناٹک کا گیٹ وے'' کہا جاتا ہے۔
- سینٹ میری جزیرہ کو مقامی طور پر ''ٹن سیپار'' کہا جاتا ہے۔
- مرڈیشور کے قریب نتیارانی جزیرہ ہے اور اس میں کبوتر کی بہتات ہے اس لئے اسے کبوتر کا جزیرہ کہا جاتا ہے۔



© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

2. پہاڑی یا کوہستانی علاقے:

ہماری ریاست میں مغربی گھاٹ کو ملناڈ یا کوہستانی علاقہ سے منسوب کیا جاتا ہے۔ انہیں سہیادری ہلز بھی کہتے ہیں۔ جو ملناڈو سے ساحل تک شمال سے جنوب میں یہ متوازی طور پر پھیلا ہے۔ اس میں مغرب کی جانب سیدھے ڈھلان ہیں۔ مشرق کی جانب جب ہم رخ کرتے ہیں تو کم ڈھلوان پاتے ہیں۔ اس لیے انہیں گھاٹ کہا جاتا ہے۔ وہ 650 کلومیٹر لمبے ہیں۔ 50 سے 76 کلومیٹر ان کی چوڑائی ہے۔ سطح سمندر سے بلندی تقریباً 900 میٹر سے 1500 میٹر ہے۔ یہ پہاڑ بحر عرب سے چلنے والے بارش برسانے والے بادلوں کو رکاوٹ بنتے

ہیں اور 200 سینٹی میٹر سے زیادہ بارش برسنے کا سبب بنتے ہیں۔ اس خطے میں سب سے بلند چوٹیاں ملّیانّا، کدرے مکھ، کلہٹگیر ی، رودر گیری، دیوی رمّنّا بیٹّا ہیں۔ یہ سب چک منگلور ضلع میں واقع ہیں۔ ان کے علاوہ بلالا راین دُرگا، مرٹی گڈّا، پشپا گیری، کوڈ چدری بھی مغربی گھاٹ کی بلند چوٹیاں ہیں۔ جن میں مُلیان گیری 1913 میٹر کرناٹک کی سب سے اونچی چوٹی ہے۔

پہاڑی درہ:

کرناٹک کے مشرقی میدانی علاقوں سے مغربی گھاٹ کے میدانی علاقوں کو پہاڑی درہ کہا جاتا ہے۔

i. **چارمڑی گھاٹ** - یہ منگلور اور چکمنگلور کو جوڑتی ہے۔
ii. **شرڈی گھاٹ** - یہ ہاسن سے سکلیشپور اور منگلور کو جوڑتی ہے۔
iii. **آگمبے گھاٹ** - یہ اڑپی اور شیموگہ کو جوڑتی ہے۔
iv. **ہولکل گھاٹ** - یہ شیموگہ اور کنداپور کو جوڑتی ہے۔

ملناڈ میں شدید بارش ہوتی ہے۔ لہذا اس میں خوبصورت گھنے سدا بہار جنگلات پائے جاتے ہیں۔ یہ کئی ندیوں کے منبع ہیں۔ جب یہ سیدھے ڈھلوانوں سے بہتے ہیں تو آبشار تشکیل پاتے ہیں۔ ان میں اپنگی، مگڑو، گوکاک، شیون سمدر، آبی آبشار اہم ہیں اور ہندوستان کا سب سے اونچا آبشار جوگ فال (شراوتی ندی پر) ہے۔ ندیاں اور راستوں کو تشکیل دیتے ہیں۔ یہاں پر کافی، چائے، ربر کے درخت اور مسالوں کی پیداوار کثرت سے کی جاتی ہے۔ چکمنگلور میں کافی کی بے شمار پیداوار ہوتی ہے۔ اس لیے اس کو ''کافی کی سرزمین'' کہا جاتا ہے۔ کوڈ گو ضلع کو کرناٹک کا کشمیر کہا جاتا ہے۔ اس لیے کہ وہاں سرد موسم رہتا ہے۔ کوڈ گو ضلع میں کافی مقدار میں سنترہ کی پیداوار ہوتی ہے۔ اس لیے اسے ''نارنگی (سنترہ) کی زمین'' کہا جاتا ہے۔ حال ہی میں ملناڈ کو ''حیاتیاتی تنوع'' کا علاقے کے طور پہچانا اور تحفظ کیا گیا ہے ہاسن کوڈ گو، شمیو گہ اور چکمنگلور ملناڈ کے اضلاع ہیں۔

سرگرمی: آپ کا ضلع کس طبعی حصّے میں واقع ہے؟ اپنے پڑوسی ضلع کا نام، اپنے ضلع کی خاص خصوصات کی فہرست بنائیے۔

3. میدان:

ملناڈ کے مشرق میں تقریباً 450 میٹر سے 760 میٹر کی بلندی پر وسیع میدان واقع ہیں۔ اس میں کرشنا تنگ بھدرا اور کاویری کے آبپاشی کے علاقے ہیں۔ اس کا ڈھلوان مشرق کی جانب ہے اور جنوب سے شمال کی


© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED


جانب ابھرہوا ہے میدانوں کو دو حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔

(i) شمالی میدان (ii) جنوبی میدان

(i) شمالی میدان: یہ کالی مٹی وسیع میدان ہے اور یہ وسیع سطح مرتفع ہے۔ یہ سطح سمندر سے 365 میٹر سے 610 میٹر اونچائی پر ہے۔ اس میں پہاڑ اور ٹیلے دیکھے جاسکتے ہیں۔ اس میں نرگند کا پہاڑ، پارس گڑھ ٹیلہ اور الکل کا ٹیلہ بے حد اہم ہیں۔ سودتی کے مشرق میں اور بدامی کے علاقے (بیاسالٹ پتھر) بُربُرا پتھر سے بھرے ہیں۔ گوکاک آبشار جوگھٹا پربھاندی کا منبع ہے 52 میٹر کی بلندی سے گرتا ہے اور سیاحوں کی تفریح کا مرکز ہے۔ ان آبشاروں کے ساتھ ساتھ چھایا بھگوتی سوگالہ آبشار بھی شمالی سطح مرتفع میں پائے جاتے ہیں۔ شمالی میدان میں بیدر، بیجاپور، گلبرگہ، یادگیر، گدگ، کوپل، رائچور، بلاری، وجیانگر، ہاویری، باگل کوٹ اور بیلگاوی اور دھارواڑ ضلع کے چند حصے شامل ہیں۔ جب یہ علاقہ موسم گرما میں شدید گرم ہوتے ہیں تو اسے ''اونچے درجے کی حرارت کا علاقہ'' دھوپ کی زمین کہا جاتا ہے۔ خشک کاشتکاری کی فصلیں جیسے مکئی، باجرا، مونگ پھلی، کپاس دالیں اور مسور یہاں خاص طور پر اگائی جاتی ہیں۔

(ii) جنوبی میدان: علاقہ شمال میں تنگ بھدراندی سے لے کر جنوب میں چامراج نگر ضلع تک پھیلا ہوا ہے۔ یہ سطح مرتفع لال مٹی کی کثرت سے بھرا ہے۔ اس کی سطح بہت سے اتار چڑھاؤ کے ساتھ ناہموار ہے۔ 900 میٹر سے 975 میٹر بلندی پر واقع ہے۔ یہ شمالی سطح مرتفع سے بھی زیادہ اونچا ہے اور مشرق کی جانب ڈھلوان ہے۔ یہاں بہت سی پہاڑیاں ہیں۔ جیسے چترد گہ کے پہاڑ، بنگلور و دیہی ضلع میں نارائنا درگا، ساوندرگاہ اور شیوا گنگا ہیں۔ تمکور ضلع کا مدھوگیری کا پہاڑ ایشیاء کا سب بڑا ایک سنگی پہاڑ ہے۔ چکا بلاپور


مدھوگری کا ایک سنگی پہاڑ


مولیانا پہاڑ

NOT TO BE REPUBLISHED @KTBS

میں نندی پہاڑ، چنّا کیشوا پہاڑ، کندا گیری (ہری ہریشوارا پہاڑ)۔منڈیا ضلع میں آدی چنچنگری کا پہاڑ۔ چامراج نگر ضلع میں بلی گیری رنگنّا کا پہاڑ، ملے مہادیشورا پہاڑ، ہماواد گوپال سوامی پہاڑ، میسورو ضلع کا چامنڈی کا پہاڑ اہم ہے۔ یہ علاقے بھی بارش کے ساتھ سایے والے علاقے ہیں۔کاویری، پالار اور پینار، اس علاقے میں بہنے والی اہم ندیاں ہیں۔راگی، دھان، گنا، مونگ پھلی، کھٹے جامن پھل پھول اور ترکاریاں اس علاقے کی اہم پیداوار ہیں۔بنگلورو شہر، بنگلور دیہی، بنگلورو ساؤتھ (رام نگرا)، داونگیرے، چترد رگ، ٹمکور، کولار، چک بالاپور، منڈیا، میسورو اور چامراج نگر، جنوبی اضلاع کے میدان ہیں۔

مشقیں

I. مناسب الفاظ پر کر کے خانہ پری کیجیے:

1. ..... کو ہم کرناٹک راجیوتسوا مناتے ہیں۔
2. ..... عیسوی میں کرناٹک کا نام دیا گیا۔
3. کرناٹک کے مشرق میں..... ریاست ہے۔
4. رقبہ کے لحاظ سے کرناٹک کا سب سے بڑا ضلع..... ہے۔
5. کرناٹک ہندوستان کے ..... حصّے میں واقع ہے
6. مالپی کے قریب..... جزیرہ ہے۔
7. ..... کو سہیادری کہا جاتا ہے۔
8. آگمبے گھاٹ.....اور..... کو جوڑتی ہے۔
9. کرناٹک کا کشمیر..... ضلع کو کہتے ہیں۔

II. مندرجہ ذیل سوالوں کے جوابات گروہ میں بحث کر کے لکھئے:

10. کرناٹک کے عرض البلد اور طول البلد کے حد بتائیں۔
11. ہماری پڑوسی ریاستوں کے نام لکھئے۔
12. کرناٹک کے چار انتظامی حصّوں (درجات) کون کونسے ہیں؟
13. ہندوستان میں کرناٹک کے جغرافیائی محل وقوع کی وضاحت کریں۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

14. کرناٹک کے اہم طبعی حصوں کے متعلق لکھئے۔
15. ملناڈ علاقے کے خصوصیات پر مختصر نوٹ لکھئے۔
16. کرناٹک کے ساحلی میدانوں پر مختصر نوٹ لکھئے۔
17. جنوبی کرناٹک کے اہم پہاڑیوں کے نام لکھئے۔
18. مغربی گھاٹ کے اہم پہاڑی درے کے متعلق لکھئے۔

III. جوڑیاں بنائیں:

الف	ب
1. جوگ آبشار	a) منگلور
2. اوم بیچ	b) شمالی میدان
3. نندی پہاڑی قیام گاہ	c) شراوتی ندی
4. ایک سنگی پہاڑ	d) گوکرن
5. دھوپ کی زمین	e) چک بلاپور
.	f) مدھوگیری پہاڑی

IV. سرگرمیاں:

1. کرناٹک کے نقشہ کھینچ کر اس کے اضلاع کے نام درج کریں اور اس میں عرض البلد اور طول البلد کی بھی نشاندہی کریں۔
2. کرناٹک کے نقشہ پر ساحلی اور ملناڈ کے ضلعوں کی نشاندہی کر کے نام لکھئے۔ کرناٹک کے اہم آبشاروں کی فہرست بنا کر اُن کے تصاویر اکٹھا کر کے لکھئے۔

V. منصوبہ:

1. اپنے ضلع/گاؤں کا نقشہ کھینچیں اور اپنے اُستاد کی مدد سے اس کے عرض البلد اور طول البلد پڑوسی ضلعوں کی نشاندہی کریں۔

☆☆☆

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

باب - 11

کرناٹک کا قدرتی تنوع

اس باب میں درج ذیل نکات معلوم کرلیں گے۔

- کرناٹک کی آب وہوا کی خصوصیات کی جانکاری حاصل کرنا۔
- کرناٹک کی آب وہوا میں موسمی تبدیلیوں کو جاننا۔
- کرناٹک میں موسمی برسات کی تقسیم اور نتائج کو سمجھیں گے۔
- کرناٹک میں مختلف اقسام کی مٹی اور اس کی تقسیم۔
- کرناٹک کے مختلف قدرتی نباتات اور حیوانات کی تقسیم۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

آب وہوا


کرناٹک میں گرم معتدل مانسونی آب وہوا پائی جاتی ہے۔اس آب وہوا کی اہم خصوصیات یہ ہیں کہ موسم گرما میں درجہ حرارت زیادہ اور مرطوب ہوتا ہے اور موسم سرما سرد اور خشک ہوتا ہے۔ پھر بھی آب وہوا میں تغیر پایا جاتا ہے۔اس تنوع کی بنیادی وجہ جغرفیائی مقام، سمندروں کی قربت، طبعی خصوصیات، نباتات اور مانسونی ہوا بھی ہے۔اس لیے سالانہ درجہ حرارت اور بارش کی تقسیم ریاست بھر میں یکساں نہیں ہوتی۔

آب وہوا کا موسم : کرناٹک کے موسم کو سالانہ طور پر 4 حصوں میں تقسیم کیا جاسکتا ہے جیسے ہندوستان کی آب وہوا کو 4 حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔

1. موسم گرما — مارچ سے مئی
2. موسم بارش — جون سے ستمبر
3. موسم پسپائی مانسون — اکتوبر سے نومبر
4. موسم سرما — ڈسمبر سے فروری

1. موسم گرما(Summer Season): اس موسم کے دوران درجہ حرارت شدید گرم اور خشک

رہتا ہے۔ مارچ کے بعد درجہ حرارت ریاست بھر میں یکساں طور پر بڑھنے لگتا ہے اور اپریل اور مئی کے دوران انتہا کو پہنچتا ہے۔ رائچور میں درجہ حرارت 45.6°c کا ریکارڈ درج کیا گیا ہے۔ جو ریاست میں سب سے زیادہ درجہ حرارت کا ریکارڈ ہے۔ شمالی سطح مرتفع کے دیگر ضلعوں میں بھی درجہ حرارت زیادہ رہتا ہے۔ مجموعی طور پر اس موسم میں کرناٹک بھر میں موسم گرم رہتا ہے۔ شمالی سطح مرتفع بمقابل جنوبی سطح مرتفع کے کم مرطوب رہتا ہے۔ موسم گرما میں انجماد آبی بخارات کی زیادتی کی وجہ سے بادل نمودار ہوتے ہیں۔ جس سے گرجدار بجلیوں آندھیوں کے ساتھ بارش ہوتی ہے۔ کہیں کہیں پراولے (ژالے) بھی پڑتے ہیں ایسا اکثر دوپہر میں تھوڑی دیر کے لیے ہوتا ہے۔ یہ بارش کافی کے پودوں کو اگنے میں مدد کرتی ہے اس لیے شاہ دانہ کھلانے والی بارش (Cherry Blossom Rain) کہا جاتا ہے اور آموں کی فصل کو بڑھانے میں مددگار ہوتی ہے۔ اس لیے اسے ''آموں کی پھوار'' بھی کہا جاتا ہے۔ اس موسم کے دوران 7% فی صدی سالانہ بارش ہوتی ہے۔



2. موسم بارش (Rainy Season): اسے جنوب مغربی مانسونی ہواؤں کا موسم بھی کہتے ہیں۔ بحر عرب سے چلنے والی آبی بخارات سے لدی ہواؤں کو مغربی گھاٹ روک لیتی ہے تو شدید بارش ہوتی ہے جیسے ہی ہم مشرق کی جانب رخ کریں تو بارش کی مقدار کم ہوتی ہے۔ نتیجہ کے طور پر مشرقی سطح مرتفع

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

بارش کا سایہ دار علاقہ میں تبدیل ہوتا ہے۔ آگمبے شدید بارش کا علاقہ ہے۔ اس لیے اسے جنوب کا چراپونجی کہتے ہیں۔ بھاگ منڈل اور بُلی کل شدید بارش کے اہم مقامات ہیں۔ چتر درگ کے چلی کیری کے قریب نائیکن ہلی میں سب سے کم بارش کا ریکارڈ درج ہے۔ اس موسم کے دوران پوری ریاست بھر میں نمی اور آبی بخارات ہونے کے ساتھ ساتھ درجہ حرارت زیادہ رہتا ہے اور پوری فضا بادلوں سے بھری رہتی ہے۔ اس موسم کے دوران کرناٹک میں تقریباً 80% بارش ہوتی ہے یہ خریف (موسم بہار) فصل کے لیے مفید ہے۔

3. موسم پسپائی مانسون (Retreating Monsoon):

اسے شمال مشرقی مانسونی ہواؤں کا موسم بھی کہتے ہیں درجہ حرارت کے گھٹنے اور دباؤ کے بڑھنے کی وجہ سے ہوائیں شمال مشرق سے جنوب مغرب کی جانب چلنے لگتی ہیں۔ یہ ہوائیں خشک ہوتی ہیں کیونکہ یہ زمین سے چلتی ہیں جب ان ہواؤں کا گزر خلیج بنگال سے ہوتا ہے تو جنوبی سطح مرتفع کے کچھ ضلعوں میں تھوڑی بارش ہوتی ہے۔ نومبر اور ڈسمبر کے دوران، طوفانی ہواؤں کے اثر کی وجہ سے بارش واقع ہوتی ہے۔ اس دوران کرناٹک میں 12% بارش ہوتی ہے۔ اس موسم میں آب وہوا میں تبدیلی نمایاں ہوتی ہے۔

4. موسم سرما (Winter Season): اس موسم کے دوران درجہ حرارت نمی و انجماد والی بارش کم رہتی ہے ہم آسمان کو صاف اور نیلا پاتے ہیں۔ اوسط درجہ حرارت 25°c سے 27°c رہتا ہے۔ جنوری سب سے کم درجہ حرارت کا مہینہ ہوتا ہے۔ اس مہینے کو ریاست کے سیاحوں کا مہینہ کہا جاتا ہے۔ بیلگام میں کم سے کم درجہ حرارت 6.7°c ریکارڈ درج ہے۔ شمالی ضلعوں میں کم درجہ حرارت پایا جاتا ہے۔ (یعنی، وجیاپورہ، کلبرگی اور بیدر) مڈکیری اور بلاری اوسط 10.°c درجہ حرارت پایا تا ہے۔ موسم سرما میں کم ازکم بارش ہوتی ہے۔ کل بارش صرف ایک فی صد بارش اس موسم میں ہوئی ہے۔ کبھی کبھار صبح میں بھاری شبنم و دھند چھائی رہتی ہے۔

بارش کی تقسیم: ملناڈ اور ساحلی میدانی علاقوں میں شدید بارش ہوتی ہے مشرقی میدان کم بارش والے علاقے ہیں۔ ناہموار اور غیر یقینی بارشوں کی وجہ سے اکثر خشک سالی اور سیلاب آتے ہیں۔

سرگرمی: موسم گرما، موسم سرما اور بارش کے موسموں میں سے آپ کو کونسا موسم پسند ہے؟ اُس کی وجہ کیا ہے؟


کرناٹک کی مٹی (Soils of Karanataka):

زمینی سطح کی پتلی پرت کو مٹی کہا جاتا ہے۔ زراعت کے لیے زرخیز مٹی لازمی ہوتی ہے۔ کرناٹک میں مختلف اقسام کی مٹی پائی جاتی ہے۔ مٹی مختلف قسم کی معدنیات اور ڈھانچوں سے مالا مال ہوتی ہے۔

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

مٹی کو چار قسموں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ (i) لال مٹی (ii) کالی مٹی (iii) خشک (مسام دار) یا لیٹرائٹ مٹی (iv) ساحلی سیلابی مٹی۔

(i) لال مٹی (Red Soil):: اس قسم کی مٹی میں گرینائٹ میگنیز اور لوہے کے آکسائیڈ کا آمیزہ ہے۔ اس لیے اس کا رنگ لال ہے۔ اس مٹی میں چونے اور نمک کی مقدار زیادہ ہے جبکہ نائٹروجن کی مقدار کم ہے اور یہ ہلکی ہوتی ہے۔ پتلی پرت والی یہ مٹی بہت زرخیز نہیں ہوتی۔ اس میں نمی کو برقرار رکھنے کی صلاحیت کم رہتی ہے۔ یہ کرناٹک میں بڑے پیمانے پر تقسیم کی جاتی ہے اور جنوبی کرناٹک زیادہ پائی جاتی ہے۔ راگی، جوار، باجرہ، دال دانے تمباکو اور مونگ پھلی اس مٹی میں اگائی جاتی ہیں۔ آبپاشی والے علاقوں میں دھان، گنا، آلو، ترکاریاں، کیلے، ناریل اور سپاری وغیرہ۔ اُگائے جاتے ہیں۔ لال مٹی ٹمکور بنگلورو، جنوبی بنگلورو (رام نگر)، چک بلاپور، کولار چامراج نگر، منڈیا اور میسور میں پائی جاتی ہے۔




(ii) کالی مٹی (Black Soil): اس قسم کی مٹی بسالٹ چٹان کے ریزہ ریزہ ہونے سے بنتی ہے۔ یہ المونیم، میگنیشیم اور لوہے کے آکسائیڈ سے مالا مال ہوتی ہے۔ اس لیے اس کا رنگ کالا ہوتا ہے۔ اسے ''ریگڑ مٹی یا سیاہ روئی والی مٹی'' بھی کہا جاتا ہے۔ اس مٹی میں پانی کی نمی کو کئی دنوں تک برقرار رکھنے کی صلاحیت ہوتی ہے۔ یہ بھرپور

© KSTBS NOT TO BE REPUBLISHED

غذائیت والی ہونے سے اس مٹی میں کئی قسم کی فصلیں اگائی جاسکتی ہیں۔ خشک فصلیں جیسے کپاس، جوار، سورج مکھی، مرچ، دھان، دالیں اور پیاز اگائے جاسکتے ہیں۔ اس قسم کی مٹی شمالی کرناٹک کے ضلع دھارواڑ، گدگ، بلاری، کوپل، گلبرگہ یادگیر باگل کوٹ بیلگاوی چامراج نگر اور چتر درگ میں پائی جاتی ہے۔

(iii) لیٹرائیٹ مٹی (Laterite Soil): اس قسم کی مٹی ان علاقوں میں پائی جاتی ہے جہاں شدید بارش ہوتی ہے اور درجہ حرارت زیادہ رہتا ہے۔ پانی میں گھلنے والا چونا اور سلکیٹس بارش کے پانی میں پگھل کر مٹی کی تہہ میں جم جاتے ہیں۔ لوہا اور المونیم جو نا قابل تحلیل ہیں مٹی کی اوپری پرت پر رہ جاتے ہیں۔ یہ موسم بارش میں نرم بنتے ہیں اور موسم گرما میں خشک ہوکر لیٹرائیٹ پتھر کی شکل اختیار کرتے ہیں۔ یہ پتھر تعمیراتی مقاصد کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ کاجو، کافی، چائے، الائچی، کالی مرچ، ربر، ناریل اور دیگر فصلیں اس مٹی میں اگائی جاتی ہیں۔ شمال کینرا، اڑپی، جنوبی کینرا، کورگ، چک منگلور، شیموگہ اور بیلگاوی میں یہ مٹی پائی جاتی ہے۔



(iv) ساحلی سیلابی مٹی (Coastal Alluvial Soil): سمندر اور ندیوں سے مٹی کے کٹاؤ کی وجہ سے سیلابی مٹی بنتی ہے۔ جیسا کہ کرناٹک کے ساحلی ضلعوں جیسے اڑپی شمالی وجنوبی کینرا میں یہ مٹی پائی جاتی ہے۔ اس میں ریت اور مٹی ملی ہوتی ہیں۔ یہ نامیاتی غذائیت سے مالامال ہوتی ہے۔ دھان، کاجو ناریل، سپاری، کیلے اور دیگر فصلیں اسی مٹی میں اگائی جاتی ہیں۔

قدرتی نباتیات:

قدرتی طور پر اگنے والے مختلف

@KTBS TO BE REPUBLISHED

اقسام کے پودے اور درختوں کو قدرتی نباتات کہتے ہیں۔ کرناٹک ضلع بھی مختلف قسم کے پودے اور درخت رکھتا ہے۔ پودوں کی قسمیں ماحولیات کے توازن کو برقرار رکھنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ درختوں سے عمارتی لکڑی، جلانے کی لکڑی، صنعتوں کو خام مال، جڑی بوٹیاں شہد، بانس، بید وغیرہ مہیا ہوتے ہیں۔ جنگلات جو جانوروں کا مسکن ہوتے ہیں۔ کرناٹک کے جنگلات میں ہم شیر، شیر ببر، چیتا، جنگلی بھینس، ہاتھی، ہرن اور مور کو دیکھ سکتے ہیں۔ یہ جنگلات تفریح گاہیں اور سیاحوں کے مراکز ہیں۔ یہ ماحولیاتی آلودگی کو قابو میں رکھتے ہیں۔ صندل کرناٹک کے جنگلات میں اُگنے والا ایک خاص درخت پایا جاتا ہے۔ اس سے عطر سازی، نقش نگاری کے ساز وسامان، صابون اور ادویات وغیرہ تیار کی جاتی ہیں اور پوری دنیا میں مشہور ہیں۔ اس لیے وہ نہ صرف پورے ملک بھر کی ضرورت کو پوری کرتے ہیں بلکہ بیرونی ممالک کو بھی برآمد کئے جاتے ہیں۔ اس لیے کرناٹک کو صندل کی زمین کہا جاتا ہے۔

نباتات کے اقسام:

کرناٹک کے قدرتی نباتات کے اقسام کو بارش کی مقدار، زمین کی خصوصیات اور مٹی کے اقسام کے مطابق تقسیم کیا گیا ہے وہ ہیں: (i) سدابہار جنگلات (ii) پت جھڑ کے جنگلات (iii) مخلوط جنگلات (iv) گھاس کے میدان اور جھاڑیاں۔

(i) سدابہار جنگلات: وہ علاقے جہاں سالانہ 250 سینٹی میٹر سے بھی زیادہ بارش ہوتی ہے۔ وہاں سدابہار جنگلات پائے جاتے ہیں۔ مثلاً مغربی گھاٹ کے ڈھلان، شدید بارش اور زیادہ درجہ حرارت کی وجہ سے پھیلے ہوئے شاخوں والے اونچے درخت اگتے ہیں۔ یہ جنگلات شدید گھنے ہونے کے سبب ناقابل گزر ہیں۔ سورج کی روشنی کسی بھی صورت میں زمین تک نہیں پہنچ پاتی ہے۔ اونچے اونچے عمارتی لکڑی کی مختلف اقسام کے درخت جیسے بیٹے (کالی لکڑی) روز اووڈ، مہوگنی، کینو، ہونی، ساگوان، متی، نندی، ہینبالاسو جنگلات میں اگتے ہیں۔ ان درختوں کے سایے میں گھنی جھاڑیاں اگتی ہیں۔ مختلف قسم کی جڑی بوٹیاں دارچینی الائچی، لونگ اور ادویات کے پودے بھی کثرت سے اگتے ہیں۔ اس قسم کے جنگلات شمالی وجنوبی کینرا، اُڑپی، شیموگہ، ہاسن، چک منگلور، چامراج نگر اور کورگ ضلع میں پائے جاتے ہیں۔

(ii) پت جھڑ کے جنگلات: موسم سرما کے بعد فضا میں نمی کی وجہ سے درختوں کے پتے جھڑنے لگتے ہیں۔ موسم بہار میں وہ پھوٹنے لگتے ہیں۔ ان جنگلات کو پت جھڑ کے جنگلات کہتے ہیں۔ 60 سے 120 سینٹی میٹر

© KSEEB NOT TO BE REPUBLISHED

سالانہ بارش جن علاقوں میں ہوتی ہے۔ وہاں اس قسم کے جنگلات پائے جاتے ہیں مثلاً چک منگلور، میسور، چامراج نگر، ہاسن کے مشرقی علاقے، ٹمکور، چک بلاپور کولار کے جنوبی علاقے منڈیار، جنوبی بنگلورو (رام نگرم) اور بنگلور دیہی ضلع، ساگوان، ہونی، مہوگنی، نیم، آم، پھنس، (کٹھیل) مٹوگا، میموسہ، برگد، صندل اور بانس وغیرہ کثرت سے اگتے ہیں۔ یہ درخت کافی گھنے نہیں ہوتے۔

یہ آپ کو معلوم رہے۔؟

- بنگلور کے قریب راموہلی میں سب سے بڑا برگد کا درخت ہے۔
- ضلع چکبالاپور، سدلگٹہ کے قریب ٹی وینکٹا پور میں سب سے بڑا نیم کا درخت ہے۔
- ضلع ہاوری میں ساونور کے قریب بہت بڑا املی کا درخت ہے۔

(iii) مخلوط جنگلات: سدا بہار جنگلات اور پت جھڑ کے جنگلات کے ملنے سے مخلوط جنگلات بنتے ہیں۔ 120 سینٹی میٹر سے 150 سینٹی میٹر سالانہ بارش کے علاقوں میں اس قسم کے جنگلات پائے جاتے ہیں۔ مثلاً اڑپی شمالی وجنوبی کینرا کے کچھ حصّے کورگ کے مشرقی اور چک منگلور، ہاسن اور میسور کے علاقے، ساگوان، ہونی، مہوگنی، متی نندی دنڈگ، صندل کٹھل اور بانس کثرت سے اگتے ہیں۔ تجارتی لحاظ سے اس کی کافی قدر ہے۔

(iv) گھاس کے میدان اور جھاڑیاں: 60 سنٹی میٹر سے بھی کم بارش کے علاقوں میں اس قسم کے پودے اگتے ہیں۔ بے حد قلیل بارش اور خشک آب وہوا کی وجہ سے کانٹے دار جھاڑیاں اور سوکھے نباتات کثرت سے اگتے ہیں۔ مثلاً کلی (caccuts) کالی جالی، ببول، پان کے درخت ہنچی اور کنٹی گھاس وغیرہ کبھی کبھی برگد، نیم، پیپل اور پلاس کے درخت بھی کہیں کہیں دیکھنے کو ملتے ہیں۔ اسی قسم کے جنگلات بیدر کلبرگی یادگیر، رائچور کوپل، وجیاپورا، بلاری، چتر درگ اور دیگر علاقوں میں دیکھے جاتے ہیں۔

ساحلی علاقوں میں خلیج، کھارے پانی کی جھیلیں (لیگون) اور عقبی آب تارنما جڑوں کے پودے ہوتے ہیں اور کھارے پانی میں اگتے ہیں۔ انہیں 'مینگرو کے جنگلات' کہا جاتا ہے۔ کرناٹک میں ایسے جنگلات کی مقدار کم ہے۔

سطح سمندر سے 1400 میٹر سے زیادہ بلند علاقوں کی آب وہوا سرد ہوتی ہے۔ مثلاً کدرے مکھ بابابڈن گیری، بی۔ آر ہلز، برہم گیری (کورگ) میں گھاس کے ڈھلان ہیں۔ ان علاقوں کی گہری وادیوں میں کئی جھرنے اور آبشار ہیں۔ ان علاقوں میں مخصوص 'شولہ جنگلات' بھی دیکھے جاسکتے ہیں۔

جنگلات کی تقسیم: ریاست کرناٹک میں اندراج کیا گیا جنگلاتی علاقہ 40649.30 لاکھ مربع کلومیٹر ہے۔ یہ

© DTES NOT TO BE REPUBLISHED


جغرافیائی علاقے کا 21.19% حصہ پر مشتمل ہے۔ ملک میں بھرے جنگلاتی وسائل میں کرناٹک ساتویں مقام پر ہے۔ شمالی کینرا ضلع زیادہ سے زیادہ جنگلاتی علاقے سے بھرا ہے۔ شیموگہ اور چامراج نگر ضلعوں کا دوسرا نمبر ہے۔ سب سے کم جنگلاتی علاقہ وجئے پور ہے۔

حیوانی وسائل

کرناٹک میں کثیر جنگلات کی بدولت مختلف قسم کے حیوانات پائے جاتے ہیں۔ حیاتیاتی تنوع کے لیے مشہور دنیا کے اہم مقامات (Hotspots) میں سے مغربی گھاٹ کو بھی درجہ حاصل ہے۔ اسے عالمی وراثتی علاقہ قرار دیا گیا ہے۔ ملک بھر کے حیوانات میں سے کرناٹک میں تقریباً 25 فیصد ہاتھیوں کی تعداد اور 18 فصد شیروں تعداد دیکھی جاسکتی ہےں مزید اس کے دیگر قسم کے حیوانات بھی ہیں۔ چیتا، ریچھ، خارپشت ہرن، بارہ سنگھا، جنگلی سور، ارنا بھینسا کے ساتھ ساتھ سانپ اور مختلف رنگین پرندے دیکھے جاسکتے ہیں۔

مغربی گھاٹ کا وسطی علاقہ ملناڈو کہلاتا ہے• اپنے قدرتی حیاتیاتی تنوع کو برقرار رکھا ہے۔ لہذا یہ زیادہ سے زیادہ حیوانی وسائل کا علاقہ ہے۔

کرناٹک کے اہم جنگلاتی علاقوں میں



آپ کو معلوم رہے: کرناٹک میں 5 اہم شیروں کی حفاظت کے علاقے ہیں۔ (1) بنڈی پور (2) بھدرا اور ناگرہولے علاقہ (3) بی آر ہلز اور کرناٹک میں مشہور پرندوں کا علاقہ رنگناتٹو ہے۔ یہ علاقہ رامسر سائٹ کی فہرست میں شامل ہونے والی پہلی سائٹ ہے۔

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

حیوانی وسائل والے علاقے یہ ہیں ساحلی علاقہ جس میں شمالی کینرا اور بیلگاوی۔ سہیادری پہاڑی علاقہ مثلاً: انعام دتترایا پیٹا (بابابڈھن گیری) کا علاقہ، بی آر ہلز، ملے مہادیشوراہیٹا، ہماوت گوپال سوامی ہلز جنوبی سطح مرتفع سے بنا ہے۔ رانی بنور شمالی سطح مرتفع کا اہم جنگلی حیوانات کا مسکن ہے۔ کرناٹک میں 5 نیشنل پارک، 7 پرندوں کے قیام گاہ اور تقریباً 36 جنگلی حیوانات کی پناہ گاہیں ہیں۔

مشقیں

I. مناسب الفاظ سے خانہ پری کیجیے؛

1. موسم گرما کا آغاز _____ اور _____ مہینے میں ہوتا ہے۔
2. وہ موسم جس میں شدید بارش ہوتی ہے وہ _____ ہے۔
3. شمالی کرناٹک میں وسیع پیمانے پر پائی جانے والی مٹی _____ ہے۔
4. _____ علاقہ سدا بہار جنگلات کا ہے۔
5. _____ ضلع میں کثرت سے جنگلات پائے جاتے ہیں۔

II. ذیل میں دئے گئے سوالوں کے مختصر جوابات دیجئے۔

6. کرناٹک کے چار موسم کے نام لکھئے۔
7. کرناٹک میں موسم بارش پر مختصر نوٹ لکھئے۔
8. کرناٹک میں پائی جانے والی مٹی کے اقسام کون کونسے ہیں؟
9. کرناٹک کے قدرتی نباتات کے اقسام کے نام لکھئے۔
10. 'کرناٹک کو صندل کی زمین' کیوں کہا جاتا ہے؟
11. کرناٹک کے جنگلات میں پائے جانے والے حیوانات کے نام لکھئے۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

III. جوڑیاں بنائیں؛

الف	ب
1. آدی چن چن گیری	(a) پرندہ کی قیام گاہ
2. مندگدے	(b) قومی جنگلات
3. ناگرہولے	(c) پت جھڑ کے جنگلات
4. صندل کا درخت	(d) مور کا مسکن
	(e) لال مٹی

IV. سرگرمی:

1. کرناٹک کے جنگلی جانوروں کی تصویریں جمع کر کے البم تیار کریں۔ پرندوں اور جنگلی جانوروں کے قیام گاہوں کی فہرست تیار کریں۔

V. منصوبہ : تمہارے ضلع میں پائے جانے والے قدرتی نباتات کی تعداد کے متعلق گروہی بحث کر لکھئے۔

☆☆☆

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED


باب - 12

کرناٹک کے آبی وسائل

اس باب میں درج ذیل نکات سیکھیں گے۔

- کرناٹک کی اہم ندیاں
- کرناٹک میں آبپاشی کے مختلف اقسام
- آبی برقی توانائی کی اہمیت
- کرناٹک کے اہم باندھ

کرناٹک کی ندیاں: ندیاں پانی کا اہم ذرائع ہیں۔کرناٹک میں کئی اہم ندیاں ہیں۔کرناٹک کی ندیوں کو دو گروہوں میں تقسیم کیا جاسکتا ہے۔ایک وہ جو مغرب سے مشرق کی جانب بہتی ہیں دوسری جو مشرق سے مغرب کی جانب بہتی ہیں۔



1. مشرق کی جانب بہنے والی ندیاں: کرشنا، کاویری، پینار اور پالار ندیاں مشرق کی جانب بہتے ہوئے خلیج بنگال سے جاملتی ہیں۔

کیا آپ جانتے ہیں؟ کاویری کے تین آبشار ہیں۔(1) چن چن کٹے، (2) گگن چکی، (3) بارا چکی، ہوگین کل اور تین جزائر ہیں (1) شری رنگ پٹن (2) شیوسمدرا (3) شری رنگم

کیا آپ جانتے ہیں؟

- کوڈل سنگم میں مل پربھا کرشنا ندی سے جاملتی ہیں۔
- کوڈلی۔تنگا اور بھدرا ندیاں ملنے کی جگہ سنگم
- کرشنا راج ساگر کے قریب ہیماوتی ندی کاویری سے جاملتی ہیں۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

کرشنا ندی جنوبی ہند کی دوسری اہم ندی ہے۔ یہ مہابلیشور سے نکل کر 1,392 کلومیٹر مشرق کی جانب مسافت طے کرتے ہوئے خلیج بنگال سے ملتی ہے۔ مگر کرناٹک میں اس کے بہنے کی مسافت 480 کلومیٹر ہے۔ بھیما، کوئینا، تنگ بھدرا، گھٹا پربھا اور مل پربھا اس کے معاون ندیاں ہیں۔ کرشنا ندی کے نظام سے شمالی کرناٹک کی آبپاشی اور آبی برقی توانائی کی پیداوار آسان ہوگئی ہے۔

آپ کو معلوم رہے: پینا رندی کا دوسرا نام پناکنی ہے تملناڈو میں دکشن پنیار ندی کو پنّیّار کہا جاتا ہے۔

کاویری کرناٹک کی سب سے اہم ندی ہے۔ 'دکشن گنگا' کے نام سے مشہور ہے۔ کوڈگو ضلع کے تلکاویری سے نکل کر کرناٹک اور تمل ناڈو کے مشرق کی طرف سے گزرتے ہوئے 804 کلومیٹر کی مسافت طے کرکے خلیج بنگال سے ملتی ہے۔ کرناٹک میں 380 کلومیٹر کا فاصلہ طے کرتی ہے۔ یہ ندی دیگر چھوٹی چھوٹی ندیوں کو بھی جوڑ لیتی ہے مثلاً ہیماوتی، ہارنگی، لوکاپاونی، ارکاوتی، شمشا، لکشمن تیرتھ، کپیلے، سورن وتی اور بھوانی۔ بجلی کی پیداوار کے یہ ندی بے حد فائدہ مند ہے۔ شمالی پینا کنی اور جنوبی، پالار ندیاں، چکا بالا پور، کولار ٹکمور اور بنگلور دیہی ضلعوں میں سے بہتے ہوئے آندھرا پردیش اور تمل ناڈو میں داخل ہوتی ہیں۔

2. مغرب کی جانب بہنے والی ندیاں: یہ ندیاں ملناڈ میں جنم لے کر مغرب کی جانب بہتے ہوئے بحر عرب میں مل جاتی ہیں۔ مثلاً شراوتی کالی ندی، گنگاوتی (بیڈتی) نیترا وتی، واراہی، گھناشنی وغیرہ۔ یہ سیدھے ڈھلانوں سے بہتے آبشاروں کو تشکیل دیتے ہیں۔ آبی توانائی کی پیداوار کے لیے کارآمد ہیں۔ شراوتی ندی پر بنا آبشار دنیا بھر میں مشہور ہے۔ یہ بھارت کا سب سے اونچا آبشار ہے۔ (253 میٹرز)۔

دیگر اہم آبشار گوکاک (گھٹ پربھا) بنڈاجے نیترا وتی اونچلی (اگھناشنی) چھایا بھگوتی (ڈونی ندی) چنچنکٹے شمشا، گگن چکی، بھرچکی (کاویری) ماگوڈ آبشار وغیرہ۔


آپ کو معلوم رہے:

کرناٹک کے بڑے اہم تالاب:

مدگادا تالاب (کڈور کے قریب)،
تنور تالاب (پانڈواپور کے قریب)،
ہائی ری گے تالاب (ہنسور کے قریب)،
راماسمودرا تالاب (چکبلا پور)،
بیراساگرا تالاب (گوڈی بنڈے)،
کلّم بلا تالاب (سیرا)،
بیرامنگلا تالاب (بڈادی)، وغیرہ

کرناٹک میں آبپاشی: زراعت کے لیے مصنوعی طریقے سے پانی مہیا کرنے کو آبپاشی کہتے ہیں۔ ان مقامات میں آبپاشی زراعت کے لیے ضروری ہے جہاں بارش کی مقدار غیر موسمی اور غیر مساوی ہے۔ کرناٹک میں مختلف طریقوں سے کاشتکاری کرنا قدیم رواج ہے۔ آبپاشی کے اہم ذرائع کنواں، نہر اور تالاب۔ پہلے دیہاتوں میں

© KSTBS NOT TO BE REPUBLISHED



آبپاشی کا رقبہ فیصد میں

کنویں کھودے جاتے تھے آبپاشی کے لیے پانی کوندی سے کھیتوں تک پہنچانے کے لیے نہروں کی تعمیر شروع ہوئی۔ بڑے بڑے تالاب آج بھی دیکھے جاتے ہیں۔مثلاً شانتی ساگر (سُلی کیرے)ضلع داونگیرے۔ گیارویں صدی میں کھودے گئے کلبرگی ضلع کے کنویں وجیہ نگر کے شاہی دور کے تنگ بھدرا نہریں ،میسور راجہ کی تعمیر کردہ وانی والاس ساگر اور کرشنا راج ساگر باندھ وغیرہ کرناٹک کی آبپاشی کی ترقی کے سنگ میل ہیں۔آج ریاست میں ندیوں کا پانی اور زیرزمین پانی دونوں کو آبپاشی کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔زیرکاشت زمین کا 41% حصہ پر آبپاشی کے سہولیات فراہم ہیں۔ بھارت کے آبپاشی حلقوں کرناٹک کا مقام نواں ہے۔


کیا آپ جانتے ہیں: کرناٹک کا سب سے بڑا آبی ذخیرہ وانی ولاس ساگر 1907 میں ہیریور کے قریب تعمیر کیا گیا۔ اسے ماری کنوا (ماری وادی) منصوبہ بھی کہا جاتا ہے۔

ضلع رائچور ریاست کا سب سے زیادہ نہروں سے آبپاشی والا ضلع ہے۔تالاب سے آبپاشی سب سے زیادہ شیموگہ میں کی جاتی ہے۔کنوؤں سے آبپاشی بیلگاوی کو پہلا مقام حاصل ہے۔حال میں ٹیوب ویل کی تعداد میں اضافہ ہوا ہے۔ضلع بیلگاوی ضلعوں کے اعتبار سے آبپاشی کا نمبر دیکھا جائے تو بیلگاوی اول نمبر پر ہے جب کہ کوڈگو ضلع آخری مقام پر ہے۔

ریاست کے اہم آبپاشی کے منصوبے یہ ہیں کرشنا راج ساگر باندھ، تنگ بھدرا ہیماوتی، کبینی ہارنگی، وانی ولاس ساگر (ماری کنوے) کرشنا کا بالائی منصوبہ آلمٹی ،تارائن پور،مل پربھا، کارنجا بینے تورے منصوبہ، ہپراگی، بیرتج، بھدرا منصوبہ وغیرہ۔

برق آبی توانائی: ہندوستان میں آبی توانائی کی پیداوار میں کامیابی حاصل کرنے والی پہلی ریاست کرناٹک ہے۔کوئلہ اور پیٹرولیم سے محروم ہماری ریاست کو آبی توانائی کی تیاری کے لیے کافی مواقع فراہم ہیں۔ریاست بھر میں بھرپور توانائی کے لئے درکار ندیاں اور وادیاں کرناٹک میں ہیں۔مشرق کی جانب بہنے

NOT TO BE REPUBLISHED @KTBS



والی ندیوں سے زیادہ مغرب کی جانب والی ندیوں میں توانائی کے پیداوار کی صلاحیت زیادہ ہے۔

کولار کے سونے کی کان کو مہیا کرنے کے لیے 1902 میں شیون سمدر کے قریب ہائیڈ رو الیکٹرک پاور اسٹیشن قائم کیا گیا۔ یہ کاویری ندی پر تعمیر کردہ منصوبہ اس کے قریب ہی 1940 میں ریاست کا دوسرا آبی توانائی کا منصوبہ جوشمشا ہیڈرو پاور پروجیکٹ کہلاتا ہے۔ پر تعمیر کیا گیا۔ بجلی کی بڑھتی ہوئی مانگ کو پورا کرنے کے لئے شراوتی ندی پر جوگ آبشار کے قریب مہاتما گاندھی آبی توانائی کا منصوبہ 1947 میں قائم کیا گیا۔ بعد میں کئی آبی توانائی پروجیکٹ پنج سالہ منصوبوں کے تحت جاری کئے گئے۔ ان تمام ترقیات کے نتیجہ کے طور پر کرناٹک ریاست آبی توانائی کی پیداوار میں اول نمبر پر ہے۔

کرناٹک کے اہم آبی توانائی کے پروجیکٹ: شوانا سمدرم، شمشا (کاویری ندی) شراوتی لنگن مکی، گیروسوپا اور مہاتما گاندھی آبی توانائی مرکز سوپا، ناگجھری، کدرا اور کوڈسلی (کالی ندی) واراھی ندی اور ماریکنویں (ویداوتی ندی) بھدرا، تنگ، (تنگ بھدرا ندی)، گھٹ پربھا (ندی) اور آلمٹی (کرشنا ندی) منصوبے۔

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

مشقیں

I. مناسب الفاظ سے خانہ پری کیجیے؛

1. کاویری ندی کا منبع کوڈگو ضلع کے _____ میں ہے۔
2. مشہور جوگ آبشار _____ ندی پر ہے۔
3. کرشنا راج ساگر باندھ _____ ضلع میں ہے۔
4. کرناٹک کا پہلا آبی توانائی پروجیکٹ _____ ہے۔
5. المٹی باندھ _____ ندی پر تعمیر کیا گیا ہے۔

II. مندرجہ ذیل سوالوں کے جوابات گروہ میں بحث کر کے دو سے تین جملوں میں لکھئے؛

6. کرناٹک کی اہم ندیوں کے نام لکھیے۔
7. کرشنا ندی پر مختصر نوٹ لکھیے۔
8. کاویری ندی کی معاون ندیوں کی فہرست بنائیے۔
9. کرناٹک میں آبپاشی کی مختلف ذرائع کے نام لکھیے۔
10. ہماری ریاست کے اہم آبی توانائی اسٹیشن کے متعلق بیان کیجیے۔

III. جوڑیاں بنائیں؛

الف	ب
1. لنگن مکی باندھ	a) گھٹا پربھہ ندی
2. گنگن چکی بھرچکی آبشار	b) بیڈتی ندی
3. وانی ولاس ساگر	c) کالی ندی
4. گوکاک آبشار	d) کاویری ندی
5. ماگوڈو آبشار	e) شراوتی
	f) ماری کنوے

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

IV. سرگرمیاں:

1. کرناٹک کی ندیوں اوران کے معاون ندیوں کی فہرست تیار کریں۔

V. پروجیکٹ:

1. کرناٹک نقشہ میں باندھوں کی نشاندہی کر کے ان کے نام لکھیں۔
2. آپ کے رہائش گاہ کے قریب کسی بھی تالاب، نہر، ندی یا ساحل پر جائیں اوران کی اہم خصوصیات کے متعلق لکھئے۔
3. دریا، ریاستوں کے درمیان ہم آہنگی لاتے ہیں کیسے بحث کیجئے۔

☆☆☆

@KTBS
NOT TO BE REPUBLISHED

باب - 13

کرناٹک کے زمینی وسائل

ہم اس باب میں درج ذیل نکات معلوم کریں گے؛

- کرناٹک میں زمین کے استعمال کے مختلف طریقے۔
- زراعت کی اہمیت اور طریقے۔
- کرناٹک کی اہم فصلوں کی تقسیم اور پیداوار کے بارے میں جانکاری


کرناٹک ریاست جغرافیائی لحاظ سے مالا مال ہے۔ یہ مختلف طبعی خصوصیات مٹی، جنگلات، معدنیات، پانی اور زیر زمین پانی سے بھری ہے۔ زمین ایک اہم قدرتی ذریعہ ہے۔ اس کا صحیح استعمال ریاست کی ترقی کا ضامن ہے۔

زمین کا استفادہ: مختلف مقاصد کے لیے زمین کا استعمال زمین کا استفادہ کہلاتا ہے۔ اس میں زیر کاشت زمین، جنگلاتی زمین، افتادہ زمین، رہائش کے قابل زمین، راستوں کی تعمیری کے لیے، ریلوے، باندھ، نہریں، بنجر زمین، چراگاہی کے لیے چھوڑی گئی زمین وغیرہ شامل ہے۔ زمین کا صحیح استعمال معاشی ترقی کی بنیاد ہوتا ہے۔ کرناٹک ریاست کا کل جغرافیائی رقبہ 19.05 لاکھ ہیکٹر ہے۔ یہ مندرجہ ذیل مقاصد کے لئے استعمال ہوتا ہے۔

کرناٹک میں زمینی استفادہ کی قسمیں:

1. **کل قابل کاشت زمین:** ریاست بھر میں قابل کاشت زمین یکساں نہیں ہے۔ ریاست میں سب سے زیادہ قابل کاشت زمین کا ضلع گلبرگہ ہے۔ اس کے بعد بیلگاوی، وجئے پور، ٹمکور، رائچور، باگل کوٹ، بلاری، چتر درگ اور میسور ضلعوں کا مقام ہے۔ شہری وسعت کی بدولت سب سے کم قابل کاشت زمین کا ضلع بنگلور ہے۔
2. **جنگلاتی علاقہ:** ضلع شمالی کینرا سب سے زیادہ جنگلات والا علاقہ ہے۔ شیموگہ، چامراج نگر، چک منگلور، کوڈگو بیلگاوی، جنوبی کینرا، اڑپی اور بلاری ضلعوں میں زیادہ طور پر دکھائی دیتے ہیں۔ سب سے کم جنگلات والا علاقہ وجئے پور ہے۔ شہری بنگلور، بنگلور دیہی، رائچور، بیدر اور گدگ ضلعوں میں کم جنگلات پائے جاتے ہیں۔

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED



زمین کے استعمال کا مختلف فیصد

3 . کاشت کے لئے غیر دستیاب زمین: یہ وہ زمین ہے جو زراعت کے بجائے دیگر مقاصد کے لیے استعمال کی جاتی ہے۔اس میں ریلوے کے راستے ، بری راستے ، رہائش ، صنعت، آبپاشی کے منصوبے اہم ہیں۔ حالیہ دور میں ایسے ترقیاتی مقاصد کے لئے زمین کے استعمال میں اضافہ ہورہا ہے۔ بنگلور شہر ضلع پہلے مقام پر ہے۔ بمقال شیموگہ، ٹمکور، بیلگام، بلاری، وجیانگر، میسور، جنوبی کینرا ضلعوں میں زیادہ مگر بیدر ضلع میں سب سے کم ہے دیگر ضلعوں میں معتدل پیمانے پر ہے۔

4. دیگر غیر کاشتہ زمین:

یہ زمین مستقل چراگاہوں، درختوں اور پیڑوں کے جھنڈ پر مشتمل ہے۔ یہ شیموگہ، ٹمکور، کولار، چک منگلور اور چتر درگ ضلعوں میں کثیر تعداد میں پائے جاتے ہیں۔ ایسی زمین گدگ، باگل کوٹ اور دھارواڑ ضلع میں زرخیز بنا کر زراعت کے مطابق ڈھالی جاسکتی ہے۔

5. افتادہ زمین: دو یا تین سالوں سے زیادہ کاشتکاری نہ کی گئی زمین کو افتادہ زمین کہتے ہیں۔ حالیہ دنوں میں افتادہ طور پر چھوڑی گئی زمین کم ہے۔ ریاست کے چند ضلعوں میں افتادہ زمین دیکھی جاسکتی ہے۔ کلبرگی سب سے زیادہ افتادہ زمین کا ضلع ہے۔ رائچور بیلگاوی وجئے پور، کوپل اور ٹمکور افتادہ زمین کے دیگر ضلع ہیں کم افتادہ زمین کے ضلع جنوبی کینرا چک منگلور، کوڈگو، میسور، شمالی کینرا اور اڑپی ہیں۔ ایسی زمین کو زرخیز بنا کر اور استعمال کر کے زرعی زمین کی طرح بنایا جاسکتا ہے۔

زراعت

زمین کی جتائی (ہل چلانے) کے کام کو زراعت کہا جاتا ہے۔ انسان زمین میں مختلف اقسام کے بیج بوکر اپنے گزارے کے لیے درکار غذائی اجناس اور خام مال پیدا کرتا ہے۔ اس کے علاوہ مویشی پالنا، مرغی پالنا، شہد پالنا، ماہی پروری اور ریشم کے کیڑے پالنا بھی زراعت سے جڑے ہیں۔ کرناٹک میں 61.33% فی

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

صد دیہاتوں میں بسے لوگ زراعت پر انحصار کرتے ہیں۔

اہمیت: زراعت کرناٹک کے قدیم اور ابتدائی پیشوں میں سے ایک ہے۔ یہ ذرائع معاش کا ذریعہ ہے۔ یہ ہماری ریاستی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی کی مانند ہے۔ معاشی ترقی کا انحصار زراعت پر ہے۔ زراعت لوگوں کو روزگار فراہم کرتی ہے۔ اور ساتھ ہی لوگوں کو غذا اور صنعتوں کو خام مال فراہم کرتی ہے۔ یہ ریاستی مالیت کا اہم ذریعہ ہے اور زرمبادلہ کماتی ہے۔ کافی، ریشم، مسالے، تمباکو، کپاس وغیرہ برآمد کئے جانے والے اشیا ہیں۔ ثلاتی پیشوں جیسے نقل وحمل، بینکنگ اور بیمہ کی ترقی کے لیے بھی یہ مددگار ہوتی ہے۔ یہ ریاست کے سیاسی اور سماجی نظام میں ایک اہم کردار ادا کرتی ہے۔

زراعت کی اقسام: زمین کے حجم، زمین کی زرخیزی، پانی کے دستیابی، بارش کی مقدار آب وہوا، طبعی خصوصیات، بازار کی سہولیات کے مطابق مختلف قسم کی فصلیں اُگائی جاتی ہیں۔

ان عوامل کے مطابق زراعت کے اقسام کی درجہ بندی کی گئی ہے۔

آبپاشی والی فصلیں، خشک فصلیں نہروں تالابوں اور کنوؤں سے پانی لے کر فصلیں اگانے کو آبپاشی والی فصلیں کہتے ہیں۔ دھان اور گنا آبپاشی کی اہم فصلیں ہیں۔ بارش پر انحصار کرنے والی فصلوں کی کاشتکاری کو خشک فصلیں کہتے ہیں۔ یہاں کم بارش کے موسم میں بھی، زمین کا اپنی نمی کو برقرار رکھنا بہت اہم ہوتا ہے ۔مثلاً راگی، جوار، تیل کے بیج وغیرہ۔

تجارت کی غرض زرخیز زمین پر چند سالانہ فصلیں اگائی جاتی ہیں۔ جن کو باغاتی فصلیں کہا جاتا ہے۔ مثلاً کافی، چائے، ربر، کوکو وغیرہ۔ گھریلو استعمال کے علاوہ، غیر ملکی بازاروں کا خیال رکھتے ہوئے اگائی جانے والی فصلوں کو تجارتی فصلیں کہا جاتا ہے۔ مثلاً تمباکو، کپاس، پٹ سن وغیرہ۔

کسانوں کے گزر بسر کے لیے اگائے جانے والی فصلوں کو گزر بسر زراعت کہا جاتا ہے۔ یہ قدیم طرز کی زراعت ہے۔


حالیہ دور میں مخلوط زراعت کو شہرت حاصل ہے۔ اس میں فصلوں کو اگانے کے ساتھ ساتھ ڈیری فارمنگ، مویشی پالن، ریشم کے کیڑے پالنا شہد مکھی پالنا ماہی پروری وغیرہ اس میں شامل ہیں۔

کرناٹک کی اہم فصلیں	
نجن گڈھ	رسابلے
بیاڈگی	مرچ
ٹپٹور	ناریل
میسور	پان
بنگلور	نیلے انگور
دیون ہلی	چکوت
دوانگیرے	بیگن
نپانی	تمباکو
کملاپور	لال کیلے

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

کرناٹک کی اہم فصلیں: مختلف اقسام کی زراعت کی طرح فصلیں بھی مختلف اقسام کی ہوتی ہیں۔ مٹی، آب و ہوا، جغرافیائی صورت حال، آبپاشی کے سہولیات، کسانوں کے ریت رواج زرعی بازار کاری اس کے اہم اسباب ہیں۔ کرناٹک کی فصلوں کو مندرجہ ذیل اقسام میں تقسیم کیا گیا ہے۔ غذائی فصلیں دھان، راگی، مکئی، دالیں، جوار تجارتی فصلیں، گنا، کپاس تمباکو، شہتوت، تیل، بیج، مونگ پھلی، تل، السی، سورج مکھی وغیرہ۔ باغاتی فصلیں کافی، ناریل، پھنس، ربر اور کیلے۔

ان کے علاوہ باغبانی اور پھولبانی (Floriculture) بھی رائج ہے۔ اب آگے کرناٹک کی اہم فصلوں کے متعلق جانیں گے۔



غذائی فصلیں:

1. دھان: یہ کرناٹک کی غذائی فصل ہے۔ چاول کرناٹک کے لوگوں کی مرغوب غذا ہے۔ قابل کاشت زمین 28.2% حصہ پر دھان اگائی جاتی ہے۔ دھان کی پیداوار میں اضافہ کے لیے آبپاشی سہولیات کیمیاوی کھاد، پیداوار بڑھانے والے ہائی بریڈ بیج کا استعمال کیا گیا ہے۔


دھان گرم معتدل فصل ہے۔ دھان کی پیداوار کے لیے شدید بارش اور زیادہ درجہ حرارت درکار ہے۔ کم بارش کے علاقوں میں آبپاشی ضروری ہے۔ صاف اور ہموار زمین کا ہونا دھان کی پیداوار کے لیے ضروری ہے۔ مثلاً میدانی زمین، چکنی مٹی

© SCERT KSEEB REPUBLISHED

سے ملی ہوئی زرخیز مٹی، کیمیائی کھاد، درختوں کے پتے، کثیر تعداد میں مزدور دھان کی پیداوار کے لیے ضروری ہوتے ہیں۔ % 70 دھان کی بوائی جون تا اگست میں کی جاتی ہے۔ اور کٹائی نومبر اور ڈسمبر میں ہوتی ہے۔ اسے خریف کی فصل کہا جاتا ہے۔ موسم گرما میں بھی آبپاشی سہولیات کے علاقوں میں دھان اگایا جاتا ہے۔ (فروری۔ جون) اسے خریف کی فصل کہا جاتا ہے۔ ملناڈ میں دھان اچھال کر اگایا جاتا ہے اور میدانی علاقوں میں بویا جاتا ہے۔

آپ تمہیں معلوم ہے:
دھان کا تعلق گھاس کے خاندان سے ہے اس کا سائنسی نام oryzasativa ہے۔

دھان کی پیداوار کے علاقے: دھان کرناٹک کے تمام ضلعوں میں اگایا جاتا ہے۔ کرشنا تنگ بھدراوادی، کاویری وادی اور ساحلی اضلاع دھان کی پیداوار کے لیے مشہور ہیں۔ دھان کی پیداوار میں رائچور کو پہلا مقام حاصل ہے۔ اس کے بعد داونگیرے، میسور، شیموگہ، منڈیا، کوپل، شمالی کینرا اڑپی جنوبی کینرا اور کلبرگی ضلع اہم ہیں۔ کرناٹک کے دیگر دھان اُگانے والے علاقوں میں ٹمکور، ہاسن، چک منگلور، کوڈگو اور بیلگاوی ضلع ہیں۔ آبپاشی والے علاقوں میں دھان پیداوار اور معیار بہتر ہوتا ہے۔



2. جوار: چاول کے بعد جوار کرناٹک کی دوسری بڑی فصل ہے۔ کچھ عرصہ پہلے تک جوار کا رقبہ دھان سے زیادہ تھا حال میں جوار اگانے والا علاقہ محدود ہو گیا ہے۔ زرعی زمین کا کل 26 فی صد حصہ جوار اگائی جاتی ہے۔ کرناٹک، ہندوستان میں جوار کی پیداوار

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED


کے لئے مہاراشٹر کے بعد دوسرے نمبر پر ہے۔

آپ کو معلوم رہے:
کلبرگی کو تو ردال کا غلہ کہا جاتا ہے۔

جوار شمالی کرناٹک میں لوگوں کی اہم غذا ہے۔اس سے عام طور پر روٹیاں بنائی جاتی ہیں۔ جوار کے تنوں کو مویشیوں کے چارے کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔۔

مکئی (Maize): عالمی سطح پر مکئی کو اناج کی ملکہ سمجھا جاتا ہے۔مکئی جنوبی کرناٹک میں وافر مقدار میں اُگائی جاتی ہے۔بنیادی طور پر انسانوں کی خوراک اور جانوروں کے لئے چارا (گھاس) کے طور پر استعمال ہوتی ہے۔

جوار اور مکئی کا تعلق گھاس کے خاندان سے ہے۔ یہ ایک منطقہ حارہ کی فصل ہے ،پیداوار کے لئے معتدل بارش اور معتدل درجۂ حرارت کی ضرورت ہوتی ہے۔ جوار کے لئے مخلوط لال، کالی اور سیلانی مٹی موزوں ہے۔جوار کی بوبائی کے دوران بارش کا ہونا ضروری ہے ۔نشریاتی طریقہ (broadcasting) استعمال کر کے اُگائی جاتی ہے یہ جنوب مغربی مانسون پر منحصر ہے۔



3. راگی: یہ بھرپور غذائیت رکھنے والی غذائی فصل ہے۔اس کا نباتیاتی نام یلنین کوراکان ہے۔ راگی حلوہ (مدّے) ، گنجی ، روٹی بھونا آٹا، مالٹ، دوسا وغیرہ کے پکوان تیار کئے جاتے ہیں۔

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

کرناٹک میں دھان اور جوار کے بعد راگی تیسری اہم فصل ہے۔ یہ سستی فصل ہے۔ راگی کا چارہ مویشوں کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ اور اسے لمبے عرصہ تک ذخیرہ کیا جاسکتا ہے۔

یہ گرم خطے کی فصل ہے۔ زیادہ درجہ حرارت معتدل بارش، لال اور سیلابی مٹی پیداوار کے لیے موزوں ہے۔ یہ قحط اور خشک سالی میں بھی اگائی جاسکتی ہے۔ کہیں کہیں آبپاشی کی سہولیات والے علاقوں میں راگی کی پیداوار ہوتی ہے۔ راگی کی بوائی گھاس اور کچرا صاف کرنے، کٹائی کرنے اور راگی کی ذخیرہ اندوزی کے لیے کئی مزدوروں کی ضرورت پیش آتی ہے۔ یہ جنوب مغربی مانسون پر انحصار کرنے والی کی اہم فصل ہے۔ آبپاشی کی مدد سے۔ اسے گرمیوں کے موسم میں بھی اُگایا جاتا سکتا ہے۔

پیداوار کے علاقے: راگی کی پیداوار کے لیے ہندوستان میں کرناٹک پہلے مقام پر ہے۔ حالیہ دنوں میں راگی کا استعمال کم ہو رہا ہے۔ اس لیے راگی کا علاقہ بھی محدود ہوتا جارہا ہے۔ زرعی زمین کا کل 14 فی صد حصہ پر راگی اگائی جاتی ہے۔ جنوبی میدانی ضلع راگی کا مرکز بن گیا ہے۔ یہ قدیم میسور صوبے کی رسمی فصل ہے۔ شمالی کرناٹک میں جوار کو اہم مقام حاصل ہے تو جنوبی کرناٹک میں راگی کو، ٹمکور کرناٹک میں سب سے زیادہ راگی اگانے والا ضلع ہے۔ اس کے بعد جنوبی بنگلورو (رام نگر)، بنگلور دیہی، ہاسن، منڈیا، کولار، چک بلاپور، شیموگہ، چک منگلور، چامراج نگر اور داونگیرے ضلع آگے ہیں۔

تجارتی فصلیں:

1. گنّا: یہ کرناٹک کی اہم تجارتی اور صنعتی فصل ہے۔ گنے کی پیداوار میں کرناٹک ہندوستان میں چوتھے مقام پر ہے۔ یہ گرم علاقے کی پیداوار ہے۔ یہ گرم علاقوں، شدید بارش کے علاقوں اور آبپاشی کے بہترین ذرایعے والے علاقوں میں اگایا جاتا ہے۔ گنے کی کاشت کے لیے ریت سے ملی مٹی اور لال مٹی موزوں ہے۔ گنے کی کٹائی کے فوراً بعد کارخانے کو پہنچانے کے لیے بہتر نقل وحمل کی سہولیات ہونی چاہیے۔

سرگرمی: آپ کے ضلع میں پیدا ہونے والی غذائی فصلوں اور تجارتی فصلوں کی فہرست بنائیے۔

گنّے کی فصل گھاس کے خاندان میں شمار ہوتی ہے۔ یہ 3 میٹر اُونچا اُگتا ہے۔ اس میں سکروس ہوتا ہے جو گُڑ اور شکر تیار کرنے کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ یہ ایک سال سے زیادہ والی فصل ہونے کے سبب آبپاشی کا ہونا ضروری ہے۔

گنے کی پیداوار کے علاقے: بیلگاوی کرناٹک میں سب سے زیادہ گنا اگانے والا ضلع ہے۔ آلمٹی

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

منصوبے سے آبپاشی کے سہولیات پانے والا باگل کوٹ ضلع کو دوسرا مقام حاصل ہے۔منڈیا،میسور، وجئے پور، بیدر، بلاری، وجیانگر، شیموگہ، داونگیرے، ہاسن، کوپل، ہاویری گنا اگانے والے دیگر اضلاع ہیں۔

آزاد ہند کے پہلے سے ہی منڈیا گنے کی پیداوار کے لیے مشہور ہے۔

2. کپاس: یہ ایک ریشہ دار والی فصل ہے۔کپڑے کی صنعت کے لیے خام مال کے طور پر اگائی جاتی ہے ۔اس کے علاوہ یہ قالین، رسیّاں، بستر اور تکیہ بنانے کے لئے استعمال ہوتی ہے۔اس کے بیجوں سے غذائی تیل نکالا جاتا ہے اور اس کے باقیات (ہنڈی) سے مویشیوں کو غذا کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔ یہ گرم علاقوں اور معتدل علاقوں کی فصل ہے۔

معتدل بارش زیاہ درجہ حرارت اور کالی مٹی کپاس کے لیے موزوں ہے ۔ ہماری ریاست میں ایک طویل عرصہ سے کپاس کے استعمال کا رواج ہے۔ لمبے اوسط اور چھوٹے ریشے والی کپاس کی اقسام ہیں۔مگر کرناٹک میں زیادہ تر اوسط اوچھوٹے ریشے والی کپاس اگائی جاتی ہے۔کپاس خریف کی فصل ہے کرناٹک میں کپاس اگست ستمبر مہینوں میں بوئی جاتی ہے۔اسے بارش کے مہینوں میں زیادہ تر بویا جاتا ہے اور یہ ایک بارانی فصل اور آبپاشی کی مدد سے بھی پیداوار کی جاتی ہے۔

پیداوار کے علاقے: ریاست میں کپاس، اگانے والے ضلع یہ ہیں: ہاویری دھارواڑ گدگ ،میسور، بلاری، وجیانگر، رائچور، کلبرگی بیلگاوی داونگیرے، چترد رگ، کوپل اور وجئے پور۔ ہاویری ریاست میں سب سے زیادہ کپاس اگانے والا ضلع ہے۔دھارواڑ دوسرے مقام پر ہے۔

کپاس کی کاشت میں کیڑے اور بیماری کا تدراک ایک مسئلہ بن گیا ہے۔ایگریکلچرل ریسرچ انسٹی ٹیوٹ کی جانب سے دستیاب شدہ مخلوط النسل کے بیج اور بیماری کو قابو میں رکھنے سے کپاس کی پیداوار میں اضافہ دیکھنے میں آیا ہے۔

3. تمباکو: یہ نکوشیا گروپ سے تعلق رکھنے والی فصل ہے۔اس میں نکوئین نامی نشیلا مادہ پایا جاتا ہے۔ یہ بیڑی سیگریٹ سگار، ناس وغیرہ کی تیار میں استعمال کیا جاتا ہے۔ 17 ویں صدی میں پرتگالیوں نے ہندوستان میں تمباکو کا تعارف کردیا۔اس کے بعد کرناٹک میں اگایا جانے لگا۔اب یہ کرناٹک کی اہم تجارتی فصلوں میں سے ایک ہے۔ یہ معتدل بارش زرخیز رکھنے والے زیادہ درجہ حرارت والے علاقوں میں اگایا جاتا ہے۔

کرناٹک میں ورجنیا تمباکو عمدہ درجہ کا ہونے کے سبب زرمبادلہ حاصل ہوتا ہے اور ریاستی خزانے کو

NOT TO BE REPUBLISHED ©KTBS

داخلی محصولات کے طور پر بے انتہا آمدنی حاصل ہوتی ہے۔

تمباکو اگانے والے علاقہ: ہندوستان میں کرناٹک تمباکو اگانے والی چوتھی سب سے بڑی ریاست ہے۔ میسور کو تمباکو پیداوار میں پہلا درجہ حاصل ہے۔ ہاسن شیموگہ کوڈگو بیلگام، بلاری، وجیانگر، چترد رگ ،رائچور، داونگیرے ،ٹمکور اور گدگ میں تمباکو اگایا جاتا ہے۔ بیلگام ضلع میں نپّانی بیڑی بنانے کے لیے کافی مشہور ہے۔ کرناٹک میں اگایا جانے والا تمباکو دنیا کا سب سے عمدہ ترین تمباکو ہے اور یہ زیادہ تر برآمد کیا جاتا ہے۔

سرگرمی:
کسانوں کو اپنے مدرسہ میں مدعو کریں۔ کاشتکاری کے طریقہ اور ان فصلوں کی تجارت جو انہوں نے اُگائی ہے اس کے متعلق بات چیت کریں۔

4. کافی: کافی کرناٹک کی مشہور باغاتی اور مشروباتی فصل ہے۔ کافی کی پیداوار میں ہندوستان میں کرناٹک کو پہلا مقام حاصل ہے۔ 1670 ے دوران بابا بوڈھن نامی کسی صوفی نے چک منگلور کے پہاڑی سلسلوں میں کافی کے پودے لگوائے۔ اس لئے ان پہاڑوں کا نام بابا بوڈھن گیری پڑا مگر منظم طریقے سے کافی کی کاشت 1826 میں انگریزوں کی حکومت کے دوران ہوئی۔ آج کرناٹک میں وسیع طور پر کافی کے پودے دیکھنے کو ملتے ہیں۔

سرگرمی: نامیاتی زراعت سے متعلق مزید معلومات حاصل کیجیے۔

کرناٹک میں دو قسم کی کافی اگتی ہے۔ (الف) عربکہ (ب) ربوسٹہ ان دونوں میں عربکہ کافی عمدہ قسم کی ہے۔ جس کی بین الاقوامی بازار میں بڑی مانگ ہے۔ کافی گرم علاقے کی فصل ہے۔ جو شدید بارش کے علاقوں میں پہاڑوں کے ڈھلوانوں پر پیداوار کی جاتی ہے۔ اس کے لیے چکنی مٹی درکار ہوتی ہے۔ اس کی فصل کو سورج کی دھوپ سے بچا کر گھنے پیڑوں کے سائے اگایا جاتا ہے۔ عام طور پر کافی جس میں اُسے اُگانے کے لئے درکار تمام شرائط موجود ہیں۔ کرناٹک کے ملناڈ علاقے میں اگائی جاتی ہے۔

کافی اگانے والے علاقے:

ہندوستان میں پیدا ہونے والی کافی کا 70% حصّہ کرناٹک کا ہے۔ خصوصاً کوڈگو ضلع کافی اُگانے میں پہلے مقام پر ہے۔ اس کے بعد چکمنگلور اور ہاسن بھی کافی کے اہم علاقے ہیں۔ شموگہ چامراج نگر اور جنوبی کینرا بھی چھوٹے پیمانے پر کافی اگائی جاتی ہے۔

© KSEEB NOT TO BE REPUBLISHED

کرناٹک میں عمدہ قسم والی کافی اگائی جاتی ہے۔ جولذت اور تازگی کے لیے مشہور ہے۔ لہٰذا مقامی اور بین الاقوامی بازاروں میں اس کی زبردست مانگ ہے۔ اس لیے کرناٹک کو کافی کی سرزمین کہتے ہیں۔

مشقیں

I. ذیل کی خانہ پری کیجیے؛

1. مختلف مقاصد کے لیے زمین کے استعمال کو _____ کہا جاتا ہے۔
2. سب سے زیادہ قابل کاشت زمین _____ ضلع میں ہے۔
3. کرناٹک میں سب سے زیادہ گنا اگانے والا ضلع _____ ہے۔
4. تمباکو میں _____ نامی مادہ ہوتا ہے۔

II. مندرجہ ذیل سوالوں کے جوابات گروہ میں بحث کر کے مختصر جواب دیجئے؛

5. کرناٹک میں کے زمین کے استعمالات کے اقسام کے نام لکھئے۔
6. کرناٹک میں زراعت کی اہمیت پر مختصر نوٹ لکھئے۔
7. آبپاشی سے کیا مراد ہے؟ آبپاشی کی مدد سے اگنے والی اہم فصلوں کے نام لکھیے۔
8. مخلوط زراعت کے اہم خصوصیات بیان کیجئے۔
9. مکئی پر مختصر نوٹ لکھئے۔

III. ذیل میں دیئے گئے مناسب جوڑیاں بنائیں:

الف	ب
1. کافی	a) وجئے پورا
2. کپاس	b) تمکور
3. دھان	c) بیلگاوی
4. راگی	d) رائچور
5. جوار	e) ہاویری
	f) کوڈگو

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

IV. سرگرمیاں:

1. کرناٹک میں اُگنے والے مختلف اقسام کی غذائی اجناس اور دالیں جمع کریں۔
2. کرناٹک کے نقشہ میں جوار، راگی اور دیگر غذائی اجناس اگانے والے علاقوں کی نشاندہی کیجیے۔

V. پروجیکٹ :

1. اپنے آس پاس کے علاقوں میں اگائی جانے والی فصلوں کے ناموں کی فہرست بنائیے اور ان کی تصاویر اکھٹا کریں۔

☆☆☆

@KTBS
NOT TO BE REPUBLISHED



معاشیات Economics

باب - 14

معاشی بناوٹ

اس باب میں ہم درج ذیل نکات معلوم کریں گے:

- قدیم اور روایتی معاشیات کی خصوصیات اور تبدیلی
- روزگار اور آمدنی کے ذرائع
- جامد اور متحرک معیشت کی خصوصیات
- خود کفیل معیشت میں ہندوستان کی پیش رفت

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

تعمیری تبدیلی:

پچھلی جماعت میں ہم معاشی سرگرمیوں کا مطالعہ کر چکے ہیں۔ معاشی سرگرمیوں کو زراعت اور صنعتی اور خدماتی حلقوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ ان حلقوں کے متعلق آپ تفصیل سے اگلے باب میں پڑھیں گے۔ معاشی نظام کے تین شعبوں میں پیداوار اور روزگار کی نوعیت، ٹیکنالوجی کے استعمال سے آمدنی کی سطح اور طرز زندگی میں جو تبدیلیاں رونما ہوئی ہیں ان کو معاشی ڈھانچہ یا معاشی بناوٹ کہا جاتا ہے۔

عام طور پر معاشی نظام کی معاشی ڈھانچہ مسلسل بدلتا رہتا ہے۔ پیداوار کے عوامل یعنی زمینی مزدور، سرمایہ اور تنظیم اپنی کارکردگی اور پیداواری صلاحیت کو بہتر بناتے ہیں۔ پیداوار کے عوامل میں نئی اور مناسب ٹیکنالوجی کے استعمال سے کام کی نوعیت اور پیداوار کی مقدر بدلتی رہتی ہے۔

ہندوستانی معیشت روایتی طور پر ایک زراعتی معیشت ہے۔ آبادی کی اکثریت کاشتکاری سے وابستہ ہے۔ یہ کھیتی باڑی تھی۔ کسانوں نے وہی اُگایا جو اُن کے گذر بسر کے لئے ضروری تھا۔ لوگوں کی خواہشات کم تھی اور ان کی زندگی سادہ تھی۔ اشیاء کے بدلے اشیاء کا رواج عام تھا۔ جب کھیتی باڑی کو تجارتی شکل دی گئی تو قدیم معاشی نظام تبدیل ہونے لگا۔ کسانوں نے اپنی ضرورت سے زیادہ فصلیں اُگانا شروع کیا۔ ایسی فصلیں اُگائیں جو بازار میں پیسے کے لئے فروخت کی جاسکتی تھیں۔ راگی، دھان، جوار اور گیہوں کی روایتی فصلوں کے

ساتھ ساتھ انہوں نے ناریل، کپاس، گنّا، جوٹ، مونگ پھلی اور مسالے جیسی تجارتی فصلیں بھی اُگانا شروع کیا جو زیادہ منافع بخش تھیں۔ زرعی صنعتیں بھی ترقی کرنے لگیں کیونکہ کپاس، چینی اور دیگر تجارتی فصلیں بڑے پیمانے پر اُگائی جاتی تھیں۔

سرگرمی: ہمارے گاؤں کی پہلے کی اور آج کی آبادی کی جانکاری حاصل کیئے اور گاؤں میں زراعت میں ہونے والی تبدیلیوں سے متعلق معلومات حاصل کیجیئے۔

سترہویں اور اٹھارویں صدی عیسوی میں انگلیڈ میں شروع ہونے والا صنعتی انقلاب بہت جلد دوسرے ملکوں میں بھی پھیلنے لگا۔ یہ صنعتی انقلاب سماج میں سرمایہ داروں کے طبقے کو جنم دے کر ایک نئے طبقے کے عروج کا سبب بنا۔ نجی ملکیت رکھنے والے جاگیردار اور نواب صنعتوں میں سرمایہ لگا کر سرمایہ دار کہلانے لگے۔ نئی دریافتوں کی مدد اور منافع کی خواہش نے انہیں مختلف اقسام کی صنعتوں کو قائم کرنے پر مجبور کیا۔ زراعت میں نئی ٹیکنالوجی کے سبب یہ دیگر صنعتوں کے لئے بھی مدد و معاون ثابت ہوئی۔ جس کے نتیجے میں پیداوار، روزگار اور آمدنی میں اضافہ ہونے لگا اور لوگوں کی زندگی کا معیار بڑھنے لگا۔ اس طرح زرعی معیشت نے صنعتی معیشت کے لئے راہ ہموار کی۔ اسی عمل میں کچھ اقتصادی ترقی دوسروں کے مقابلے میں بہت تیز ہوئی۔ مختلف اقتصادیات آج ترقی کے مختلف مراحل سے گذر رہی ہیں۔

ہندوستانی زراعت میں بھی جدید زرعتی تکنیک کو اپنانے کی کوشیش کی گئیں۔ اس کے نتیجے میں زیادہ پیداوار والے بیجوں میکانیکل فارمنگ، کیمیائی کھادوں اور کیڑکش ادویات کے استعمال میں اضافہ ہوا۔ اس کے علاوہ کاشتکاری اور پیداوار کے جدید طریقوں کو اپنایا گیا۔ جس نے ہندوستانی زراعت میں تبدیلی کو فروغ دیا۔

زراعت میں ہائبرڈائزیشن، اور آبپاشی میں ٹیکنالوجی کے استعمال سے پیداوار میں اضافہ ہوا، مگر کیمیائی کھادوں، کیڑکش، ادویات وغیرہ کا اندھا دھند استعمال ماحولیاتی آلودگی کا باعث بنتا ہے۔ زمین کے کٹاؤ سے زمین کی زرخیزی ختم ہونے لگی۔ زیرِ زمین پانی کے مقدار پر توجہ دیئے بغیر پانی کے لامحدود استعمال سے زیرِ زمین پانی کی سطح کم ہوگئی۔ کیڑکش ادویات کے بے جا استعمال کی وجہ سے کئی مقامات پر پانی کے ذرائع آلودہ ہوگئے۔ ان تمام تبدیلیوں کے نتیجے میں فطری کاشکاری اور قدرتی کاشتکاری کی ایک بار پھر اہمیت حاصل ہوئی ہے۔

اقتصادی ڈھانچے میں ہونے والی تبدیلیوں سے ہندوستانی معیشت میں نمایاں تبدیلی آئی ہے۔ سیاسی آزادی کے مواقع کے مقابلے میں نسبتاً کم لوگ اپنی روزی روٹی کے لئے زراعت پر انحصار کرتے ہیں۔ لیکن


© NCERT NOT TO BE REPUBLISHED

پھر بھی افرادی قوت کی اکثریت کا شتکاری میں مصروف ہے۔ تاہم قومی آمدنی میں اسی کا حصّہ کم ہوتا جارہا ہے۔ دورِ حاضر میں قومی آمدنی میں سب سے زیادہ حصّہ داری شعبۂ خدمات کی ہے۔ یہ زراعت کے بعد روزگار کے بڑے مواقع بھی فراہم کررہا ہے۔ صنعتی شعبہ مسلسل ترقی کررہا ہے اور قومی آمدنی میں اس کا حصّہ شعبۂ خدمات کے بعد دوسرے نمبر پر ہے۔

آمدنی کے ذرائع:

آسان اقتصادی نظام میں آمدنی دو ذرائع سے حاصل ہوتی ہے۔ وہ یہ ہیں۔

(1) گھریلو شعبہ (2) صنعتی شعبہ، یہ آپسی لین دین کے ذریعہ آمدنی پیدا کرتی ہیں۔ ذیل میں لکیروں والی تصویر کا معائنہ کیجئے۔




@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

گھریلو شعبے پیداوار کے عوامل یعنی زمین، محنت، سرمایہ اور تنظیم کے مالک ہوتے ہیں اور انہیں صنعتوں کو فراہم کرتے ہیں۔ بدلے میں صنعتیں اُنہیں زمین کے استعمال کے لئے کرایہ، مزدوری کے لئے اُجرت، سرمائے کے استعمال کے لئے سود اور تنظیم کے لئے منافع فراہم کرتی ہیں۔ اس لئے کرایہ، اجرت، سود اور منافع گھر کی آمدنی پر مشتمل ہے۔

کسی بھی معاشی نظام میں لوگوں کی معاشی سرگرمیوں میں حکومت کی دخل اندازی عام بات ہوتی ہے۔

حکومت گھریلوں حلقوں پر ٹیکس عائد کر کے منافع کماتی ہے۔ اس کے عوض میں گھر، حلقوں کو تعلیم، صحت، رہائش، نقل وحمل، پینے کا پانی وغیرہ کے سہولیات اور تحفظ فراہم کرتی ہے اسی طرح صنعتی حلقوں پر بھی ٹیکس عائد کر کے منافع کماتی ہے۔ اس کے عوض صنعتی حلقوں کو نقل وحمل، مواصلات اور بجلی وغیرہ کے خدمات اور تحفظ فراہم کرتی ہے۔ اس طرح حکومت گھریلو اور صنعتی حلقوں پر لگائے گئے مختلف ٹیکس آمدنی کے ذرائع ہیں۔ ذیل میں دی گئی تصویر کو دیکھیں۔



@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

روزگار کے ذرائع:

لوگ اپنے گزر بسر کے لیے محنت مزدوری کرتے ہیں وہ معاشی نظام کے مختلف حلقوں جیسے زراعت صنعت اور خدمات پر مشتمل اداروں میں کام کرتے ہیں۔ آہستہ آہستہ، زراعت پر مبنی قومی صنعتی اور خدمت پر مبنی قوموں میں تبدیل ہو رہی ہے۔ جیسے جیسے ہندوستانی معیشت ترقی کر رہی ہے، جدید ٹیکنالوجی کو اپنانے سے زراعی شعبے میں بھی بہت تبدیلیاں رونما ہوئیں۔ ٹیکنالوجی اور ہنر مند کاشتکاری کے طریقوں کے استعمال سے زراعت کے شعبے میں اضافی مزدوروں کی تخلیق ہوئی جس سے بے روزگاری میں اضافہ ہوا۔

جب معشیت کی ترقی ہوئی ہے تو دیگر حلقے بھی جیسے صنعت اور خدمات بھی ترقی کرتے ہیں۔ تب کام کرنے والا طبقہ زراعت اور خدماتی حلقوں کو منتقل ہوتا ہے۔ مگر صنعتوں اور خدماتی حلقوں کے پیشوں کے لیے مہارت رکھنے والا مزدوروں کا طبقہ لازمی ہوتا ہے جو ایک اہم مسئلہ درپیش ہوتا ہے۔ غیر ماہر زرعی

مزدوروں کوصنعتوں اور خدماتی حلقوں میں روزگار دستیاب نہیں ہوتا۔ان میں چند تربیت حاصل کرنے اور ضروری صلاحتیوں کے باوجود وہ زراعت پر ہی انحصار کرتے ہیں۔اس لئے ہندوستان جیسے ملک میں زراعت سے جڑی پیداوار زرعی حلقے کے لئے کم ہورہی ہے۔زراعت پر انحصار کرنے والے مزدوروں کے مقدار زیادہ ہوتی ہے۔حکومت غیر ماہر زرعی مزدوروں کو درکار ضروری صلاحتیوں کو ابھارنے کے لئے کئی اقدامات کرتی ہے۔

ساکن اور حرکت والی معیشت (Static and dynamic economy):

لفظ Static یونانی لفظ "Statike" سے ماخوذ ہے۔جس کے معنی جامد یا ساکن کے ہیں۔معاشیات میں یہ بغیر کسی تبدیلی والی صورت حال کا اشارہ کرتی ہے۔ساکن معشیت ایک غیر مدتی معشیت ہے۔جس میں کوئی تبدیلی نہیں ہوتی اور یہ معشیت متوازن ہے۔معاشی نظام کے بنیادی عوامل آبادی کی مقدار سرمایہ کی فراہمی پیداواری حلقہ تجاری تنظیموں کی فطرت اور لوگوں کی مانگ میں کسی بھی تبدیل کے بغیر ساکن ہوجاتی ہے ۔لہٰذا معاشی ترقی بھی ٹھپ ہوجاتی ہے۔

انگریزی حکومت کے دوران ہندوستان میں ساکن معاشی نظام رائج تھا۔انگریزوں کے طویل دور اقتدار کے اور معاشی استحصال کی نتیجہ میں ہندوستان ایک غریب اور پسماندہ ملک بن گیا تھا۔قوت بخش غذا کی کمی اور صحت کی سہولیات کی کمی کے نتیجہ میں موت کی شرح میں اضافہ ہوا۔غریبی کی وجہ سے سرمایہ لگانا کافی مشکل ہوگیا تھا۔ترقی کی رفتار بالکل دھیمی تھی۔زراعت اور صنعتوں میں پیداوار کے قدیم طریقے رائج تھے۔لہٰذا آزادی سے پہلے ہندوستان کی معشیت ساکن بنی ہوئی تھی۔لفظ 'Dynamic' یونانی زبان کے لفظ "Dynamikos" سے مشتق ہے جس کے معنی متحرک یا حرکت کے ہیں۔

حرکت والی معاشیات معاشی نظام میں واقع ہونے والی تبدیلیوں کے مطالعہ سے منسوب ہے۔یہ ایک دَور سے دوسرے دَور تک معاشی نظام میں ہونے والی تبدیلیوں کے عمل کو بیان کرتی ہے۔حرکت والی معیشت اُن تبدیلیوں کا مطالعہ ہے جو معیشت میں ہوتی ہیں۔یہ معیشت میں وقتاً فوقتاً ہونے والی تبدیلی کے عمل کا تجزیہ کرتا ہے۔حرکت والی معیشت میں آبادی کا تناسب سرمایہ کاری کی دستیابی، پیداوار کے طریقے، تنظیم کی نوعیت اور لوگوں کی خواہشات مسلسل بدلتی رہتی ہیں۔اس وجہ سے معاشی نظام بھی جدید معاشی نظام میں منتقل ہوتا ہے۔ نئی ٹیکنالوجی کے استعمال سے پیداوری حلقہ اور پیداواری حجم بدلتا ہے۔لوگوں کا معیارِ زندگی تبدیل ہوتا ہے۔

آزادی کے بعد پنج سالہ منصوبوں کو لاگو کرنے کی وجہ سے سرمایہ داری میں اضافہ ہوا ہے۔اس سے پیداوار کی مقدار میں اضافہ ہورہا ہے۔

لوگوں کی زندگی بدل رہی ہے۔ان کے ضروریات بدل رہی ہیں 1991 کے بعد جاری کئے گئے معاشی پالیسی کے تحت حریت پسند نجی ملکیت عالمگیری اور جدت پسندی کے اثرات سے تبدیلیوں میں بے حد اضافہ

ہوا۔اس سے ہندوستان کے معاشی نظام کی بناوٹ بدل گئی ہے۔اس کی وجہ سے اقتصادی نظام کی تشکیل میں تبدیلیاں واقع ہوتی ہیں۔زراعت پر یہ منفی اثرات مرتب کرتے ہیں خدماتی علاقوں پر مثبت اثر ڈالتے ہیں۔ صنعتی علاقہ آہستہ آہستہ ترقی پذیر ہے۔حکومت کی نئی معاشی پالیس کی وجہ سے مشکلات میں نہ گھرِ کرعوام کے لئے حفاظتی جال کی تیاری کے لئے (safetynet) ہر دم کوشاں ہے۔ سبھوں کو شامل کرنے کی ترقی (inclusive growth) کے لئے حکومت کوشاں ہے۔

مشقیں

I. ذیل کی خانہ پُری کیجئے ؛

1. تعمیری تبدیلی _____ سرگرمی سے تعلق رکھتا ہے۔
2. قدیم معیشت میں _____ کو اہمیت حاصل تھی۔
3. معیشت میں _____ حلقے ہیں۔
4. لفظ ساکن معیشت _____ زبان سے ماخوذ ہے.
5. صنعتی انقلاب کا آغاز سب سے پہلے _____ ملک میں ہوا۔

II. ذیل کے سوالات کے جوابات لکھئے ؛

6. بناوٹی تبدیلی سے کیا مراد ہے؟
7. قدیم اقتصادی نظام کی خصوصیات لکھئے۔
8. سرمایہ داروں کے طبقہ کا عروج کس طرح ہوا؟
9. آمدنی کے ذرائع کون کونسے ہیں؟
10. روزگار کے ذرائع کون کونسے ہیں؟
11. ساکن اور حرکت والی معشیت میں فرق بیان کیجئے۔

III. سرگرمی: 1. آپ کے گاؤں میں 20 سال پہلے کون کونسی فصلیں اگائی جاتی تھیں اپنے والدین سے پوچھ کر فہرست تیار کریں اور اب آپ کے گاؤں میں کونسے فصلیں اگائی جارہی ہیں۔اس کا موازنہ کریں۔ 20 سال کے عرصہ میں فصلوں کی تبدیلی کی نشاندہی کریں اور اس پر مختصر نوٹ لکھیں۔

IV. منصوبہ: 1. حکومت کی آمدنی کے گشتی مراحلہ کا چارٹ بنا کر بیان کریں۔

...

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

باب - 15

ہندوستانی معیشت کے حلقے

اس باب کے مطالعہ سے آپ جانیں گے؛

- ہندوستانی معاشیات کے اہم حلقے
- ابتدائی حلقہ کے معنی اور اہمیت
- ثانوی حلے کے معنی اور صنعتوں کی تقسیم
- معاشی سرگرمیوں میں نجی ملکیت اور عوامی ملکیت کا کردار
- خدماتی حلقہ کی اہمیت
- کرناٹک کی معیشت

اس سے پہلے آپ جان چکے ہیں کہ معاشی سرگرمیوں کے اعتبار سے ہندوستان کی معیشت کو تین حلقوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ وہ ہیں۔

1) ابتدائی حلقہ: زراعت، مویشی پالن، جنگلات، آراکشی اور ماہی گیری، کان کنی پر مشتمل ہے۔
2) ثانوی حلقہ: اس حلقہ میں صنعت وحرفت، گیس اور پانی کی صفائی، تعمیرات اور بجلی کی پیداوار شامل ہیں۔
3) ثلاثی حلقہ: تعلیم، نقل وحمل، ذخیرہ اندوزی، مواصلات، سیاحت، ہوٹل اور ریسٹورنٹ، بیمہ، رئیل اسٹیٹ، کاروباری خدمات، عوامی انتظامیہ اور دیگر خدمات اس حلقہ میں شامل ہیں۔

ابتدائی حلقہ (Primary Sector): ابتدائی حلقہ زراعت اور زراعت سے جڑی سرگرمیاں جیسے ریشمی صنعت، باغباتی، مویشی پالنا، مرغی پالن، ماہی گیری اور زراعت پر مبنی صنعتوں پر مشتمل ہے۔ یہ پیشے صنعتوں کے لیے درکار خام مال مہیا کرتے ہیں۔


زرعی حلقہ کی اہمیت: ہندوستان میں زراعت اہم پیشہ ہے آج بھی یہ ہماری معشیت کی ریڑھ کی ہڈی ہے۔ اس کی اہمیت مختصر طور پر نیچے دی گئی ہے۔

(1) لوگ اب بھی راہِ راست اور بالواسطہ طور پر زراعت پر انحصار کرتے ہیں۔
(2) زراعت پر انحصار کرنے والی صنعتوں کو خام مال مہیا کرتی ہے۔
(3) یہ انسانوں کے لئے غذا اور جانوروں کے لئے چارہ فراہم کرتی ہے۔

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

(4) یہ کسانوں کو بچت کے ذریعہ اُن کی آمدنی بڑھانے میں مدد کرتی ہے۔

زراعت ایک پیشہ ہونے کے باوجود کسانوں کے حالات تسلی بخش نہیں ہیں۔ اس کی وجوہات درج ذیل ہیں۔



کسان

(1) زیادہ تر کسان چھوٹے اور بالکل چھوٹے کسان ہیں۔

(2) زیر کاشت زمین کا بڑا حصہ مانسون پر انحصار کرتا ہے۔

(3) زراعت مانسون کے ساتھ جوا بازی ہے۔ زرعی پیداوار کی مقدار کم ہے۔

(4) بہت سے کسان جدید زرعی آلات اور جدید پیداواری ٹیکنالوجی کی جانکاری سے محروم ہیں۔

(5) دلالوں اور ایجنٹوں کی دخل اندازی کے سبب کسانوں کو مناسب قیمت دستیاب نہیں ہوتی۔

حکومت زرعی پیداوار کو بڑھانے اور ملک میں کسانوں کے حالات بہتر بنانے کے لیے مختلف اقدامات اٹھاتی ہے۔

سرگرمی:

اپنے گاؤں میں ایک کسان سے ملاقات کرتے ہوئے درج ذیل معلومات حاصل کیجیے۔

(a) اس سال کونسی فصل اگائی گئی؟

(b) اس فصل کے بعد اس کے فروخت کی صورت کیا ہے؟

ثانوی حلقہ (Secondary Sector):

ثانوی حلقہ کو مصنوعاتی حلقہ کہا جاتا ہے۔ اس میں خام مال کو تیار شدہ مصنوعات میں تبدیل کیا جاتا ہے۔ صنعتوں کو تین گرویوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔

1) زراعت پر مبنی صنعتیں

2) جنگلات پر مبنی صنعتیں

3) معدنیات پر مبنی صنعتیں

سرگرمی:


حال میں زرعی علاقے میں ہونے والے سدھار سے متعلق ہونے والی ترقیاں معلوم کیجئے۔

صنعتوں کو ملکیت کے بنیاد پر دو گروہ یوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔

(1) عوامی ملکیت کی صنعتیں

(2) نجی ملکیت کی صنعتیں

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED



عوامی ملکیت کی صنعتیں حکومت کی ملکیت ہوتی ہیں ان کی درجہ بندی مرکزی پبلک سیکٹر انٹر پرائزز (CPSE) اور ریاستی پبلک سیکٹر انٹر پرائزز (SPSE) کے طور پر کی گئی ہے۔ نجی ملکیت کی صنعتیں نجی لوگوں کی ملکیت میں آتے ہیں۔ ان میں سرمایہ کاری اور میشنری کی بنیاد پر ملٹی نیشنل کارپوریش اور دیگر نجی کمپنیاں شامل ہیں۔ اس کی درجہ بندی اس طرح ہے۔ بڑے پیمانے والے، درمیانی پیمانے والے، چھوٹے پیمانے والے اور مائکرو قسم کی صنعتیں (MSME's)

ہندوستان میں عوامی حلقہ (Public sector in india): آزادی سے پہلے ہندوستانی معاشی نظام میں لوگوں کو عوامی حلقوں کی معاشی سرگرمیوں میں حصہ داری نہیں تھی۔ اس وقت حکومت کے ماتحت اور انتظامیہ والی کاروباری تنظیمیں جیسے ریلوے، بندرگاہیں، ڈاک اور ٹیلی گراف، ہوائی جہاز اور دفائی کارخانے۔

آزاد ہندوستان میں 1956 کی صنعتیں پالیسی جاری ہونے کے بعد عوامی ملکیت والی صنعتیں بڑے پیمانے پر قائم ہوئی۔ عوامی حلقہ کے یونٹ موجودہ دور میں کام اور صلاحتیوں کا پیمانہ 'وسعت' ٹیکنیکی مہارت اور روزگار کے مواقع تشکیل دیتے ہیں۔ ہندوستان میں عوامی حلقوں کے یونٹ HindustanITI,BHEL,HMT Ship building yard وغیرہ ہیں۔

نجی حلقہ: نجی حلقہ معاشی سرگرمیوں کے میدان ہر قسم کے انفرادی اور نجی کمپنیوں تعلق رکھتا ہے۔ اس حلقہ میں پیداوار سے جڑے ہوئے مختلف پیداواری سرگرمیا رذاتی ہوتی ہیں اور نجی منظم انجمنیں نجی طور پر چلائی جاتی ہیں مثلاً ٹاٹا، برلا، جندال، مہیندرا، امبانی، کرسلوسکر وغیرہ۔

ملٹی نیشنل کارپوریش: کوئی کمپنی اپنے وطن میں قائم مدد دفتر سے دو یا دو سے زیادہ ممالک میں قائما پنی کمپنیوں کے نظم ونسق چلاتی ہے۔ اسے ملٹی نیشنل کارپوریش' (کثیر ملکی کارپوریش) کہتے ہیں۔ ہندوستان میں معاشی سدھار کے بعد بہت ساری ہمہ ملکی کمپنیاں اپنے مصنوعاتی اکائیاں قائم کیں۔ مثلاً سونی (جاپان) سیامسنگ (جنوبی کوریا) ہندوستان یونی لیور UK (یونائیٹڈ کینگ ڈم) وغیرہ۔

©KTES NOT TO BE REPUBLISHED

1991 کو ہندوستانی حکومت اقتصادی اصلاحات کے لئے جدید معاشی سدھار پالیسی کو جاری کیا۔ جس کے تحت مختلف منصوبوں کو پبلک پرائیوٹ پارٹنرشپ (پی پی پی) کے ماتحت لایا گیا، 1991 کی معاشی سدھار پالیسی کے بعد نجی حلقوں کو کافی تقویت ملی۔

صنعتی حلقوں کی اہمیت: صنعتی حلقے معشیت کو مضبوط بناتے ہیں۔ معاشی ترقی میں اس حلقہ میں اس حلقے کی اہمیت یہ ہے کہ۔

1 ملک کی قومی آمدنی میں اضافہ کرتے ہیں۔
2 لوگوں کو روزگار فراہم کرتے ہیں۔
3 صنعتوں کی ترقی سے لوگوں کے معیار زندگی بلند ہوتا ہے۔
4 ٹریکٹر زرعی آلات اور کھاد وغیرہ کی فراہمی کے سب زراعت کو جدید بنانے میں مددگار رہوتی ہے۔
5 لوگ بڑے بڑے شہروں اور گاؤں کا رخ کرنے سے زرعی زمین پر پڑنے والا بوجھ کم ہوتا ہے۔
6 زرمبادلہ کمانے میں مددگار رہوتا ہے۔
7 صنعتی علاقے تجارت تعلیم، نقل وحمل، بیکنگ وغیرہ بھی ساتھ ساتھ ترقی کرتے ہیں۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

ثلاثی حلقہ (Tertiary Sector):

ثلاثی حلقہ کو خدماتی حلقہ بھی کہتے ہیں۔ موجودہ دور کی عالمی معاشی نظام خدماتی حلقہ پر مشتمل ہے۔ بینکنگ، بیمہ، تجارت، نقل وحمل، مواصلات، صحت، تعلیم اور تربیت وغیرہ خدماتی اداروں کی اہم اکائیاں ہیں۔

بینک: عوام سے مختلف طور طریقوں سے دولت کو جمع کرتے ہوئے چلائے جانے والا مالی ادارہ بینک کہلاتا ہے۔ ضرورت مند لوگوں کو قرض بھی فراہم کرتے ہیں۔ بینک روپیئے جمع رکھنے والوں اور سرمایہ دار کے درمیان ایجینٹ کی طرح کام انجام دیتے ہیں۔

بیمہ: بیمہ مالی نقصان کے خلاف تحفظ پہنچانے والا طریقہ ہے۔ یہ انسانی زندگی کی آفتوں اور جائیداد واملاک کی بربادی کا سبب بننے والے حادثوں کے خلاف تحفظ فراہم کرتے ہے۔ مثلاً موت، حادثات، بوڑھاپا، بیماری، آتشزنی، زلزلے، سیلاب، فسادات، جہازوں کے ڈوبنے وغیرہ کے لئے بیمہ اور زندگی کا بیمہ۔

حمل ونقل: مسافر اور ساز وسامان کو ایک جگہ سے دوسرے جگہ پہنچانے کے انتظام کو حمل ونقل کہتے ہیں۔ اس میں بری



نقل وحمل کا ذریعہ (ٹراسپورٹ)

نقل وحمل۔آبی نقل وحمل اور فضائی نقل وحمل کی قسمیں ہیں یہ معاشی ترقی میں اہم کردار ادا کرتے ہیں حمل ونقل ساز و سامان پہنچانے کے لئے مناسب بازار فراہم کرتی ہے۔

مواصلات: مواصلات 'خیالات' جذبات اور معلومات کو ایک شخص سے دوسرے شخص کو ایک جگہ سے دوسری جگہ تبا دلہ کرنے کے انتظام کو کہا جاتا ہے۔ڈاک کی خدمات ٹیلی فو'فیاکس'ای۔میل 'اخبارات' انٹرنیٹ وغیرہ دنیا کے گوشہ گوشہ سے رابطہ قائم کرنے میں مددگار رہوتے ہیں۔

صحت: ''تندرستی ہزار نعمت ہے۔'' ''صحت مند جسم میں درست دماغ ہوتا ہے۔'' والی کہاوت زندگی میں صحت کی اہمیت بیان کرتی ہے۔عالمی ادارہ صحت (WHO) کے مطابق جسمانی' دماغی سماجی اور عقلی کمزوریوں سے آزاد رہنے والے کو صحت مند کہتے ہیں۔


شفاخانہ (ہسپتال)

ہندوستان میں صحت کی حفاظت کی اضافہ ہورہا ہے۔اموات کی شرح پر ایک ہزار کو 7.2 کمسنوں کی اموات پر ایک ہزار کو 47 بچوں کی اموات ایک ہزار کو 15 تیزی سے کم ہوئی جارہی ہے۔2011 میں اوسط متوقع زندگی 66.9 سال بڑھ گئی ہے۔طبی آگاہی کے پرگرام جان لیوا بیماریوں جیسے کالرا ملیریا۔ٹی۔بی وغیرہ۔پر قابو رکھنے میں مددگار رہوتے ہیں۔حکومت کے مضبوط ارادوں کے نتیجے سے ہندوستان سے پولیو کا مکمل صفایا کردیا گیا ہے۔

تعلیم: لفظ Education لاطینی زبان کے لفظ educare سے ماخوذ ہے۔اس کا مطلب ''ترقی کی جانب بڑھو'' بابائے قوم گاندھی جی کے مطابق ''تعلیم بچے کی شخصیت میں ہمہ گیر ترقی لاتی ہے۔''

حکومت خواندگی میں اضافہ کرنے کے لیے 1998 میں قومی خواندگی مشین 2001 میں سروشکشن ابھیان (SSA) 1995 میں دوپہر کا کھانا نامی پروگرام جاری کیا۔ہمارا ملک ثانوی تعلیم کے معیاد کو بلند کرنے کے لیے 2009 مارچ میں قومی ثانوی علیم ابھیاں (RMSA) اور ستمبر 2009 میں خواندہ ہندوستان نامی پروگرام جاری کیا۔

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

قومی آمدنی کو مختلف حلقوں کی دین:

ہماری قومی آمدنی کو مختلف حلقوں کی دین ذیل میں دئے گئے خاکے سے سمجھیں۔

حلقہ	1950-51	1990-91	2000-01	2011-12
ابتدائی حلقہ	59%	35%	27%	14%
ثانوی حلقہ	13%	24%	25%	27%
ثلاثی حلقہ	28%	41%	48%	59%

کرناٹک کی معیشت:

کرناٹک ہندوستان کی 8ویں بڑی ریاست ہے۔اس کا رقبہ 1,91,791 مربع کلومیٹر پر پھیلا ہوا ہے۔انتظامی سہولت کے لیے اسے چار آمدنی حصوں، 31 ضلعوں اور 239 تعلقوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ یہ مغربی گھاٹوں کے سدا بہار جنگلات، ساحلی خطہ، بھرپور نباتات اور حیوانات اور خام دھات کے ذخائر جیسے قدرتی وسائل سے مالا مال ہے۔ یہ وسائل کئی طریقوں سے معاشی ترقی میں اہم رول ادا کر رہے ہیں۔آپ جغرافیہ میں ہمارے وسائل سے متعلق مزید معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

زراعت: کرناٹک میں 52 فی صد سے زیادہ لوگ زراعت پر انحصار کرتے ہیں۔ریاست میں مختلف قسم کی فصلیں اُگائی جاتی ہیں۔کرناٹک غذائی فصلوں کی پیداوار میں خود کفیل سے مگر دالوں کی پیداوار میں ابھی کمی ہو رہی ہے۔


تقریباً 30% فی صد قابل کاشت علاقہ پر آبپاشی کی جاتی ہے اور تقریباً 70% قابل کاشت علاقہ بارش پر انحصار کرتا ہے۔ چھوٹے اور بڑے پیمانے کی آبپاشی کے منصوبوں سے آبپاشی کو وسعت دی گئی ہے۔ مثلاً گھٹابربھا، ملاپربھا، تنگا بھدرا، نارائن پور، آلمٹی، پیماوی، ہارنگی، کرشناراج ساگر وغیرہ۔

کرناٹک کی اہم فصلیں دھان، جوار، راگی، مکی، باجرا وغیرہ ہیں۔کپاس، گنا، تمباکو، آلو، تیل کے بیج، کافی چائے وغیرہ ریاست کے اہم غیر غذائی فصلیں ہیں۔الائچی، کالی مرچ، آم، ناریل، سپاری اور کیلے اہم مسالے اور ریاست کی باغاتی فصلیں ہیں۔

باغبانی کھیتی: باغبانی کھیتی میں کرناٹک ایک نامور ریاست ہے۔ باغبانی کھیتی کو سدھار دلانے کے

© KSEEB NOT TO BE REPUBLISHED

لیے ریاستی حکومت نے کئی اقدامات کئے ہیں۔ مثلاً علاقے کی وسعت کسانوں کو رہنمائی بیجوں کی فراہمی پودوں کی فراہمی بالکل چھوٹی آبپاشی کیڑے مکوڑے اور بیماریوں پر قابو رکھنا فصل کٹائی کے بعد انتظام اور بازارکاری وغیرہ۔ کرناٹک ریاست باغبانی ترقیاتی ایجنسی نامی ادارہ باغباتی فارموں اور سائنسٹفک طریقوں والے پرورش خانوں کی ترقی کے لیے یہ قائم کیا گیا ہے۔ NABARD نبارڈ باغاتی فصلوں کی توسیع کے لیے اپنی ایجنسیوں کے ذریعہ قرض کی سہولیات مہیا کررہا ہے۔



باغبانی

کرناٹک میں پھولوں کی کاشت: پھولوں کی کاشت کو فلوری کلچر کہا جاتا ہے۔ اس میں پھولوں کی پیداوار کی جاتی ہے اور باغ باغیچوں میں خوبصورت پودے لگا کر پھولوں کی صنعت کی جاتی ہے۔ کرناٹک فلوری کلچر میں سب آگے ہے۔ دیون ہلی اور چک بالا پور، حوینا یڈاگلی اور سوانور ریاست میں سب سے زیادہ پھول اُگانے والے تعلقے ہیں۔



پھولوں کی کاشت

ہندوستان کے پھولوں کے برآمدات میں اضافہ ہورہا ہے۔ اور پھولوں کا زیادہ تر حصہ کرناٹک سے ہی برآمد کیا جاتا ہے۔ کرناٹک زراعت پر مبنی ادارہ (KAIC) قومی پھولوں کی کاشت کاری بورڈ یہ دونوں کرناٹک میں پھولوں کے کاروبار کو فارغ دینے کے لیے کولڈ اسٹواج سہولیات او رتاجروں کے لیے نقل وحمل کے اخراجات کے لیے کئی طرح سے مالی تعاون دے رہے ہیں۔



مویشی پالن

مویشی پالن اور ڈیری کی ترقی: دودھ کی پیداوار میں کرناٹک کو ہندوستان میں دوسرا مقام حاصل ہے۔ ملک کے کل


مویشیوں کی مقدار میں کرناٹک کا ٪6.20 فیصد اور مرغیوں کا 6. 48% فیصد ہے کرناٹک میں دودھ کی پیداوار 22-2021 میں 11. 80 فیصد ملین ٹن بڑھ کر ہے۔ ریاست بھر میں قائم مویشیوں کے دواخانوں کے ذریعہ مویشیوں اور مرغیوں کی صحت کی حفاظت کی جاتی ہے کرناٹک دودھ کی تنظیم (KMF) ریاستی سطح کی باہمی تعاون تنظیم جو ریاست میں آپریشن فلڈ کے تحت ڈیری کی ترقی کے کام انجام دی رہی ہے۔ یہ دودھ اور دودھ سے بنی اشیا گاہکوں کو فروخت کرتی ہے۔

ماہی گیری: کرناٹک ریاست 320 کلومیٹر لمبا ساحلی علاقہ 27000 مربع کلومیٹر براعظم شلف کا علاقہ 5.60 لاکھ ہیکٹر کا آبی ذرائعوں کا علاقہ ماہی گیری کی ترقی کے لیے زبرست موقع فراہم کرتی ہے۔ ریاست میں کل 9.61 لاکھ مچھیرے ہیں جن میں 3.28 لاکھ سمندری اور 6.33 لاکھ مچھیرے ریاست کے اندرونی علاقوں میں رہتے ہیں۔ سال 22-2021 میں 10.74 لاکھ مٹرک ٹنس تھی۔ ہندوستان کی مچھلی کی کل پیدا وار میں ریاست کا حصہ 6 فیصد ہے۔ ریاست میں 7 ماہی گیر بندرگاہیں۔ وہ کاروار، تدری، ہوناور، بھٹکل، گنگولی، مالپے اور نیومنگلور ہیں سمندری پیداوار کی رسد ہندوستان کی معشیت کو بیش بہا زرمبادلہ دلاتی ہے۔

صنعتیں: کرناٹک ہندوستان کے چند بھاری عوامی حلقوں کی صنعتوں کا مرکز بنا ہے۔ ہندوستان ایروناٹکس لمیٹیڈ (HAL) ہندوستانی فضائیہ کے دیسی ہوائی جہازوں سے جڑی تحقیقات اور ترقی کے لیے پیش کیا ہے یہ کرناٹک میں قائم سب سے بڑا عوامی حلقہ والی صنعت ہے۔ تقریباً 9500 سے زیادہ ملازم اس میں ملازمت کرتے ہیں۔ نیشنل ایرو اسپیس لیبا ریٹریس (NAL) بھارت ہیوی الیکٹرکلس لیمیٹڈ (BHEL)، انڈین ٹیلی فون انڈسٹریس (ITI) بھارت ارتھ موورس لیمیٹڈ (BEML) بھارت الیکٹرنکس لیمیٹڈ (BEL)، ہندوستان مشین ٹولز (HMT) وغیرہ کرناٹک میں قائم عوامی حلقہ مصنوعاتی صنعتیں ہیں۔ میسور کی ٹی وی یس موٹر سائیکل پلانٹ، دھارواڑ کی ٹاٹا، موٹرز، بجلی کے آلات بنانے والی کمپنی کرلو سکر، اے، بی، بی، کاویکا، لارسن اینڈ ٹربو (L & T) وغیرہ کرناٹک کے دیگر اہم نجی حلقہ کی صنعتیں ہیں۔ انفوسس، وپرو، ٹی سی ایس کرناٹک کے انفارمیشن ٹیکنالوجی کمپنیاں ہیں کرناٹک حیاتیاتی ٹیکنالوجی کی صنعت میں بھی آگے ہے۔ اس نے قابل لحاظ وسائل اور مہارت رکھنے والوں کو بھی تیار کیا ہے۔ یہ صنعت پر منحصر بائیوٹیکنالوجی کی پالیسی کو اپنانے والی پہلی ریاستوں میں سے ایک ہے۔

بینکنگ: 1913 میں بھارت رتن سریم وسویشوریا نے اسٹیٹ بینک آف میسور وقائم کی۔ تب سے آج تک کرناٹک نے بینکنگ کے کاروبار میں اہم مقام حاصل کیا ہے۔ جنوبی کینرا اور اڈپی ضلعے بینکنگ کاروبار کے گہوارے کہلاتے ہیں۔ کینرا بینک، یہ سب عوامی حلقہ کی اہم بینک ہیں جن کے صدر دفتر ان دونوں ضلعوں میں قائم ہیں۔

©KTESS NOT TO BE REPUBLISHED


اسٹیٹ بینک آف انڈیا (SBI)

کیزا بینک ریاست میں علاقائی دیہی بینک (RRB) کی ذمہ داری اپنے سر لینے والی پہلی بینک ہے۔ موجودہ وقت میں ریاست میں 12 عوامی حلقہ کی تجارتی بینکس Axis (IDBI) بینک (ICICI) بینک انڈس بینک وغیرہ ریاست میں کام انجام دینے والی دیگر بینک ہیں۔

سیر وتفریح: کرناٹک کو اپنی وراثت اور روایات کی بدولت بہتر طرز کی سیر وتریح کی ترقی کے مواقع فراہم ہیں۔ 1988 سے ہی تفریحی کی صنعت کو کافی فروغ دیا گیا ہے۔ تفریحی ریاست کی معاشی اور سماجی ترقی کا سبب بنی ہے اور ساتھ ساتھ ماہر اور غیر ماہر ضرور کو بڑے پیمانے پر روم گار فراہم کرتی ہے۔ یہ نقل وحمل تجارت محنت باغبانی پھولوں کی کاشت اور بالکل چھوٹے چھوٹے اور اوسط پیمانے کی صنعتوں کی ترقی کے لیے بھی مددگار ہوتی ہے۔

بجلی: کرناٹک میں 4 صورتوں سے بجلی پیدا کی جاتی ہے۔ وہ یہ ہیں آبی توانائی، تھرمل توانائی، ہوائی توانائی اور شمسی توانائی ریاست میں آبی توانائی بجلی کی پیداوار کا سب سے بڑا ذریعہ ہے۔ بجلی پیدا کرنے والی اکائیاں کرناٹک پاور کارپوریشن لمیٹڈ (KPCL) کی ملکیت ہے۔ اور ان کے زیر انتظام چلتے ہیں۔ کرناٹک پاور ٹرانس میشن کارپوریشن لمیٹڈ (KPTCL) پوری ریاست میں بجلی کی تقسیم کی ذمہ دار ہوتی ہے۔


شمسی توانائی


بادی توانائی

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED


آبی توانائی

نقل وحمل اور مواصلات: نقل وحمل ریاست کی رگ جان ہے زراعت صنعت کان کنی تجارت وغیرہ معاشی سرگرمیاں نقل وحمل کے نظام پر انحصار کرتے ہیں۔ منظم نقل وحمل کے بغیر معاشی ترقی ممکن نہیں۔ لہٰذا نقل وحمل معاشی نظام کے لئے کلیدی رول نبھاتا ہے۔ اقتصادی ترقی کے لئے برّی نقل وحمل، بحری نقل وحمل اور فضائی نقل وحمل مددگار ہیں۔

برّی نقل وحمل (Road Transport): کرناٹک میں سڑکوں کا ایک وسیع نیٹ ورک ہے۔ سڑکیں ریاست کے ہر کونے کو جوڑتی ہیں۔ وہ دیہی اور شہری دونوں علاقوں کے لئے بنیادی ڈھانچے کے طور پر کام کرتے ہیں۔ ''پردھان منتری گرام سڑک یوجنا'' کے تحت نجی سرمایہ داروں کے تعاون سے اہم سڑکیں اور پُل بنائے جارہے ہیں۔ ہر گاؤں کی اہم سڑکیں اس سے منسلک ہیں۔ کرناٹک اسٹیٹ روڈ ٹرانسپورٹ کارپوریشن (KSRTC) ایک سرکاری ادارہ ہے، جو اپنی موٹر پبلک ٹرانسپورٹ کے لئے جانا جاتا ہے۔ موثر کام کرنے اور کارآمد عمل کے لحاظ سے ریاستی حکومت نے اس ادارے کو چار کارپوریشنوں میں تقسیم کیا ہے۔

(1) کرناٹک اسٹیٹ روڈ ٹرانسپورٹ کارپوریشن (KSRTC)
(2) بنگلورو مہانگر اٹرانسپورٹ کارپوریشن (BMTC)
(3) نارتھ ویسٹ کرناٹک اسٹیٹ روڈ ٹرانسپورٹ کارپوریشن (NWKRTC)
(4) کلیانہ کرناٹک اسٹیٹ روڈ ٹرانسپورٹ کارپوریشن (KKRTC)

ریلویز: ریلوے کی نقل وحمل ریاست کے سماجی، اقتصادی ترقی اور یکجہتی کے لئے بڑی حصّہ داری دے رہی ہے۔ ملک کے زیادہ تر دارالحکومت کے شہروں کو بنگلور سے ریلوے ٹرانسپورٹ کے ذریعے سہولت فراہم کی جاتی ہے۔ ریلوے اسٹیشنوں کو بہتر بنایا گیا ہے۔ ریلوے کی ہموار نقل وحمل کے لئے الیکٹرانک سگنلنگ سسٹم نصب کیا گیا ہے۔ جنوبی مغربی ریلوے زون کا مرکزی دفتر ہبلی میں ہے۔ ریاست کے تمام ریلوے راستے اس انتظامیہ کے تحت آتے ہیں۔ یہ نقل وحمل نہ صرف مسافر بلکہ سامان بھی لے جاتی ہے۔

بحری نقل وحمل: ریاستِ کرناٹک کی ساحلی لائن 320 کلومیٹر لمبی ہے، جس میں ایک بڑی بندرگاہ اور 13 چھوٹی بندرگاہیں ہیں۔ منگلورو کی نئی بڑی بندرگاہ مرکزی حکومت کی ملکیت میں ہے۔ باقی بندرگاہیں ریاستی حکومت کی ملکیت میں ہیں۔ ان میں کاروار، بیلیکیری، مالپے اور نیو منگلورو بندرگاہوں پر کافی مقدار میں سامان لایا جاتا ہے۔

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

ریاستی بحری نقل وحمل نے دنیا کی کئی ریاستوں اور بہت سے ممالک کے ساتھ رابطے کی سہولتیں فراہم کی ہیں۔

فضائی نقل وحمل: صفائی حمل ونقل تیز رفتار نقل وحمل مانا گیا ہے۔ یہ ساز وسامان اور مسافروں کو بالکل کم عرصہ میں ایک جگہ سے دوں سری جگہ کو پہنچاتے ہیں۔ یہ ریاست کے اندرونی اور بین الاقوامی کاروبار کے لئے بے حد کارآمد ہے۔ بنگلور کے قریب دیون ہلی میں ملک کا پہلا گرین فیلڈ انٹرنیشنل ایرپورٹ بنایا گیا۔ یہ ریاست کی زراعت، صنعت، بائیوٹیکنالوجی، ٹیکنالوجی، مواصلاتی ٹیکنالوجی وغیرہ حلقوں کی ترقی کو اہمیت دے رہا ہے۔ کرناٹک کے دیگر شہروں جیسے منگلورو، ہبلی، بیلگاوی، کلبرگی، شیموگہ اور میسورو میں بھی ہوائی اڈوں کو قائم کیا گیا ہے۔ ہوائی اڈوں کو بھی ترقی دینے کے متعلق حکومت کوشش کررہی ہے۔

مواصلات: ریاست میں مواصلاتی نظام عوامی اور نجی دونوں شعبوں کے ذریعے سے چلائے جاتے ہیں۔ بھارت سنچار نگم لمیٹڈ (BSNL) کے ساتھ ساتھ ریاست میں مواصلاتی خدمات انجام دینے والے نجی شعبے کی کمپنیاں یہ ہیں۔ اوڈافون، بھارتی ائیرٹیل، ریلائنس جیو (Jio) وغیرہ۔

صحت اور تعلیم: کرناٹک نے اپنے عوام کی صحت کی صورت حال کو بہتر بنانے میں قابل لحاظ ترقی کی ہے۔ دیہی اور شہری علاقوں میں طبی خدمات پہنچانے میں کافی اہم ترقی حاصل کررہی ہے۔ کم سے کم ضروریاتی پروگرام کے تحت دیہی علاقوں میں پہنچائی جانے والی سہولیات پرائمری ہیلتھ سینٹر میں لوگوں کی ضروریات پوری کی جارہی ہیں۔

2021-22 کے مطابق کرناٹک میں کل 2396 پرائمری ہیلتھ سینرس 9476 چھوٹی سینٹرس اور 202 کمیونٹی ہیلتھ سینٹرس کام انجام دے رہے ہیں۔ صحت اور خاندان کی فلاحی خدمات کے محکمہ نے عوامی اہمیت کے کئی قومی اور ریاستی طبی پروگرام رائج کئے ہیں اور مختلف طرز کے صحت اور طبی اداروں کے ذریعہ ریاستی عوام کی منظم صحت کی حفاظت کے خدمات مہیا کرتی ہے۔ مثلاً جننی سرکشا یوجنا، تائی بھاگیہ، یششونی، مڈیلو وغیرہ۔

تعلیم: کرناٹک کی معاشی ترقی زیادہ تر سماجی معلومات پر مبنی ہے۔ ریاست کے لوگوں کو اعلی معیاری تعلیم کو یقینی بنانے کے لئے عوامی سرمایہ کو بڑھا کر تعلیمی میدان میں کئی اہم سدھار لانے کی کوشش میں ہے۔

کرناٹک میں پرائمری اسکول، ہائی اسکول، پری یونیورسٹی کالج اور یونیورسٹیاں ہیں، جو معیاری تعلیم فراہم کررہی ہیں۔ کرناٹک ہندوستان میں تیزی سے اُبھرنے والی ریاستوں میں سے ایک ہے۔ 2011 میں 75.36% فی صد خواندگی حاصل کی ہے۔ کرناٹک حکومت نے ''کرناٹک معلوماتی کمیشن'' قائم کیا ہے۔ خدماتی اداروں میں بڑھتی ضروریات کو پورا کرنا۔ اس کے ساتھ ساتھ عالمگیر مسائل کا سامنا کرنا ہے۔ مندرجہ بالا تمام شعبے باہمی تعاون کے ساتھ کرناٹک کی اقتصادی ترقی میں اپنا اپنا رول نبھارہے ہیں۔

NOT TO BE REPUBLISHED © KSEEB

مشقیں

I. خالی جگہوں کو مناسب الفاظ سے پُر کیجئے؛

1. ہندوستان کا اہم پیشہ ———— ہے۔
2. صحت اور تعلیم ———— حلقوں پر مشتمل ہیں۔
3. کرناٹک کا کل جغرافیائی رقبہ ———— ہے۔
4. 1913 اسٹیٹ بینک آف میسور ———— نے قائم کیا۔
5. مصنوعاتی سرگرمیاں ———— حلقے سے جڑی ہیں۔
6. کرناٹک کی ساحلی لائن ———— کلومیٹر لمبی ہے۔
7. اعلیٰ تعلیم کی توسیع کے لیے حکومت کرناٹک ———— کمیشن قائم کی ہے۔
8. جدید معاشی سدھار لانے والی پالیسی ———— میں جاری ہوئی۔

II. ذیل کے جوابات لکھئے؛

9. ابتدائی حلقے کی تعریف کیجئے۔
10. ہندوستانی زراعت کے اہم زرعی شعبوں کی اہمیت کو واضح کریں۔
11. صنعتی حلقہ کی اہمیت بیان کریں
12. کن اضلاع کو ''بینکنگ کاروبار کے گہوارے'' کہا جاتا ہے؟
13. گاندھی جی کے مطابق تعلیم سے کیا مراد ہے؟
14. صنعتی گروہوں کے متعلق بتائیں۔
15. کرناٹک کی اہم آبپاشی کی فہرست تیار کریں
16. عالمی ادارۂ صحت (WHO) کے مطابق صحت سے کیا مراد ہے؟

III. سرگرمیاں؛

1. ثلاثی حلقہ کو پوری دنیا میں اونچا مقام حاصل ہے۔ صحیح معلومات کے ساتھ اس کی حقیقی تصویر نکالیں۔
2. اپنے علاقے کی صنعتوں کی فہرست بتاتے ہوئے انکی درجہ بندی کریں۔

IV. منصوبہ؛ مختلف اقتصادی سرگرمیوں کی وضاحت کرتے ہوئے کرناٹک کی معشیت کا منصوبہ بنایئے۔

...

©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

باب - 16

تجارتی انتظامیہ

اس باب میں درج ذیل نکات معلوم کرلیں گے؛

- تجارت کے معنے
- تجارت کے اہم اصول
- فیصلہ لینے کی اہمیت اور اس کا عمل
- تجارت کے عملی احاطے

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

لفظ ''انتظامیہ'' کسی مطالعہ کے شعبہ یا کسی معلوماتی شعبہ کے لیے بھی استعمال ہوتا ہے۔ جے۔ کے۔ ہیز (J.K.Hayes) کے مطابق ''انتظامیہ لوگوں کے ذریعہ حالات کو پایہ تکمیل تک پہنچانے کا فن ہے۔'' جارج آرٹیری (George Artary) کے مطابق ''انتظامیہ اپنے مقصد کو پورا کرنے عوام اور قدرتی وسائل کے استعمال سے ادارے کے اہم فیصلے اور حاصل کرنے کے طریقہ، کارکردگیاں، لگن اور محنت اور تمام کے مساوی استعمال کا علیحدہ عمل ہے۔''

اُوپر ذکر کئے گئے بیانات سے پتہ چلتا ہے کہ انتظامیہ اپنے مقاصد کو لوگوں کی جانب سے پایہ تکمیل تک پہنچانے کا عمل ہے۔ انتظامیہ اُصول پسند کاموں کا مجموعہ ہے۔

مثلاً (a) منصوبہ (b) تنظیم (c) عملہ (d) راہ نمائی (e) تعاون (f) اعتبار

انتظامیہ کے اصول (Principles of Management) :

تجارتی ادارہ، اچھے انداز سے اور صحیح طریقہ سے کام انجام دینا ہو تو چند اصول کو اپنانا ضروری ہوتا ہے۔ **ہنری فیول** کے اصول مندرجہ ذیل ہیں۔

1. کام کی تقسیم:

کام کرنے والا یا ملازم پیشہ کے درمیانی کام کی تقسیم سلیقہ سے تقسیم کرنا ضروری ہے۔ اس سے اشیا کی

تیاری میں اضافہ ہوتا ہے اور منافع بھی زیادہ ہوتا ہے۔ جس کی وجہ اشیا کی تیاری میں نقصانات کی کمی ہوگی ایسے اصول ادارے کے دیگر مرحلے میں رائج کر سکتے ہیں۔

2. **حاکم اور ذمہ داری:** یہ اصول حاکم اور ذمہ دار سے جڑے ہوتے ہیں۔ ان دونوں ذرائع سے حاکم اور ملازم کے ذمہ داریاں واضح کرتا ہے اور اسے دونوں ذرائع حاکم کی عقل مندی، جدید تجربہ، پرانے تجربہ، اخلاقی کردار وغیرہ پر مشتمل ہیں۔

3. **نظم ونسق:** یہ اُصول پر درجہ کے نمائندوں اور افسروں میں مضبوط نظم ونسق قائم کرنے سے منسوب ہے۔ یہ اُصول انتظامیہ کے مقاصد کو پورا کرنے کی یقین دہانی دیتے ہیں۔ نظم ونسق کے لئے سُلجھے ہوئے اور بہترین اعلی احکام ہونے چاہئے۔ اس میں سزا دلوانے کا عدالتی اختیار بھی شامل ہے۔

4. **ایک جیسا حکم:** ایسے اصول سے ملازم اپنے سے برتر افسر کے حکم کو انجام دینا ضروری ہوتا ہے۔

5. **سمت کا اتحاد:** ایک ہی مقصد کے ساتھ کمپنی میں ہر گروکا ایک سربراہ ہونا ضروری ہے اور اسے ایک منصوبے کے ذریعے مکمل کیا جائے۔

6. **ایک جیسا انتظام:** یہ اصول ایک ہی مقصد سے جڑی ہوئی اجتماعی سرگرمی کے ہیں جو ایک حکم پر کام انجام پاتا ہے۔

انفرادی خواہش کو مجموعی خواہش کے تابع کرنا: اس اصول کے تحت انفرادی خواہش، الگ الگ خیالات کی بنا عام تکمیل کو پہنچنے کے لیے رکاوٹ پیدا نہ کرنا۔

7. **مزدور کی تنخواہ:** اس اصول کے تحت مزدور کی تنخواہ اطمینان بخش ہونی چاہیے۔

8. **مرکزی انتظامیہ:** اس اصول کے تحت مرکزی عہدہ دار، تجارت اور کارکردگیوں کو صحیح نتیجہ پر پہنچانے والا ہو۔

9. **درجوں کی کڑی:** اس اصول کے تحت ہر تنظیم میں عہدہ دار کے درجے ہونے چاہیں عہدہ دار کی تنخواہ، عہدہ دار اور مزدوروں کے درمیان واضح ہونی چاہیے۔

10. **ترتیب:** اس اُصول کے مطابق انسانی اور مادّی وسائل کا صحیح وقت پر صحیح جگہ پر ہونا ضروری ہے۔

NOT TO BE REPUBLISHED @KTBS

11. برابری: اس اصول کے تحت عہدہ دار افسران اور عام مزدور کے درمیان آپسی سمجھوتا اور میل جول ہونی چاہیے۔

12. مزدور اور عہدہ دار کا استحکام: انتظامیہ، مزدوروں کو استحکام کا عمل اپنانا چاہیے مزدور گروہ کو اپنا کام پسندیدہ نظر نہ آئے تو افسر اسے نکال دینے کو کہتا ہے۔ کام کرنے والا مزدور جلد ہی اس ادارہ سے چھٹکارہ لے لیتا ہے۔

13. اقدام: انتظامیہ کے اقدام دلی جذبے کے ذریعے پورے ارادے کے ساتھ اچھے کام انجام دیتے ہوئے پائے تکمیل تک پہنچنا چاہیے۔

14. یکتا کی طاقت (Espirit de corps): اس اصول کے تحت ایک تنظیمی گروہ کے تمام مزدور یکجوئی کے ساتھ اپنا ہی کام سمجھ کر کام انجام دینا۔

تنظیمی جدوجہد کے فیصلے

کام اور کارکردگی کے فیصلے، تجارتی انتظامیہ کی ایک اہم کاروائی ہوتی ہے یہ کاروائی کی سرگرمیوں میں ایک اہم سرگرمی کہلاتی ہے۔

فیصلے لینے کی اہمیت: رائے مشورہ سے ہی فیصلے لیے جاتے ہیں۔ ہر ایک تجارتی گروہ اپنے ہی ایک مقصد اور ہدف رکھتا ہے۔ یہ اپنی منزل اور مطلب پانے کی خاطر ایک فیصلہ لینا ضروری ہے۔ چھوٹی کاروائی میں بھی بہت سارے اختیارات ہوتے ہیں۔ مثلاً ایک تاجر اشیا کو ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانے کے لیے اسے اشیا کی نقل وحمل کے لیے موٹر گاڑی ٹیمپو، ریل، یا ہوائی جہاز کا استعمال کرتا ہے۔ اسے عملی فیصلہ یا ارادہ کہتے ہیں۔ یہ فیصلے تجارت میں سب سے اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ صحیح فیصلے لینا تجارت کی غرض سے سب سے عمدہ طریقہ ہے۔ جدید بھارت میں عروج پر آنے والے تجارتی ادارے عمل میں آتے ہیں۔ آنے والے دور میں اور زیادہ تعداد میں اسے ادارے عمل پیرا ہوں گے۔ اس لیے اچھے فیصلے لینے کی ضرورت اہمیت رکھتی ہے۔ فیصلے لینے کے طریقوں کو دو حصوں میں بانٹا جاسکتا ہے۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

(1) انفرادی فیصلہ (2) اجتماعی فیصلہ

تنہا (اکیلا) تجارت چھوٹے پیمانے کی تجارت ہوتی ہے۔ اکیلا ہی فیصلہ لینا ہے۔ اسے انفرادی فیصلہ کہتے ہیں۔ یہ فیصلہ شخصی قابلیت پر منحصر ہے۔

ایک گروپ کے ذریعے لیے جانے والے فیصلے کو اجتماعی فیصلے کہتے ہیں حصہ دار ادارے، اجتماعی مالی امداد کے ادارے کوآپریٹیو ادارے وغیرہ

فیصلہ اور عمل کے اہم کردار:

(i) پایہ تکمیل کی نشاندہی کرنا (ii) تکمیل کا اندازہ

(iii) دیگر فیصلوں کی تلاش (iv) تخمینہ عمل

(v) معقول سوچ اور ارادے (vi) اندازہ

جائزہ: فیصلہ لینے کی اہمیت: تجارتی ادارہ میں آنے والی مشکلات کا صحیح فیصلے ہی اس کا حل ہوتے ہیں۔ اچھے اور صحیح فیصلے سے ہی ادارے اچھا نفع حاصل کرتے ہوئے صحیح راہ اختیار کرتے ہیں۔ اسی طرح غلط فیصلے لینے والے ادارے نقصان اٹھاتے ہیں۔ فیصلے لینے سے پہلے مندرجہ ذیل کو مدنظر رکھنا ضروری ہے۔

(1) وقت کا عنصر (2) تجربہ (3) عقل مندی (4) اٹل ارادے (5) ہمت/ دلیری

(5) صحیح طریقہ/ وضاحت

کوئی بھی ایک مشکل کا حل ڈھونڈنے کے لیے صحیح فیصلے کی ذریعہ ہی ہوسکتا ہے۔ فیصلہ لینے کے لیے مندرجہ ذیل کو اپنانا چاہیے۔

- مشکلات کا جائزہ
- انجام تک نتیجے کا خاکہ تیار کرنا
- متبادل طور طریقے اپنانا
- منصوبہ بندی کا خیال
- جلد اور صحیح فیصلے کی قوت رکھنا

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

انتظامیہ کا احاطہ: انتظامیہ دوسروں کے ذریعے کام کروانے کا ایک ذریعہ ہے۔ انتظامیہ دوسروں کے ذریعے کام کروانے کے لیے ایک کے بعد ایک طریقۂ کار کو اپنانا ہے۔ اس طرح بٹھانے والے سرگرمی کو انتظامیہ کا احاطہ کہتے ہیں۔

انتظامیہ کے کام کو انجام دینے کے لیے الگ الگ بڑے احاطہ کے ذریعے کام انجام دینا پڑتا ہے۔ مندرجہ ذیل اہم ہیں:

(1) منصوبہ/ پلان (4) راہ نمائی
(2) تنظیم (5) تعاون
(3) عملہ (6) اختیار

(1) منصوبہ/ پلان: یہ انتظامیہ کے حدود کا ایک اہم احاطہ ہے۔ پلان کے معنے مستقبل میں وقتی طور پر ہوکر گذرنے والے کام کا اندازہ جائزہ ہے۔ جس کی وجہ سے پلان کے ذریعے سے ادا کر کے مقاصد اور کارکردگیاں، کام کے فیصلے، سچائی طریقے کار، پروگرام کاروائی اور تخمینہ عمل میں آتے ہیں۔

(2) تنظیم: تنظیم کے معنے انسانی طاقت اور مادی وسائل دونوں کی ایکجوئی کے ہیں۔ چند اشیا اور مشینی وسائل کے ذریعے انسانی وسائل کو یک جوئی کر کے کام کروانا ہی ادارے کے اہم مقاصد ہوتے ہیں۔ ایسے کام کے لیے نمائندہ کو چن کر علاقائی حدود میں نمائندوں کے ذریعے ضروری سہولیات کے ساتھ الگ الگ ادوار میں مزدوروں کا ایک جیسا کام کرنے کروانے کا منشا ادارے کا ہوتا ہے۔

(3) عملہ: اس اصول کے ذریعے صحیح طریقہ سے تنظیم چلنے کے لیے مزدوروں کا تقرر صحیح انداز سے ہونا چاہیے۔ تقرر، رہاشی، تربیت کے ذریعے حاصل کی جائے گی۔

(4) راہ نمائی: اس اصول کے ذریعے کام کی تکمیل کے لیے مزدوروں کو رہ نمائی کرنا آپسی بحث و مباحثہ کے ساتھ سمجھوتا، ہدایت، بڑھ چڑھ کر حصہ لینے والی کارکردگی ہوتی ہے۔ نچلے طبقہ کے مزدوروں کو ہدایت اور حکم کے ذریعے کام کا جائزہ لیا جاتا ہے۔

©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

(5) تعاون: اس کے ذریعے اندازہ کئے گئے تکمیلی کام کے لیے مختلف ادارے کے ماہرین سے آسان فہم کے ساتھ سلیقہ سے کام انجام دیا جاتا ہے۔

(6) اختیار: یہ انتظامی کاموں کے لیے اہم کردار ادا کرتا ہے یہ تمام تجارتی انتظامیہ سرگرمیوں کو پورا کرتا ہے یہ تمام انتظامی کاموں پر نظر رکھتا ہے۔ اس کام کی تنظیم کے ہر اعلیٰ عہدہ دار انتظام کو انجام دینا ہوگا۔ قابو پانے کے اہم مقاصد یہ ہیں:

(الف) ادارے میں نظم وضبط کا ماحول پیدا کر کے کی جانے والی سرگرمی پورے طریقہ سے جوڑ کر عمل کیا جانا۔

(ب) ادارے کے تمام مجموعی صلاحیتوں کی ترقی کو بڑھاوا دینا۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

مشقیں

I. مندرجہ ذیل سوالات کے جواب ایک یا دو جملوں میں لکھئے۔

1۔ انتظامیہ کے معنے کیا ہیں؟

2۔ فیصلہ لینا کا مطلب کیا ہے؟

3۔ انفرادی فیصلہ اور اجتماعی فیصلہ کے بارے میں لکھئے۔

4۔ انتظامیہ کے اصول میں عہدادار کے ذمہ داریاں کیا ہیں؟

II. مندرجہ ذیل سوالات کے جواب چار یا پانچ جملوں میں لکھئے۔

5۔ ہنری فیول کے مطابق انتظامیہ کے اصول کیا ہیں؟

6۔ انتظامیہ کے کام کو انجام دینے والے احاطہ کونسے ہیں لکھئے۔

7۔ عہدادار اور ذمہ داری، مرحلے کی کڑی اور مرکزی اصولوں کے ساتھ تجارتی اداروں کی لائحہ عمل کے بارے میں لکھئے۔

8۔ تجارتی انتظامیہ میں لئے جانے والے فیصلے کی اہمیت کیا ہے؟

9۔ فیصلے کے کردار میں رکاوٹ آنے والے اہم اصول کونسے ہیں؟

10۔ فیصلہ لیتے وقت ذہن نشین کر لینے والے اصول کونسے ہیں؟

11۔ تنظیم اور ادارے انتظامیہ میں کونسے اہم کردار ادا کرتے ہیں؟

12۔ وہ کونسے کام ہیں جو تنظیم پر قابو رکھتے ہیں؟

13۔ اختیار کے اہم اصول کونسے ہیں؟

14۔ تجارتی انتظام میں راہ نمائی اور جوڑ کرا ہم کردار کیا ہیں؟

III. سرگرمی:

1. آپ کے پڑوس میں رہنے والے لوگوں میں شخصی تجارت کرنے والے اشخاص سے ملاقات کر کے جانکاری حاصل کر لیجیے کہ وہ روزانہ کس طرح کے فیصلے لیتے ہیں اور اس پر مضمون لکھئے۔
2. آپ کے نزدیک والے کوآپریٹیو سوسائٹی کو جا کر وہاں کے عہدہ دار سے مندرجہ ذیل جانکاری حاصل کیجئے۔

(الف) لائحہ عمل

(ب) ضروری اور کم از کم ارکان کی تعداد

(ج) تفصیلی تجویز (نوٹ)

☆☆☆

@KTES NOT TO BE REPUBLISHED